ارمغانِ امامِ ربّانی

جلد ہشتم

ترتیب و تدوین

ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس

باہتمام:

محمد ناظم بشیر

امامِ ربّانی پبلیکیشنز لاہور پاکستان

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ارمغانِ امامِ ربّانی رحمۃ اللہ علیہ

ترتیب و تدوین

ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس

ڈین فیکلٹی آف اسلامک اینڈ اورینٹل لرننگ
گورنمنٹ کالج یونیورسٹی، فیصل آباد

جلد ہشتم

باہتمام
محمد ناظم بشیر
امامِ ربانی پبلیکیشنز لاہور پاکستان

Marfat.com

سلسلہ اشاعت ۸

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ

297.4
ارم
1954
189408

نام کتاب	ارمغانِ امامِ ربانی (جلد ہشتم)
ترتیب وتدوین	ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس
پروف ریڈنگ	شاہد حسین
باہتمام	محمد ناظم بشیر نقشبندی مجددی
خطاطی	احمد علی بھٹہ
اشاعت	صفر المظفر ۱۴۳۹ھ/ اکتوبر ۲۰۱۷ء
ناشر	امامِ ربانی پبلیکیشنز لاہور پاکستان
صفحات	520

ملنے کا پتہ

35-C کمرشل ایریا، این ایف سی ہاؤسنگ سوسائٹی لاہور پاکستان

www.mujadidway.com

297.4 ارمغان امام ربانی، مرتب: محمد ہمایوں عباس شمس، ڈاکٹر
ارم

لاہور، امامِ ربانی پبلیکیشنز، 2017

ص 520

1۔تصوف

Marfat.com

فہرست

1۔	نعت رسول مقبول ﷺ	امام احمد رضا خان بریلویؒ	۱
2۔	منقبت	علامہ ڈاکٹر محمد اقبالؒ	۳
3۔	پیش گفتار	ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس	۵
4۔	افتتاحی کلمات	جمیل اطہر سرہندی	۱۷
5۔	خطبۂ صدارت	ڈاکٹر محمد اسحاق قریشی	۲۱

مقالات

6۔	عصر حاضر میں مجدد شناسی کی ضرورت و اہمیت	محمد طاہر شرف	۲۹
7۔	حضرت مجدد کا فکری احیاء	ڈاکٹر محمد نوید ازہر	۳۹
8۔	حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کا فقہی ذوق	ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس	۴۹
9۔	خلاصۃ المعارف کی اشاعت	پروفیسر محمد اقبال مجددی	۶۳
10۔	مجددی سلسلہ کے چھ مزید قلمی نسخوں کی بازیافت و اشاعت	محمد ناظم بشیر نقشبندی	۶۵

Marfat.com

گوشۂ تحقیقاتِ محمد اقبال مجددی

11۔	رسالہ وحدت الوجود	مولفہ مولانا عبداللہ لبیب سیالکوٹی بمقدمہ محمد اقبال مجددی	۶۹
12۔	کمالات مظہریہ	تالیف شاہ غلام علی دہلوی بمقدمہ مختصر محمد اقبال مجددی	۱۰۳
13۔	مجمع التواریخ	تصنیف حافظ غلام محی الدین کنجاہی بمقدمہ مفصل محمد اقبال مجددی	۲۵۵

گوشۂ تحقیقاتِ محمد ہمایوں عباس

14۔	کحل الجواہر	مولف حضرت شیخ عبدالاحد وحدت سرہندی بمقدمہ ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس	۳۳۳
15۔	رسالہ صاحبیہ	مولف حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانی مرتبہ آقای سعید نفیسی ترجمہ ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس	۳۵۷

Marfat.com

مکاتیب

17۔	مکاتیب ڈاکٹر محمد مسعود احمدؒ بنام پروفیسر محمد اقبال مجددی	۴۳۹

روداد

18۔	روداد امام ربانی مجدد الف ثانی بین الاقوامی کانفرنس منعقدہ ۲۶/نومبر ۲۰۱۶ء بمقام ایوان اقبال لاہور	محمد ناظم بشیر	۴۸۹
19۔	سابقہ کانفرنسز میں پڑھے جانے والے مقالات	محمد ناظم بشیر	۴۹۵

Marfat.com

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

عرش حق ہے مسند رفعت رسول اللہ کی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دیکھنی ہے حشر میں عزّت رسول اللہ کی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

قبر میں لہرائیں گے تاحشر چشمے نور کے
جلوہ فرما ہوگی جب طلعت رسول اللہ کی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

لَا وَ رَبِّ الْعَرْش جس کو جو ملا اُن سے ملا
بٹتی ہے کونین میں نعمت رسول اللہ کی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

وہ جہنم میں گیا جو ان سے مستغنی ہوا
ہے خلیل اللہ کو حاجت رسول اللہ کی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

سورج الٹے پاؤں پلٹے چاند اشارے سے ہو چاک
اندھے مجدی دیکھ لے قدرت رسول اللہ کی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Marfat.com

تجھ سے اور جنت سے کیا مطلب وہابی دُور ہو
ہم رسول اللہ کے جنّت رسول اللہ کی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ذِکر روکے فضل کاٹے نقص کا جویاں رہے
پھر کہے مردک کہ ہُوں اُمّت رسول اللہ کی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہم بھکاری وہ کریم ان کا خدا انُ سے فزوں
اور نہ کہنا نہیں عادت رسول اللہ کی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ٹوٹ جائیں گے گنہ گاروں کے فوراً قید و بند
حشر کو کھل جائے گی طاقت رسول اللہ کی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

یارب اک ساعت میں دُھل جائیں سیہ کاروں کے جُرم
جوش پر آجائے اب رحمت رسُول اللہ کی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اے رضاؔ خود صاحب قرآں ہے مداحِ حضور
تجھ سے کب ممکن ہے پھر مدحت رسول اللہ کی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Marfat.com

کلام اقبال

(بحضور حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ)

حاضر ہوا میں شیخ مجدد کی لحد پر
وہ خاک کہ ہے زیر فلک مطلع انوار

اس خاک کے ذروں سے ہیں شرمندہ ستارے
اس خاک میں پوشیدہ ہے وہ صاحب اسرار

گردن نہ جھکی جس کی جہانگیر کے آگے
جس کے نفس گرم سے ہے گرمیِ احرار

وہ ہند میں سرمایۂ ملت کا نگہبان
اللہ نے بروقت کیا جس کو خبردار

کی عرض یہ میں نے کہ عطا فقر ہو مجھ کو
آنکھیں میری بینا ہیں و لیکن نہیں بیدار

آئی یہ صدا سلسلہ فقر ہوا بند
ہیں اہل نظر کشور پنجاب سے بیزار

Marfat.com

عارف کا ٹھکانہ نہیں وہ خطہ کہ جس میں
پیدا کلہَ فقر سے ہو طُرہَ دستار

باقی کُلہَ فقر سے تھا ولولہ حق
طُروں نے چڑھایا نشہَ خدمتِ سرکار

اے

۱۔ محمد اقبال، ڈاکٹر، کلیات اقبال/ بال جبریل، اقبال اکادمی، پاکستان، لاہور، ۱۹۹۴، ص: ۴۸۸۔۴۸۹

Marfat.com

صلی اللہ علی حبیبہ سیدنا محمد والہ وسلم

پیش گفتار

حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ (۹۷۱۔۱۰۳۴ھ/ ۱۵۶۳۔۱۶۲۴ء) نے جس علمی، فکری و عملی اصلاح کا کام کیا زمانہ کبھی بھی اس کے ثمرات واثرات سے محروم نہیں رہ سکتا۔ آپ نے ایک ایسے دور میں اصلاح وتجدید کا بیڑہ اٹھایا جب حکومت مسلمانوں کی تھی مگر بادشاہ کا مزاج بگڑ چکا تھا۔ اس بگاڑ نے ہر سو ظلمات بعضھا فوق بعض کا نقشہ پیش کیا ہوا تھا۔ ظلمات کے اس دور میں آپ نے نور شریعت کی قندیل کو مضبوطی سے تھامے رکھنے کی تلقین کی۔ امت میں جب بھی ایسی صورت حال پیش آئی طریق مجدد رہنما اور رہبر ثابت ہوا۔

طریق مجدد کی اس ہمہ گیریت کی وجہ سے ہر دور میں فکر مجدد سے صاحبان قلم وقرطاس نے استفادہ کیا اور عوام کو ظلمات سے بچنے کی راہ دکھائی۔ ایسے ہی مخلصین میں صوفی غلام سرور نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ (1944ء/ 2009ھ) ہیں جن کا ہر لمحہ اور سوچ کا ہر دھارا فکر مجدد کی ترویج کے لئے گزرا۔ فکر مجدد کی تجدید کے لئے کتب کی اشاعت، سیمینارز کا انعقاد، دروس کا اہتمام اور افراد سازی جیسے کارہائے نمایاں انجام دیئے۔ جناب صوفی ناظم بشیر نقشبندی اسی سلسلہ کو آگے بڑھا رہے ہیں۔ گذشتہ سال امام ربانی مجدد الف ثانی بین الاقوامی کانفرنس ایوان اقبال میں 26 نومبر 2016 کو منعقد ہوئی۔ اس میں درج ذیل مقالہ نگاران شریک ہوئے۔

ڈاکٹر نوید ازہر ڈاکٹر معین نظامی ڈاکٹر افتخار احمد خان

Marfat.com

ڈاکٹر درمش بلگر ڈاکٹر اکرم ورک پروفیسر اقبال مجددی

ڈاکٹر مجیب احمد ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس

علاوہ ازیں پروفیسر ڈاکٹر محمد اسحاق قریشی اور جسٹس نذیر احمد غازی نے بھی اس موقع پر نہایت علمی وفکری خطابات فرمائے۔ ارمغان کی آٹھویں جلد میں اس کانفرنس کی روداد، مقالات اور اظہار خیالات کے علاوہ درج ذیل اہم تحقیقات بھی شامل ہیں۔

مجددی سلسلہ کے تین قلمی نسخوں کی بازیافت واشاعت

عصر حاضر میں مجدد شناسی کی ضرورت واہمیت

رسالہ وحدت الوجود مؤلفہ مولانا عبداللہ

مجمع التواریخ "تصنیف حافظ غلام محی الدین کنجاہی

کمالات مظہریہ" تالیف شاہ غلام علی دہلوی

حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانی کا رسالہ صاحبیہ"

حضرت شیخ عبدالاحد وحدت گل کا مختصر رسالہ "کحل الجواہر"

اسی طرح یہ آٹھویں جلد سابقہ جلدوں کی طرح ایک خالصتاً علمی وتحقیقی کام ہے جس سے محققین استفادہ کریں گے۔

حضرت مجدد کے افکار پر کام کروانے کے جس سلسلے کا آغاز حضرت صوفی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے کیا تھا وہ آج بھی جاری ہے۔ مختلف جامعات میں حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ/ سلسلہ نقشبندیہ پر علمی وتحقیقی کام ہوا۔ پاکستان کی جامعات میں ایم اے/ ایم فل/ پی ایچ ڈی کی سطح پر مختلف مقالات لکھے گئے ۔ یہاں اختصار کی خاطر موضوع اور مقالہ نگار کا نام درج کیا جاتا ہے تاکہ محققین اس کام سے استفادہ کرسکیں:

Marfat.com

1.(حضرت مجدد رحمۃ اللہ علیہ کے میر نعمان بدخشی کے نام مکاتیب: موضوعاتی مطالعہ) :سیدہ اویس

2.(افغانستان کے مشائخ مجددیہ کی علمی وفکری خدمات: تحقیقی جائزہ): حسن بیگ

3.(مجدد شناسی میں پروفیسر محمد اقبال مجددی کا کردار): محمد طاہر شرف

4.(اصلاح معاشرہ میں صوفیہ کا کردار: سلسلہ نقشبندیہ کا خصوصی مطالعہ): محمد پرویز

5.(برصغیر میں مجددی صوفیہ کی علمی و دینی خدمات: مجدد الف ثانیؒ تا شاہ عبدالغنی مجددی): رفعت اویس (پی ایچ ڈی)

6.(پاکستان میں فکر مجدد کے شارحین: تعارف وجائزہ): حافظہ آمنہ وسیم

7.(مشائخ نقشبند پنجاب کی علمی ودینی خدمات): محمد عظیم فاروقی

8.(مغلیہ حکمرانوں کی مذہبی پالیسی پر مجددی اثرات کا تحقیقی جائزہ): محمد کامران مسعود

9.(سلسلہ نقشبندیہ مجددیہ کے نامور صوفیائے کرام کی دینی واصلاحی خدمات): مہربان حسین

10.شیخ احمد سرہندی اور شاہ ولی اللہ بحیثیت مجدد تقابلی جائزہ): طاہر خان

11.(حضرت مجدد الف ثانی پر اردو مقالات کا توضیحی اشاریہ (جہان امام ربانی کا خصوصی مطالعہ): محمد آصف نواز

12.(موجودہ قومی مسائل کا حل مجدد الف ثانی کی تعلیمات کی روشنی میں) (۱)

:محمد عارف ایاز

13.مکتوبات امام ربانی کی شروح کا تقابلی مطالعہ (شرح مکتوبات قدسی آیات، البینات شرح مکتوبات): محمد ارشد

Marfat.com

14.(مکتوبات امام ربانی کے فکری وعملی پہلو: ایک تحقیقی مطالعہ): محمد عظیم

15.(حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کی دینی وعلمی خدمات): عظمت اللہ

16.(مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کا دعوتی طریقہ کار): صدف محمود

17.(مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کا تجدیدی کارنامہ): محمود منظور طور

18.(تحریک احیاء دین اور مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ: ایک تحقیقی جائزہ): شاہدہ پروین

19.(حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ اور ان کی خدمات): نادیہ ایاز

20.حضرت مجدد الف ثانی کا دعوتی منہج واسلوب: مکتوبات کی روشنی میں): محمد ابوبکر چیمہ

21.(حضرت مجدد الف ثانی کے برصغیر کے تصوف پر اثرات: تجزیاتی مطالعہ): صاحبزادہ سلطان العارفین

22.(سلوک نقشبندیہ کا مطالعہ: افکار امام ربانی کی روشنی میں): رفعت اویس (ایم فل)

23. Metaphysics of Shaikh Ahmad) Ghulam Mohammad Untoo(Sirhandi:

یہاں محققین کی رہنمائی کے لئے ان مقالات/مضامین کی ایک فہرست دی جارہی ہے جو مختلف رسائل وجرائد میں شائع ہوئے۔ یہ غیر مطبوعہ فہرست جناب محمد شاہد حنیف نے مرتب کی ان کے شکریہ کے ساتھ شامل کی جارہی ہے۔

ابصار عالم	شیخ احمد سرہندی کے خلاف جہانگیر کے عائد کردہ الزامات	ترجمان القرآن: جولائی 1978ء

Marfat.com

ابصار عالم	شیخ احمد سرہندی کے خلاف جہانگیر کے عائد کردہ الزامات	ترجمان القرآن : جولائی 1978ء
ابصار عالم	مجدد الف ثانی کی احیائے اسلام کی تحریک	چراغ راہ: جون 1964ء
ابصار عالم	مجدد الف ثانی کی تحریک احیائے اسلام	چراغ راہ: فروری 1970ء
ابوالاعلیٰ مودودی	مجدد الف ثانی	ترجمان القرآن: دسمبر 1940ء
ابوالخیر کشفی، سید	تجلیات محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت مجدد الف ثانی	السیرہ العالمی: اکتوبر 2005ء
ابوالخیر کشفی، سید	تجلیات محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت مجدد الف ثانی	(ماخوذ از ششماہی السیرہ العالمی) اکتوبر 2005ء
احسان الٰہی رانا	مجدد الف ثانی کا عظیم کارنامہ	المعارف: اپریل 1975ء
	شیخ احمد سرہندی (مجدد الف ثانی) کے نزدیک عقائد اہلسنت والجماعت	(مترجم: محمود احمد غازی + عبدالرسول) فکر ونظر: اپریل 2004ء

Marfat.com

احمد قادری، سید	عورت کا ایمانی عہد نامہ (مجدد الف ثانی کا مکتوب ایک خاتون کے نام)	الحق: اپریل 2004ء
اسحاق، محمد	مجدد الف ثانی اور فیضی و ابوالفضل کے تعلقات و اختلافات پر ایک اجمالی نظر	معارف: اپریل 1986ء
اسرار احمد اسلام	برعظیم پاک و ہند میں (مجدد الف ثانی، عبدالحق محدث، شاہ ولی اللہ)	حکمت قرآن: فروری 1990ء
شمیم طارق	امام ربانی مجدد الف ثانی اور ٹیپو سلطان	الحق: جولائی 2002ء
شمیم طارق	امام ربانی مجدد الف ثانی اور ٹیپو سلطان	معارف: مارچ 2002ء
صباح الدین عبد الرحمان	مجدد الف ثانی حضرت شیخ احمد سرہندی پر ایک اہم کتاب	معارف: دسمبر 1980ء
ظفر الاسلام اصلاحی	شیخ احمد سرہندی اور اہلِ حکومت میں شریعت کی ترویج	فکر و نظر: جنوری 2006ء
عابد صدیق	امت مسلمہ کے لیے مجدد الف ثانی کی دینی خدمات	نقیبِ ختمِ نبوت: مارچ 1990ء
عبدالرشید عراقی	مجدد الف ثانی اور ان کی تجدیدی مساعی (6 اقساط)	الاعتصام: اگست 1990ء

Marfat.com

عبدالقدیر سلیم	مجدد الف ثانی کا سیاسی ماحول	ترجمان القرآن: نومبر 1998ء
عزیز الرحمان سید	حضرت مجدد الف ثانی اور احیائے سنت	تحقیقات اسلامی: جولائی 2011ء
غلام حیدر ملک	مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی	صوت الاسلام: جنوری 1993ء
غلام عابد خان	حضرت مجدد الف ثانی کی تعلیمات کی فلسفیانہ بنیادیں	شمس الاسلام: نومبر 1987ء تا 1988ء
غلام مصطفیٰ	حضرت مجدد پر حرف گیری کا جائزہ (3 اقساط)	بینات: جلد 3 شمارہ 6، تا جلد 4 شمارہ 2
محمد اسحاق (ڈاکٹر)	شیخ احمد سرہندی اور ان کا مکتب محدثین: تذکرہ مجدد الف ثانی	(مترجم: شاہد حسین رزاقی) معارف: جولائی 1974ء
محمد اسلم	مجدد الف ثانی اور جہانگیر	الولی: فروری 1975ء
محمد اکرم وِرک	حضرت مجدد الف ثانی کا دعوتی منہج واسلوب	الشریعہ: مارچ 2009ء
محمد اکرم وِرک	میرزا عبدالرحیم کے نام مجدد الف ثانی کے خطوط	الشریعہ: جنوری 2012ء

Marfat.com

محمد امین	قاری، مجدد الف ثانی	الحق: جولائی 1966ء
محمد اویس سرور	شیخ احمد سرہندی کی تعلیمات اور ان کے عالمی اثرات	قافلہ ادبِ اسلامی: اپریل 2009ء
محمد ریاض محمود+ محمد اکرم وِرک	فرد کی تربیت میں حضرت مجدد الف ثانی کا منہج: میر محمد نعمان بدخشی کے نام مکتوبات کی روشنی میں	القلم: جون 2014ء
محمد عبدالحق انصاری	مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی حیات و خدمات	(مترجم: محمد مشتاق تجاروی) تحقیقاتِ اسلامی: جنوری 1999ء
محمد عظیم فاروقی	حضرت مجدد الف ثانی کی دینی و ملی خدمات کا تحقیقی مطالعہ	معارفِ اسلامی: جنوری 2016ء
محمد علی صدیقی	مجدد الف ثانی: اقبال اور تصوف	قومی زبان: دسمبر 1999ء
محمد ہمایوں عباس شمس	افکارِ مجدد الف ثانی کے ڈاکٹر محمود احمد غازی پر اثرات	معارفِ اسلامی: جنوری 2011ء
نجم الاسلام	مجدد الف ثانی کی تحریکِ احیائے دین اور اردو ادب	(تذکرہ/2 اقساط) چراغ راہ: اگست 1963ء

Marfat.com

نور احمد شاہتاز	حضرت مجدد الف ثانی کے فقہی افکار و نظریات مکتوبات کی روشنی میں	الثقافۃ الاسلامیہ: 2004ء
نور احمد شاہتاز	حضرت مجدد الف ثانی کے فقہی افکار و نظریات	فقہ اسلامی: جولائی 2001ء
یوسف سلیم چشتی	تعلیماتِ مجددی (مقتبس از مکتوباتِ مجدد الف ثانی)	ندائے حق: جنوری 1959ء
اسرار احمد (ڈاکٹر)	دعوتِ رجوع الی القرآن اور مجدد الف ثانی	حکمتِ قرآن: فروری 1987ء
اشہد رفیق ندوی	شیخ احمد سرہندی کے تجدیدی کارنامے: علمائے عصرِ جدید کی نظر میں	الحق: اکتوبر 2007ء
اشہد رفیق ندوی	شیخ احمد سرہندی کے تجدیدی کارنامے	تحقیقاتِ اسلامی: اپریل 2005ء
امان اللہ بھٹی + احسان الرحمٰن غوری	شیخ احمد سرہندی (مجدد الف ثانی) کا اصلاحِ تصوف میں کردار	القلم: جون 2010ء
اورنگ زیب اعظمی	مکتوباتِ امام ربانی، اعلاء عربی ادب کی مثال (مکتوباتِ مجدد الف ثانی)	معارف: اگست 2008ء

Marfat.com

جمال الدین صدیقی	مجدد الف ثانی اور مارکسی مؤرخین-1	برہان، دہلی: مارچ 1980ء
جمال الدین صدیقی	مجدد الف ثانی اور مارکسی مؤرخین-2	برہان، دہلی: اپریل 1980ء
حق نواز اعوان	مجدد الف ثانی کے سندھ پر روحانی اثرات	الولی: جنوری 1999ء
زوار حسین سید	مکتوباتِ حضرت مجدد الف ثانی کی ادبی خصوصیات	قومی زبان: مئی 1976ء
زوار حسین مجددی	اتباعِ سنت حضرت مجدد کی نظر میں	بینات: جلد 15 شمارہ 3
ساجد الرحمان، صاحبزادہ	امام ربانی (مجدد الف ثانی) کی تعلیماتِ تصوف	فکر و نظر: مارچ 1980ء
سعید احمد اکبر آبادی	ابو الحسن زید فاروقی کا مقالہ اور مجدد الف ثانی کی تعلیمات (اداریہ)	برہان، دہلی: اپریل 1975ء

اس فہرست سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ حیات مجدد آج بھی مسلمانوں کی علمی وفکری رہنمائی کے لئے منارہ ہدایت ہے اس کی وجہ صرف یہ ہے کہ امام ربانی رحمۃ اللہ علیہ کا پیغام اطاعت واتباع رسول تھا۔ آپ کی فکر کا محور ذات رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تھی۔

اس جلد کی تیاری، اور فکر مجدد کی ترویج واشاعت میں جو لوگ ہر صلہ کی تمنا سے بے نیاز ہو کر محنت کر رہے ہیں اللہ کریم انہیں فیضان مجدد سے بہرہ ور فرمائے۔ درج ذیل

Marfat.com

احباب کا خصوصی شکریہ۔

ڈاکٹر محمد اسحاق قریشی	جناب عرفان ظفر (چیف ایگزیکٹو ارحم سافٹ)
جناب جمیل اطہر سرہندی	جناب محمود صاحب (ارحم سافٹ)
جناب میاں محمد صادق قصوری	جناب رانا سیف اللہ
صاحبزادہ ابوالسرور محمد مسرور احمد	احسان الحق صدیقی
جناب محمد ناظم بشیر نقشبندی مجددی	ڈاکٹر کریم خاں
جناب ڈاکٹر عقیل احمد خان	پروفیسر حافظ عبدالمجید
جناب ڈاکٹر محمد فاروق حیدر	ڈاکٹر علی اکبر ازہری
جناب پروفیسر حافظ محمد نعیم	ڈاکٹر حسیب قادری
ڈاکٹر افتخار احمد خان	محمد شفیق عاصم
ڈاکٹر محمد اکرم ورک	خواجہ محبوب الٰہی
ڈاکٹر حافظ محمد سجاد	حافظ ذوالفقار علی
ڈاکٹر مطلوب رانا	حافظ فخر الزماں
جناب خواجہ عمر فیاض	حسن بیگ
جناب شاہد حسین	محمد عارف کوریجہ
جناب محمد راشد مگھالوی	بشریٰ فضل
جناب رضا الحسن قادری	رفعت اویس
رفعت اویس	ڈاکٹر عمرانہ شہزادی

Marfat.com

جناب ناظم بشیر بجا طور پر اس فکر کے امین ہیں جس پر حضرت صوفی رحمۃ اللہ علیہ گامزن رہے۔ اس فکری جانشینی کی وجہ سے حضرت مجدد علیہ الرحمہ پر ہونے والے ان کاموں میں اساسی و بنیادی کردار کے حامل ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی کاوشوں کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے۔ ربنا تقبل منا انک انت سمیع العلیم

ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس

۱۴/ محرم الحرام ۱۴۳۹ھ/ ۱۵ اکتوبر ۲۰۱۷ء

ڈین فیکلٹی آف اسلامک اینڈ اورینٹل لرننگ

جی سی یونیورسٹی، فیصل آباد

Marfat.com

افتتاحی کلمات

جمیل اطہر سرہندی

سب سے پہلے معزز مہمانان گرامی کا شکریہ کہ آپ نے اپنی مصروفیات سے وقت نکالا اور اس بابرکت تقریب میں شریک ہوئے، میں خاص طور پر ڈاکٹر محمد اسحاق قریشی صاحب کا ممنون ہوں جو عرصہ دراز سے مجدد الف ثانی سوسائٹی کی سرپرستی کررہے ہیں اور اس کی تقاریب میں جلوہ افروز ہوتے رہے ہیں کہ انہوں نے اپنی اس معذوری اور شدید علالت کے باوجود اس تقریب میں شمولیت کر کے ہماری عزت افزائی کی اور اسکی خیر و برکت میں اور زیادہ اضافہ کیا۔

جہاں تک مجدد الف ثانی سوسائٹی کا تعلق ہے میں یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتا کہ پاکستان میں حضرت امام ربانی کی شخصیت کا تعارف اور آپ کی تعلیمات کو عام کرنے میں شرقپور شریف سے تعلق رکھنے والی عظیم روحانی و عبقری شخصیت حضرت میاں جمیل احمد شرقپوری رحمۃ اللہ تعالی علیہ کی خدمات کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا، اسی طرح آپ کے خلیفہ مجاز حضرت صوفی غلام سرور نقشبندی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے بھی اپنے شیخ کے پاکیزہ مشن کو پوری جانفشانی اور لگن سے تادم آخر نبھایا، صوفی صاحب جو اپنی ذات میں ایک انجمن تھے، وہ ایک تحریک کا نام تھا، ایک ولولے کا نام تھا، ایک نصب العین تھا۔ آپ نے انتہائی نامساعد حالات میں کام کیا اور ساری زندگی قوم کو حضرت امام ربانی کی تعلیمات سے آگاہی میں گزار دی۔

Marfat.com

آج جب ہم اس تقریب میں اکٹھے ہیں ہم سپاس گزار ہیں حضرت میاں جمیل احمد شرقپوریؒ کے اور حضرت سرور ملت صوفی غلام سرور نقشبندی مجددیؒ کے اور ان تمام شخصیات کا شکریہ بھی واجب ہے جو اپنی بے پناہ مصروفیات کے باوجود اس مشن سے جڑے ہوئے اور اسکی اہمیت کا احساس رکھتے ہیں حقیقت تو یہ کہ حضرت امام ربّانی کی تعلیمات اور آپ کے فکر و فلسفے کو لوگوں کے دلوں اور اذھان میں راسخ کرنے کی ضرورت جتنی آج ہے شاید پہلے کبھی نہیں تھی۔

حضرت امام ربّانی مجدد الف ثانیؒ نے برصغیر میں دو قومی نظریے کی بنیاد رکھی اور یہ واضح کر دیا کہ ہندو اور مسلم میں کوئی قدر مشترک نہیں ہے۔ اسی فکر و فلسفہ سے شاعر مشرق متاثر ہوئے اور اس خطے کے لوگوں کو تعلیمات حضرت مجدد الف ثانیؒ کی روشنی میں بیدار کرتے ہوئے فلسفہ خودی پیش کیا۔

آج جب ہندوستان کی حکومت پاکستان کی طرف آنے والے آبی ذخائر سے ہمیں محروم کرنے کی سازشیں کر رہی ہے تو اسی ہندو ذھنیت سے آگاہی صدیوں پہلے ہی کر دی گئی تھی، اسی لیے حضرت امام ربّانی کی تعلیمات کی ترویج و اشاعت وقت کی بہت بڑی ضرورت بن چکی ہے۔ ہندو کے ذھن میں نفرت اور تعصب کا جو بیج صدیوں پہلے سے موجود ہے وہ آج تن آور درخت بن چکا ہے۔ ان حالات میں ہمیں نہ صرف اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنا ہے بلکہ اس سبق کو تازہ کرنا ہے جو سبق اتباع سنت کا ہے اور اتباع شریعت کا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے ہم ایسی مجالس میں شریک ہوں نہ صرف شریک ہوں بلکہ ایک نیا عزم، نیا حوصلہ اور نئی ہمت لے کر کے نکلیں اور حضرت

Marfat.com

امام ربّانی کے پیغام کو ہر سو پھیلا دیں اس پیغام کو جس قدر وسعت حاصل ہوگی اسی قدر پاکستان کو استحکام اور مضبوطی حاصل ہوگی۔

بدقسمتی سے مغرب، کفار اور مشرکین اس خطے کو زندہ سلامت نہیں دیکھنا چاہتے لیکن ہمارا ایمان ہے کہ جس ذات باری نے یہ معجزہ رونما کیا ہے اور ہمیں یہ پاک سرزمین عطا کی ہے وہ اس کی حفاظت بھی کرے گا۔ ہماری ذمہ داری ہے کہ دنیاوی ضروریات اور مصروفیات سے وقت نکال کر اپنے خلافت کے منصب کو مدنظر رکھتے ہوئے بھر پور کردار ادا کریں اور جو دین حضرت امام ربّانی اور دیگر بزرگوں کے ذریعے ہم تک پہنچا ہے اس دین کی رسی کو مضبوطی سے تھامے رکھیں اور اس پیغام کو لوگوں تک پہنچانے کے لیے اپنا وقت بھی دیں اور اپنا سرمایا بھی دیں اور اس کو زندہ تحریک بنا دیں۔ (شکریہ)

Marfat.com

Marfat.com

صدارتی خطبہ

ڈاکٹر محمد اسحاق قریشی

حضرت مجدد الف ثانیؒ برصغیر کے صوفیا میں ایک ممتاز مقام رکھتے ہیں، سب صوفیا کے ہم معترف ہیں، سب صوفیا کی عظمت وجلال کے ہم قائل ہیں، غیر مسلموں کو مسلمان کرنے فریضہ انجام دیا ہے۔ مجدد الف ثانی کا کارنامہ مختلف ہے، انہوں نے اسلام کے دائرے میں آنے کا اعلان کرنے والوں کی تصحیح کی ہے۔ آپ کے مخاطب غیر مسلم نہیں تھے، مسلمان تھے۔ آپ نے خود بھی لکھا کہ میں بغاوت نہیں کر رہا ہوں کیونکہ مسلمان حکومت ہے، حکومت کے مسلمان ہونے کا اعتراف بھی کر رہے تھے، جب جہانگیر کے خلاف مہابت خان نے بغاوت کردی اور وہ کامیاب ہونے والا تھا تو شدت سے اسے منع کر دیا کہ اس کی اصلاح کی ضرورت ہے بغاوت کی ضرورت نہیں۔

آپ کا یہ طریقہ تھا کہ امت کو راہ راست پر لایا جائے اور حکمرانوں کو راہ راست دکھائی جائے۔ جہاں تک ختم نبوت کی بات ہے تو ختم نبوت کے جراثیم اکبر کے دور میں لوگوں کے اندر پیدا ہو گئے تھے۔ جب شیخ فرید حج کے لیے گئے تو اکبر نے خط لکھا کہ اپنے کعبہ کو چھوڑ کر پتھر کے کعبہ کی طرف کیوں جا رہے ہو۔ یہ حالات تھے۔

حضرت مجدد الف ثانیؒ نے ان حالات میں تحریر کیا، آپ کی تحریرات کسی ادیب سے کم نہ تھیں۔ آج کی خانقاہیں علم سے خالی ہو گئیں ہیں۔ ایک جگہ فرمایا کہ تعلیم کے بغیر شخصیت کی صحیح تعمیر نہیں ہوتی۔

میں نے جب داتا علی ہجویری کی شہرہ آفاق تصنیف کشف المحجوب کا مطالعہ کیا

Marfat.com

تو میں نے غور کیا کہ اس کتاب کا پہلا باب ہی کتاب العلم ہے۔ یعنی کہ تصوف کی ابتداء ہی علم سے کر رہے ہیں۔ آج اس چیز کی بہت کمی آ گئی ہے۔

آپ دیکھیں حضرت مجدد الف ثانی بہت بڑی شخصیت ہیں لیکن حضرت امام ابوحنیفہ کے آگے جھکے ہوئے ہیں۔ یہاں تک لکھ گئے کہ مجھے شخصی طور پر امام شافعیؒ سے بڑی محبت ہے، کئی چیزیں مجھے ان کی پسند آئیں لیکن کیا کروں کہ امام ابوحنیفہ سامنے کھڑے ہو جاتے ہیں تو مجھے یوں معلوم ہوتا ہے کہ وہ سمندر ہیں اور یہ سب نالے ہیں۔

آپ کے دور میں صوفیاء اپنے اپنے مقامات کی جنگ لڑ رہے ہیں یہاں تک کہ مقام صحابیت اور مقام نبوت سے آگے جانے کے دعوے ہو رہے ہیں۔

حضرت امام ربانی لکھتے ہیں کہ صحابی کا مقام کتنے سے کتنا چھوٹا کیوں نہ ہو بڑے سے بڑا ولی بھی ان کے مقام تک نہیں پہنچ سکتا کیوں کہ انہوں نے چہرہ رسول کو دیکھا ہے۔ آپ نے لکھا کہ ولی خواہ اویس قرنیؒ کیوں نہ ہو۔

یہ جو تصور دیا ہے مجدد الف ثانیؒ نے کہ ایمان نام ہے میرے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھنے کا، ایمان نام ہے اس وجود کے گرد طواف کرنے کا، یہی اقبال بھی کہہ گئے:

بمصطفیٰ برساں خویش را کہ دیں ہمہ اوست
اگر باو نہ رسیدی تمام بولہبیست

اقبال کی فکر پر حضرت امام ربانی کی تعلیمات کا بہت گہرا اثر نظر آتا ہے، اسی لیے کہتے ہیں:

109401

Marfat.com

تین سو سال سے ہیں ہند کے مے خانے بند
اب تیرا فیض عام ہو اے ساقی

مجدد الف ثانیؒ فرماتے ہیں کہ قرآن پڑھتے ہوئے صاحب قرآن کی طرف نظر بھی رکھنا چاہیے، کیوں کہ قرآن کہتا ہے اسے پڑھتے ہوئے کوئی بہک بھی سکتا ہے اور کوئی سنبھل بھی سکتا ہے۔ سنبھلتا وہی ہے جو قرآن پڑھتا ہے اور نظر گنبد خضرا پہ رکھتا ہے، حتیٰ کہ شیخ سعدی کا شعر بھی نقل کیا

محمد عربی کابروی ہر دوسراست
کسے کہ خاک درش نیست خاک بر اوست

صحابہ سے پوچھا گیا کہ آپ نے نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا ہے، کہتے ہیں کہ ادب کی وجہ سے ہم اپنی نظریں جھکا کر رکھتے تھے، لیکن جب کبھی بھی آپ کے چہرہ پر نظر پڑتی تو آپ کا چہرہ قرآن کے ورق کی طرح نظر آتا۔

صحابہ کو قرآن بھی سرکار دو عالم کے چہرہ مبارک پہ نظر آتا تھا، ہم تو اوراق پر پڑھتے ہیں۔

دوسری بات جو میں کہنا چاہتا ہوں کہ تھوڑی سی ریاضت کر لی جائے، چلے کر لیے جائے تو سمجھتے ہیں کہ ہم تصوف کے امام ہیں۔ مجدد صاحب کا نقطہ نظر اس سے مختلف ہے، وہ لکھتے ہیں کہ سنت کی اتباع جس قدر تم میں زیادہ ہوگی اتنے ہی بڑے صوفی تم بنو گے۔ آپ لکھتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب عید الفطر کے لیے آتے تھے تو کچھ کھا کر آتے تھے، فرماتے ہیں کہ آج بھی کوئی محض اس نیت سے گھر سے کھا کر آئے خواہ

Marfat.com

ایک لقمہ ہی ہو فرمایا اس کو اتنا ثواب ملے گا کہ کئی راتیں تہجد بھی گزار کر بھی اتنا ثواب نہیں ملے گا۔ کیوں کہ ثواب میرے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت کے ساتھ جڑا ہوا ہے۔

سلسلہ نقشبندیہ میں بیعت ہیں اور صدیق اکبر رضی اللہ عنہ روحانی نسبت رکھتے ہیں، نسب کے حساب سے آپؓ کا شجرہ فاروق اعظم رضی اللہ عنہ سے جاملتا ہے۔ دونوں شخصیات کی عظمتیں آپ کے مبارک وجود میں نظر آتی ہیں۔ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے بارے میں ان کا عقیدہ ہے کہ کوکوئی وجود انبیاء علیہم السلام کے بعد صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے آگے نہیں ہے۔

صوفی کا کام چلّے کروانا نہیں ہے، صوفی کام عقیدوں کی صفائی (صیانت عقیدہ) ہے، تربیت اعمال ہے ۔اعمال کو منضبط کرے، عقیدتوں کو صاف کرے، یہی صوفی کا کام ہوتا ہے اور وہ کام انہوں نے کر کے دکھایا۔

جہانگیر کے آگے سب سر جھکاتے تھے، شاہ جہان نے آپ کی خدمت میں عرض کیا تھا کہ جہانگیر کے آگے نہ جھکیں، تھوڑا سا سر جھکالیں، آپ نے نہیں جھکایا ۔ جہانگیر نے پوچھا سر کیوں نہیں جھکایا، آپ کو خوف نہیں آتا فرمایا خوف آیا تھا لیکن ساتھ ہی اس ذات کا خوف آگیا جو کائنات کا رب ہے۔ تیرے خوف کے آگے اس کا خوف کھڑا ہو گیا تھا، میں نے اس کے خوف پر عمل کیا تھا تیرے خوف پر عمل نہیں کیا۔

واضح ذھن تھا، خالص تھا، ذھن سنت پر چل رہا تھا۔ فرماتے ہیں جب قیامت کے روز اللہ رب العزت کے سامنے جاؤ گے تو سوال ہوگا کہ شریعت پہ عمل کیا تھا کہ نہیں کیا تھا۔ بڑی واضح بات ہے کہ نجات شریعت پر چلنے میں ہے۔ آج بھی ہمارا ذوق بہک رہا

Marfat.com

ہے۔ دعوے تو بہت ہورہے ہیں۔ مسندیں علم سے خالی ہورہی ہیں۔ خود سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم علم میں اضافے کی دعا مانگتے تھے اور یہ بھی دعا فرماتے تھے کہ یا اللہ اس علم سے بچا جو نفع نہ دے۔

مجدد الف ثانیؒ فرماتے ہیں کہ شریعت پر عمل کرو، شریعت کامل ہے اس پر عمل میں ہماری نجات ہے۔

آج پاکستان کا وجود میں آنا ان کے کارناموں میں سے ہے، اگر کامیاب ہونا چاہتے ہو تو مجدد الف ثانیؒ کی فکر کے ساتھ جڑ جاؤ۔ حضرت مجدد الف ثانیؒ کے مکتوبات پڑھیے گا، کوشش کیجئے گا۔ میں نے اہل علم سے کہا ہے اسے موضوعاتی ترتیب دے دیجئے گا تاکہ طالب علموں کے لیے پڑھنا آسان ہوجائے۔ سب سے بڑی ہدایت کی بنیاد جو برصغیر میں پیدا کی ہے وہ مکتوبات نے کی ہے، اللہ تعالیٰ اسے پڑھنے کی توفیق دے، فکر مجدد پر قائم رہنے کی توفیق دے۔

Marfat.com

شیخ الاسلام عارف حکمت، مدینہ منورہ

تصویر بشکریہ صاحبزادہ محمد سعد سراجی مرشد بابا

Marfat.com

مقالات

Marfat.com

Marfat.com

عصر حاضر میں مجدد شناسی کی ضرورت واہمیت

محمد طاہر شرف

اصطلاح ''مجدد شناسی'' کا مفہوم اور مطلب یہ ہے کہ تعلیمات حضرت مجدد کو ہر اعتبار اور پہلو سے سمجھا جائے۔ عمیق اور گہرے مطالعے کے بعد نتائج اخذ کیے جائیں اور پھر عصر حاضر کے تقاضوں کا مشاہدہ کیا جائے اور پھر ان مشاہداتی تقاضوں سے مطابقت پیدا کرنے کے بعد عملی جدوجہد کو بروئے کار لایا جائے۔

شیخ مجدد الف ثانی جیسا کہ آپ کے لقب سے ظاہر ہے کہ آپ دوسرے ہزار سال کے لیے مجدد ہیں تو اس اعتبار سے یہ دعویٰ قطعی طور پر بجا ہے کہ ''عصر حاضر'' آپ کی مجددیت کے تابع ہے اگرچہ آپ کے بعد ہر صدی میں مجدد مائۃ آتے رہے ہیں لیکن سب مجدد مائۃ آپ ہی کی تعلیمات اور افکار کی ترویج واشاعت میں مشغول رہے۔

عصر حاضر میں آپ کی مجددیت کو تسلیم کر لینے سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ موجودہ دور میں امت کا پستی وزوال سے نکلنا اور طریق مستقیم پر گامزن ہونا اسی صورت پر ممکن ہے کہ حضرت شیخ کی تعلیمات وافکار کو سمجھا جائے، اسے عام کیا جائے اور اس پر عمل پیرا ہو کر کامرانی کے سفر کا آغاز کیا جائے یہی ''عصر حاضر میں مجدد شناسی کی ضرورت واہمیت'' کا بنیادی نکتہ ہے۔

مجددی تعلیمات کی ضرورت اور عصر حاضر

حضرت مجدد الف ثانی کے حوالے سے جتنا بھی کام ہو چکا ہے یا ہو رہا ہے قابل صد تحسین ہے لیکن عصر حاضر میں ان تعلیمات کی وسیع اشاعت اور امت

Marfat.com

کے قلوب و اذہان کو اس کی طرف مائل کرنا ایک ایسا پہلو ہے جسے نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔

اسلامی تاریخ صوفیہ کے تذکروں اور کارناموں سے بھری پڑی ہے، تصوف کے موضوع پر معرکۃ الآرا کتب موجود ہیں، کرامات کا وسیع ذخیرہ بھی ہے، تزکیہ نفس کی خاطر طویل مجاہدوں کا ذکر بھی ہے غرض کہ تقویٰ وطہارت، عرفان ومعرفت سبھی کچھ موجود ہے لیکن اصلاح معاشرہ میں کوئی نمایاں کامیابیاں نظر نہیں آتیں، شیخ مجدد کا یہی وصف امتیاز ہے کہ آپ نے زبوں حالی کا شکار امت کو پھر سے بیدار کیا۔ مجددی تعلیمات درحقیقت وہی اسلامی تعلیمات ہیں جن کا منبع ومرکز حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات عظیمہ ہے اور جسے پانے والے بغیر کسی مجاہدہ اور چلہ کشی کے پوری دنیا کے راہنماء بن گئے اور اس کی وجہ صرف یہ تھی کہ انہوں نے اپنا سب کچھ بارگاہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں پیش کر دیا کیوں کہ اس بارگاہ عظیمہ کو وہ اپنے ایمان وایقان کا مرکز اول تصور کرتے تھے۔ جب تک امت اپنے اس مرکزی نکتہ فکر سے جڑی رہی کامیابیاں ان کے قدموں پر نچھاور ہوتی رہیں اور اسلامی تشخص نہ صرف قائم رہا بلکہ اس کی روشنی پوری دنیا میں پھیلتی رہی، قیصر وکسریٰ کی عظمتیں ان خاک نشینوں کے سامنے جھک گئیں، دنیا کی بڑی سے بڑی طاقت ان کا راستہ روک سکی اور نہ ہی کوئی بڑے سے بڑا فلسفہ ان کے پیغام کے پھیلنے میں رکاوٹ بن سکا۔ اہل دنیا ان کو دیکھتے تو راستے کا تعین کر لیتے اور یہ تسلیم کیے بغیر نہ رہ سکتے کہ یہی وہ لوگ ہیں جو الہامی علوم کے وارث اور تلمیذان نبوت ہیں مگر یہ تمام تر اکرام واعزاز اس وقت تک موجود رہا جب تک امت نے اپنے مرکز کے ساتھ رابطہ استوار قائم رکھا۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اہل اسلام اپنے مرکزی نکتہ فکر سے دور

Marfat.com

ہوتے گئے تو آہستہ آہستہ مختلف اقسام کی قباحتیں اسلامی معاشرت میں داخل ہونے لگیں جو کہ ایک ہزار سال گزرنے کے بعد نشوونما پا کر تن آور درخت کی صورت اختیار کر گئیں حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت شیخ کو اس منصب جلیلہ پر فائز کیا تو آپ نے پھر سے پوری امت کو اسی مرکزی نکتہ پر جمع کرنے کی جدوجہد اس تسلسل سے کی کہ وہ نتیجہ خیز ثابت ہوئی۔

عصر حاضر میں دو باتوں کو پیش نظر رکھنا بہت ضروری ہے۔

<u>اول:</u> یہ کہ دیکھا جائے کہ حضرت شیخ نے اصلاح امت کے لیے امت کی کشتی کا رخ کس طرف موڑا اور اس کے لیے کیا طریق کار اختیا کیا۔ جہاں تک رخ موڑنے کی بات ہے تو آپ نے تمام تر باطل نظریات اور ان کے نتیجہ میں پیدا ہونے والے قبیح اعمال کے مقابل سنتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پیش کیا۔ مسائل میں آئمہ مجتہدین کی تقلید کو راہ نجات قرار دیا اور متصوفین کے لیے سنت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، اعمال صحابہ وتابعین کو بطور نمونہ پیش کیا۔

دوسری بات طریق کار کی ہے تو اس میں آپ کا بنیادی فلسفہ یہ معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے مصلحت نام کی کسی چیز کو قبول نہیں کیا کیوں کہ مصلحت جواز پیدا کرتی ہے۔ بقول اقبال:

پختہ ہوتی ہے اگر ہو مصلحت اندیش عقل
عشق ہو مصلحت اندیش تو ہے خام ابھی (۱)

تبلیغ کے طریق میں آپ نے اس دور کے تقاضوں کو اختیار کیا

۱۔ علامہ، ڈاکٹر محمد اقبال، کلیات اقبال (بانگ درا)، ص: ۲۷۸

Marfat.com

مزید یہ کہ آپ نے راسخ العقیدہ اور مخلص القلوب لوگوں کی ایک مضبوط جماعت تیار کی جنہوں نے آپ کی زندگی میں اور مابعد بھی آپ کی شروع کردہ تحریک کو جاری رکھا۔

مندرجہ بالا سطور میں جو معروضات پیش کی گئی ہیں ان کو مجدد شناسی کا ایک اجمالی خاکہ کہا جاسکتا ہے۔ عصر حاضر میں مجددی تعلیمات وافکار سے اہل علم اور عوام کو بہرہ مند کرنے کے لیے ایک مجدد شناس جماعت کی ضرورت ہے کیوں کہ مجدد شناس ہوئے بغیر افکار مجدد کی صحیح ترویج کا امکان کم ہوجاتا ہے۔ مجدد شناسی کی وضاحت اس طرح سے کی جاسکتی ہے کہ ایسے قابل اور محنتی افراد جو فکر مجدد میں ڈوب چکے ہوں اور آپ کی تعلیمات کے ہر پہلو پر گہری نظر رکھتے ہوں وہ جب گفتگو کریں یا کچھ لکھیں تو سامع یا قاری پر حضرت شیخ کی شخصیت کے کم وبیش تمام پہلو عیاں ہوجائیں۔

<u>دوئم</u>: اہم ترین سوال یہ ہے کہ آپ کے دور میں موجود خرابیوں اور عصر حاضر میں پیدا ہونے والی قباحتوں کے مابین تقابل کیا جائے تو کونسی قدر مشترک ہے؟ جواب اس کا یہ ہے کہ اشتراک تو تقریباً سبھی خرابیوں میں ہے لیکن ایک قدر مشترک ایسی ہے جو باقی ماندہ کو بھی اپنے دامن میں سمیٹے ہوئے ہے وہ ہے ہمارا بحیثیت امت ''اسلامی تشخص'' کا کھو بیٹھنا وہ حضرت شیخ کے دور میں بھی ناپید تھا اور آج بھی ہے۔ حضرت شیخ مجدد کے جملہ کارناموں کو اگر ایک جملے میں بیان کرنا مقصود ہو تو کہا جاسکتا ہے کہ حضرت مجدد الف ثانی نے اپنی تحریک احیائے دین کے ذریعے امت مسلمہ کے اسلامی تشخص کو بحال کیا جسے آپ کے خلفاء و متعلقین نے بعد میں بھی جاری رکھا۔

عصر حاضر میں امت مسلمہ کے احوال پر اگر طائرانہ نظر ڈالی جائے تو علی وجہ البصیرت یہ بات کہی جاسکتی ہے کہ آج بھی امت اپنے تشخص سے محروم ہو

Marfat.com

کر مقام وسط سے بہت دور اندھیروں میں ٹامک ٹوئیاں مار رہی ہے۔

اگر چہ حضرت مجدد کے دور میں اس کے اسباب اور تھے مگر عصر حاضر میں اس کے اسباب اور ہیں جن میں سب سے بڑا سبب عصر حاضر کا میڈیائی نظام ہے۔ اب ہماری ذمہ داری یہ ہے کہ عصر حاضر میں جو مجدد شناس حضرات موجود ہیں انہیں سرمایہ غنیمت سمجھتے ہوئے ان کی راہنمائی میں مجددی تعلیمات وافکار کو امت کے اہل علم پر پیش کیا جائے تا کہ وہ ان تعلیمات کو عوام تک پہنچانے کا ذریعہ بن سکیں۔ دیگر یہ کہ تمام تر ذرائع کو استعمال کرتے ہوئے، واعظین، خطبا، مبلغین کی سہ روزہ، پانچ روزہ یا ہفت روزہ ورکشاپیں منعقد کی جائیں۔ خانقاہوں اور مدارس خصوصاً جو نقشبندی سلسلہ سے متعلق ہیں وہاں پر مکتوبات امام ربانی کے دروس کا اہتمام منظم طریقہ سے کیا جائے۔

متصوفین عصر حاضر آئینۂ فکر مجدد میں

شیخ مجدد الف ثانی کے دور اور عصر حاضر کی دوسری بڑی قدر مشترک آپ کے دور کے صوفیۂ خام اور آج کے صوفیۂ عام ہیں۔ استثنیٰ تو بہر حال ہر دور میں اور ہر جگہ موجود رہتا ہے لیکن بات اس عموم کی ہوتی ہے جو ہر طرف پھیلا ہوا ہو۔

ہمارے ہاں تصوف کے نام پر بہت سارے طبقے موجود ہیں جن میں اول طبقہ حقیقی صوفیہ کا ہے جو صحیح منہج پر دینی وروحانی خدمات سرانجام دے رہا ہے۔ یہ طبقہ قابل تکریم وتعظیم ہے۔

طبقہ ثانی ان لوگوں پر مشتمل ہے جو عظیم المرتبت خانقاہوں کے متولی تو ہیں مگر اسلاف کی میراث گنوا کر ہاتھ پہ ہاتھ دھرے بیٹھے ہیں ان کا کام صرف تعویز و دم تک

Marfat.com

محدود اور عقیدت مندوں سے نذرانہ جات وصول کرنے میں لامحدود ہے۔ یہی وہ طبقہ ہے جو انتہائی اصلاح طلب ہے اور اس طبقہ کی اصلاح وقت کا اہم ترین تقاضا ہے۔ اس طبقہ کی صورت حال کو اس تمثیل سے سمجھا جا سکتا ہے کہ مئے نوشوں کی تو لمبی لمبی قطاریں لگی ہوں جب کہ مئے خانہ اجڑا ہوا ہو اور ساقی مختلف بیماریوں میں مبتلا ہو کر صاحب فراش ہو چکا ہو۔

میراث میں آئی ہے انہیں مسند ارشاد
زاغوں کے تصرف میں عقابوں کے نشیمن (۱)

یہی وہ طبقہ ہے جو عقیدت مندوں کے انبوہ کثیر کے لیے زہر ہلاہل کی حیثیت اختیار کر چکا ہے جسے مجددی انداز فکر کے تریاق کی اشد ضرورت ہے۔ اس لیے کہ طبقہ مذکورہ کا درست روش اختیار کر لینا معاشرے پر گہرے اثرات مرتب کر سکتا ہے۔ اور اب طبقہ ثالث کا ذکر کرتے ہیں تو یہ وہ طبقہ ہے جو ان نام نہاد متصوفین پر مشتمل ہے جو خود بھی جہالت کی تاریکیوں میں ڈوبے ہوئے ہیں اور عوام کا ایک مخصوص طبقہ ان کے زیر اثر ہے جو اعلانیہ شرعی احکامات اور اسلام کے نظام عبادات سے بیزاری کا اظہار کرتا ہے حتیٰ کہ بعض اوقات بات کلمات کفر تک جا پہنچتی ہے۔

یہ لوگ نہ تو صوفی ہیں اور نہ ہی ان کا تصوف سے کوئی تعلق ہے لیکن چونکہ ہمارے معاشرے میں ان کو صوفی تو کیا غوث، قطب کے القابات سے نوازا جاتا ہے لہٰذا ان کا ذکر کرنا ضروری سمجھا گیا۔ اس طبقہ کی صورت یہ ہے کہ مبہم، ذو معنی اور لایعنی قسم کی

۱۔ علامہ، ڈاکٹر محمد اقبال، کلیات اقبال (بال جبریل)، ص: ۴۵۸

Marfat.com

گفتگو سے دوسروں کو متاثر کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ دوسروں کو بے عملی کی تعلیم دیتے ہیں۔ علوم وفنون سے کوئی واسطہ نہیں مگر رہبر شریعت کہلاتے ہیں، تارک فرض وسنت ہیں مگر پیر طریقت کہلاتے ہیں، مؤکلات اور جنات کی تسخیر کا دعویٰ رکھتے ہیں۔ جُہلا ان کی شیطانی گفتگو کو روحانی القا سمجھتے ہیں اور ان کی شعبدہ بازیوں کو کرامات کا درجہ دیتے ہیں (نعوذ باللہ من ذالک) یہ طبقہ معاشرے میں ناسور کی حیثیت رکھتا ہے اور ضرورت اس امر کی ہے کہ مجددی تعلیمات کی فکری تلوار سے اس ناسور کو جڑ سے کاٹ پھینکا جائے تاکہ معاشرے کو اس سے فکری امان حاصل ہو سکے۔

مغرب زدہ طبقہ اور تعلیمات امام ربانی

حضرت شیخ مجدد الف ثانی کے دور اور عصر حاضر کی ایک اور قدر مشترک یہ ہے کہ اس دور میں اسلامی معاشرے پر اکبر اور اس کے درباری علماء سوء کی طرف سے الحادی فکر کی یلغار کی گئی جس کے نتیجے میں خدا اور رام، مسجد اور مندر کو یکساں حیثیت دی جانے لگی گویا کہ لوگوں کے ذہنوں سے حق اور باطل میں فرق کا تصور کمزور ہونے لگا جس سے اسلام کے روشن تصور کے داغدار ہونے کا شدید خطرہ پیدا ہو گیا تو حضرت مجدد الف ثانی نے اپنی تمام تر تبلیغی قوتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے علماء مصلحین اور اپنے متعلقین کو یہ بات باور کرائی کہ حق اور باطل دو الگ اور مختلف چیزوں کے نام ہیں جو کہ کبھی بھی آپس میں اکٹھے نہیں ہو سکتے اور حق باطل کے ساتھ مل کر کبھی حق نہیں رہ سکتا اور آپ نے اس مسئلہ پر بڑی شرح وبسط کے ساتھ گفتگو فرمائی اور اس مسئلہ میں آپ کا فلسفہ یہ ہے کہ جس قدر حق اور باطل کا ادراک زیادہ ہوگا اسی قدر نیکی اور بدی میں تمیز زیادہ ہوگی اسی

Marfat.com

طرح اگر حق و باطل میں امتیاز کا ادراک نہ ہو یا کم ہوتو پھر حلال وحرام اور خیر وشر کا امتیاز بھی قائم نہیں رہتا۔ عصر حاضر میں ہمارے مغرب زدہ طبقے کی صورت حال بھی کچھ ایسی ہے کہ وہ فلسفہ مغرب کے زیر اثر اسلامی شعائر پر تنقید کرنے سے بھی نہیں رکتے حالانکہ انہیں اتنی سی بات بھی سمجھ نہیں آتی کہ جس غیر اسلامی تہذیب کے وہ دلدادہ ہیں اسکے اندر تو ادارک کی یہ قوت بھی نہیں کہ وہ بکری جیسے ایک صاف ستھرے جانور اور کتے اور سور جیسے غلیظ اور گندے جانور میں فرق ملحوظ رکھ سکیں وہ تو ان سب کو برابر سمجھ کر کھا جاتے ہیں یہ محض اس لیے ہے کہ ان کے اندر حق کی روشنی نہیں ہے بلکہ باطل کی تاریکی ہے جس کی وجہ سے وہ یہ فرق ملحوظ نہیں رکھ سکتے تو وہ اقوام جو حق کے نور سے بہرہ مند نہیں ۔ہم اسلامی تہذیب کے حاملین کے لیے نمونہ یا آئیڈیل کیسے ہوسکتی ہیں۔ ہمارے لیے تو نمونہ اور آئیڈیل صرف اور صرف حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات پاک ہی ہے یہی وہ تصور ہے جسے اکبری دور میں دھندلا کرنے کی سازش کی گئی اور اسی تصور کو امت میں پوری طرح اجاگر کرنے کے لیے حضرت مجدد الف ثانی نے رسالہ ''اثبات النبوۃ'' تحریر کیا اور پوری امت بالخصوص برعظیم میں رہنے والے الحادی فکر سے متاثر مسلمانوں کا رخ اپنے مرکز کی طرف موڑ دیا۔

آج بھی ضرورت اس امر کی ہے کہ اہل علم و دانش اور صاحبان قلم وقرطاس حضرت مجدد کی دی ہوئی اس فکر کو آگے بڑھائیں تا کہ اپنے مغرب زدہ طبقہ کی سوچ میں تبدیلی پیدا کر کے اپنی اصل کی طرف لایا جاسکے۔

جس طرح حضرت مجدد الف ثانی نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات اور سنت سے عشق ومحبت کا درس دے کر امت کی ناؤ ڈوبنے سے بچائی آج بھی مصلحین امت کی یہ

Marfat.com

ذمہ داری ہے کہ امت کی ہچکولے کھاتی ہوئی اس کشتی کو ڈوبنے سے بچائیں اور یہ بات علی وجہ البصیرت کہی جاسکتی ہے کہ اگر حضرت مجدد الف ثانی کے افکار کی روشنی میں آپ کے طرز عمل کے نقوش پر قدم آگے بڑھائے جائیں تو مذکورہ امور میں کامیابی سہل اور ممکن ہوسکتی ہے۔

Marfat.com

Marfat.com

حضرت مجددؒ کا فکری اِحیاء

ڈاکٹر محمد نوید ازہر

حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندیؒ کے والد گرامی، حضرت شیخ عبدالاحدؒ ایک رات نماز تہجد ادا کرنے کے بعد مراقبہ میں مشغول تھے۔ آپ نے عالم واقعہ میں دیکھا کہ ساری کائنات اندھیر کے غلاف میں لپٹی ہوئی ہے۔ اس اندھیرے میں بندر، ریچھ اور سور شرارتوں میں مصروف ہیں۔ اچانک ان کے سینے سے ایک نور برآمد ہوا۔ اس نور میں سے ایک بجلی کوندی اور اس نے ان تمام خونخوار درندوں کو جلا کر راکھ کر دیا۔ پھر اس روشنی میں ایک تخت نمودار ہوا، جس پر ایک نورانی صورت کے بزرگ جلوہ گر تھے۔ ہزار ہا فرشتے اور اولیائے کرام ان کے سامنے دست بستہ حاضر تھے۔ انھوں نے وقت کے ملحدوں، زندیقوں اور ظالموں کو لا کر ان کے سامنے بھیڑ، بکریوں کی طرح ذبح کر دیا۔ ایک طرف سے قرآن مجید کی یہ آیت بلند آواز سے پڑھی گئی: قُلْ جَاءَ الْحَقُّ وَ زَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوقاً۔ (۱) آپ نے اس مشاہدہ کا ذکر اپنے مرشد شیخ کمال کیتھلیؒ سے کیا، تو انھوں نے فرمایا: "یہ آپ کی اولاد میں سے ایک بزرگ ہیں، جن کا فیض پوری دنیا میں عام ہو جائے گا"۔ (۲) بہت سی بشارات میں سے ایک یہ بشارت نما خواب تھا، جو حضرت مجددؒ کے والد گرامی نے دیکھا۔

ایک مشاہدہ حضرت خواجہ باقی باللہؒ کو ہوا۔ آپ سیر الی اللہ کے سفر میں کابل سے دہلی آنا چاہتے تھے۔ استخارہ کیا تو خواب میں دیکھا کہ کسی درخت کی شاخ پر ایک

Marfat.com

طوطا بیٹھا ہوا ہے۔ دل میں خیال آیا کہ اگر یہ میرے ہاتھ پر آ کر بیٹھ جائے تو میرا سفر مبارک ہوگا۔ اس خیال کے گذرتے ہی وہ طوطا اڑا اور آپ کے ہاتھ پر آ کر بیٹھ گیا۔ آپ نے اپنا لعابِ دہن اس کے منہ میں ڈالا۔ اس طوطے نے شکر اپنی چونچ کے ذریعے آپ کے منہ میں ڈالی اور آپ کی آنکھ کھل گئی۔ آپ نے اپنے مرشد خواجہ باقی باللہؒ سے اس کا ذکر کیا تو انھوں نے فرمایا: "طوطا ہندوستان کا پرندہ ہے۔ وہاں آپ سے کوئی ایسی ہستی فیض یاب ہوگی، جس سے خود آپ کو بھی فائدہ پہنچے گا"۔ (۳)

وہ ہستی حضرت مجددؒ تھے۔ حضرت مجددؒ کے زمانے میں دین بیزاری اور الحاد کو حکومتی سطح پر فروغ دیا جا رہا تھا۔ دین اسلام کی اصل تعلیمات معقولات کے اثر سے دب کر رہ گئی تھیں۔ حضرت مجددؒ نے اپنے علم و عمل کی قوت کے ساتھ وقت کے فرعونوں اور اسلام دشمنوں کو ڈٹ کر مقابلہ کیا اور علامہ محمد اقبالؒ کے ان اشعار کی تعبیر بن گئے:

کیوں زیاں کار بنوں، سود فراموش رہوں
فکرِ فردا نہ کروں، محوِ غمِ دوش رہوں

نالے بلبل کے سنوں اور ہمہ تن گوش رہوں
ہم نوا میں بھی کوئی گل ہوں کہ خاموش رہوں

جرات آموز مری تابِ سخن ہے مجھ کو
شکوہ اللہ سے خاکم بدہن ہے مجھ کو

Marfat.com

حضرتِ مجددؒ نے احیائے اسلام کا فریضہ سرانجام دیتے ہوئے چار جہات پر خصوصی توجہ دی۔ وہ چار جہات: علم، تصوف، حکومت اور فقہی امور تھیں۔ آپ کو پہلا محاذ یہ درپیش تھا کہ علمائے دین، علمائے سوء بن کر عوام کو گمراہ کر رہے تھے۔ آپ نے ان کی اصلاح کی، انھیں آخرت کی جواب دہی کا احساس دلایا اور شریعت کی بالادستی کو قائم کیا۔

دوسرا محاذ یہ تھا کی جعلی صوفیہ تصوف کا لُبادہ اوڑھ کر اپنے ذاتی تصورات اور نظریات کو تصوف ثابت کرنے پر تلے ہوئے تھے۔ اتحاد اور حلول کو وحدۃ الوجود قرار دے کر گمراہی کو فروغ دے رہے تھے۔ آپ نے تصوف کی تجدید کی، قرآن وسنت سے اس کا ٹوٹا ہوا رشتہ بحال کرتے ہوئے شریعت، طریقت اور حقیقت کے اصلی مفہوم کو زندہ کیا۔

تیسرا محاذ یہ تھا کہ وقت کے حکمران بظاہر مسلمان تھے، لیکن اسلام سے ان کا برائے نام تعلق تھا۔ وہ اسلام کے طرزِ حکمرانی سے منحرف ہو کر ہوا و ہوس کے غلام بنے ہوئے تھے۔ آپ نے اپنی تقریر و تحریر اور لاکھوں مریدین کے ذریعے انھیں ان کے فرائضِ منصبی سے آگاہ کیا۔ نیز ان کے ظلم و جبر کے باوجود اپنا فریضہ تبلیغ ادا کرتے رہے۔ یہ آپ ہی کی کوششوں کا نتیجہ تھا کہ اکبر کی موت کے بعد جہانگیر تخت نشین ہوا، جو اپنے دوسرے بھائیوں کی نسبت اسلام کے لیے دل میں نرم گوشہ رکھتا تھا۔ حضرت مجددؒ کی مسلسل کوششوں سے وہ اسلام کی طرف راغب ہوا، اس نے ملک میں نفاذِ اسلام کا وعدہ بھی کیا، جو کئی وجوہات کی بنا پر، فوری طور پر پورا نہ ہو سکا، تاہم الحاد کی کمر ٹوٹ گئی۔

چوتھا محاذ یہ تھا کہ اہلِ علم، جو سیکولر خیالات کے مالک ہو چکے تھے، معقولات کو

Marfat.com

اپنا رہنما بنا کر، فقہی موشگافیوں میں الجھے ہوئے تھے۔آپ نے فقہ پر قرآن وسنت کی فضیلت اور فوقیت کو ثابت کرتے ہوئے انھیں منقولات کی طرف متوجہ کیا اور اپنے متعلقین کے اخلاق وکردار میں صحابہ کرام کے تقوی وطہارت کی مثالیں زندہ کیں۔

اس دینی اور اخلاقی گراوٹ کی سب سے بڑی ذمہ دار مسندِ اقتدار تھی، جس کا مطمحِ نظر محض مقبولیتِ عام اور شہرتِ دوام حاصل کرنا تھا۔آپ نے اسی سے ٹکر لی اور اپنی للکار کی ترشی سے اس کا نشہ ہرن کر دیا۔حقیقت یہ ہے کہ ایک ایسی ہی شخصیت کے قد دل آویز پر لفظِ مجدد کی قبا موزوں ہوتی ہے، جو کسی ملحد ومتکبر اور دین بیزار حکمران کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر اسے یہ باور کرانے میں کامیاب ہو جائے کہ اے خس وخاشاک کا اثاثہ لے کر بادِ تند وتیز کی زد میں بیٹھے ہوئے انسان! تو نے تسخیرِ ممالک اور زمینی فتوحات کی بنیاد پر حکومت اور سلطنت حاصل کی ہے، جبکہ میں نے اقلیمِ دل کو فتح کر کے اپنی عظمت کا پرچم لہرایا ہے۔اب آنے والا وقت اس بات کا فیصلہ کرے گا کہ ہم دونوں میں سے کس کا چراغ جلتا ہے۔

حُسن کیا چیز ہے وقت کے سامنے
تو قیامت سہی ، تا قیامت نہیں

جب وقت کی آندھیاں چلتی ہیں، تو خس و خاشاک کو اڑا کر لے جاتی ہیں۔ٹمٹماتے ہوئے چراغ ان آندھیوں کا مقابلہ نہیں کر سکتے۔جب وقت کی آندھیاں چلتی ہیں، تو Give and Take سے حاصل کیے ہوئے اقتدار اور کھوکھلے کردار پر آویزاں کیے ہوئے وقار کو قصہ ماضی بنا دیتی ہیں۔جب وقت کی آندھیاں چلتی ہیں، تو قصرِ شاہی کی عمارت کو یوں مسمار کر دیتی ہیں کہ آنے والی صدیاں اس کے ملبے کو استوار

Marfat.com

نہیں کر سکتیں۔ جب وقت کا سیلاب آتا ہے، تو عظمتوں کے تودے بہا کر لے جاتا ہے، کمزور بنیادیں کھود ڈالتا ہے اور کچی عمارتوں کو فنا کے گھاٹ اتار دیتا ہے۔۔۔ پھر اگر کوئی زندہ رہتا ہے تو وہ، جس نے نارِ نمرود میں یقین کے پھول کھلائے ہوں، یا ریگزارِ کربلا کو اپنے خون سے سینچا ہو۔

آں قصر کہ بر چرخ ہمی زد پہلو
بر درگہ او شہاں نہادندے زو
دیدیم کہ بر کنگرہ اش فاختہ ای
بنشستہ ہمی گفت کہ کو کو کو کو؟

"وہ قصر شاہی، جس کی منڈیریں آسمان سے باتیں کرتی تھیں۔ جس کی دہلیز پر شاہانِ وقت اپنے رخسار مَلتے تھے۔ ہم نے دیکھا کہ (آج) اس قصرِ شاہی کی ایک محراب پر ایک فاختہ بیٹھی ہوئی ہے اور پکار پکار کر کہہ رہی ہے: وہ (اقتدار کے نشے میں بد مست، قصر شاہی کے مالک) کہاں چلے گئے، وہ لوگ کہاں چلے گئے؟"

جب سارا ہندوستان خاموش تھا، اللہ نے مجددِ الفِ ثانی کو نطق عطا کیا۔ جب کسی صاحبِ علم کو یارائے گفتگو نہ تھا، اللہ نے مجددِ الفِ ثانی کو اذنِ کلام سے نوازا۔ جب کسی روشن ضمیر کے بازوئے ہمت کشادہ نہ ہوئے تو مجدد الف ثانی کے تصرف نے

Marfat.com

کام کیا۔ جب کسی فقیر کی سلطنتِ فقر میں غیرت کی بجلیاں نہ تڑپیں، تو مجددِ الفِ ثانی کی غیرتِ ایمانی قصرِ شاہی پر برقِ سوزاں بن کر برسی اور فخرِ شاہی کو خاک میں ملا دیا۔ ہندوستان کی خاموش فضا میں تحریک اور تموج پیدا کرنے کے لیے مجددِ الفِ ثانی کھڑے ہوئے اور بادشاہ کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر کہا:

حُسن کیا چیز ہے وقت کے سامنے
تو قیامت سہی، تا قیامت نہیں

حضرتِ مجددؒ کے لازوال کردار نے ثابت کیا کہ بادشاہ آتے ہیں، چلے جاتے ہیں۔ حکومت بنتی ہے، مٹ جاتی ہے۔ اہلِ ہوس کا کمال دیکھتے ہی دیکھتے زوال میں بدل جاتا ہے، لیکن فقیر کی کٹیا کا چراغ جلتا رہتا ہے۔

☆

اس دور کے درباری عالم الحادی فکر کے مبلغ تھے۔ ربانی علماء ظالم اور جابر حکمرانوں کے شر سے بچنے کے لیے گوشہ نشینی اختیار کر کے اپنی عاقبت کی فکر میں مصروف تھے۔ اکبر کے صرف ایک درباری عالم فیضی کا تعارف اس کے معاصر مؤرخ ملا عبد القادر بدایونی نے منتخب التواریخ میں یوں پیش کیا ہے:

"ملک الشعراء فیضی مختلف فنون شعر گوئی، عروض و قافیہ، تاریخ، لغت، طب اور انشاء میں بے مثل شخص گذرا ہے۔۔۔فیضی بڑا جدت پسند، ہزل گو، متکبر، مغرور تھا۔ نفاق، خباثت، ریاکاری، حب جاہ تو کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھی۔" (۴)

اکبر شروع میں بہت مذہبی آدمی تھا، لیکن ایسے ہی بازاری عالموں کی مسلکی

Marfat.com

آویزش اور بحث وتمحیص نے اسے مذہب سے بیزار کر دیا۔ حضرت مجددؒ نے عوام اور علماء دونوں کو خود پسندی ترک کر کے خدا پسندی اختیار کرنے کی تعلیم دی اور دلوں کی کائنات کو آباد کر دیا۔ قُلِ اللّٰہُ ثُمَّ ذَرْھُم (۵) کی نصیحت کی طرف لوگوں کو متوجہ کیا اور انھیں ذکرِ الٰہی کی لذت وحلاوت سے آشنا کیا۔ جب لوگوں کے فکر ونظر میں یہ انقلاب برپا ہو گیا، تو انھیں نیت کی درستی اور اخلاص فی العمل کی نعمت میسر آ گئی۔ یہ حضرتِ مجددؒ کا سب سے بڑا کارنامہ تھا کہ جب شرابِ ناب کے پرمٹ عام کیے جا رہے تھے، آپ نے شرابِ معرفت کے جام ارزاں کر دیے۔ لوگوں کو کائناتِ قلبی کی سیر وسیاحت پر آمادہ کیا اور انھیں وَ فِی اَنْفُسِکُمْ اَفَلَا تُبْصِرُوْن (۶) کے معانی سے بہرہ یاب کر دیا۔

علامہ محمد اقبالؒ نے حضرتِ مجددؒ کی اسی تعلیم کو شاعرانہ پیرائے میں یوں بیان کیا ہے:

اپنے من میں ڈوب کر پا جا سراغِ زندگی
تو اگر میرا نہیں بنتا نہ بن اپنا تو بن

من کی دنیا؟ من کی دنیا سوز و مستی، جذب وشوق
تن کی دنیا؟ تن کی دنیا سُود و سَودا، مکر وفن
من کی دولت ہاتھ آتی ہے، تو پھر جاتی نہیں
تن کی دولت چھاؤں ہے، آتا ہے دھن، جاتا ہے دھن

من کی دنیا میں نہ پایا میں نے افرنگی کا راج
من کی دنیا میں نہ دیکھے میں نے شیخ و برہمن

Marfat.com

پانی پانی کر گئی مجھ کو قلندر کی یہ بات
تو جھکا جب غیر کے آگے، نہ تن تیرا نہ من

حضرت مجددؒ علمائے سوء کی مذمت کرتے ہوئے ایک مکتوب میں ارشاد فرماتے ہیں:

"کسی بزرگ نے ابلیس لعین کو دیکھا کہ فارغ و بیکار بیٹھا ہے۔اس نے اس (بیکاری) کا سبب پوچھا۔اس (ابلیس) نے جواب دیا کہ اس وقت کے علماء (سوء) میرا کام کر رہے ہیں اور بہکانے وگمراہ کرنے میں وہ کافی ہیں"۔ (۷)

حضرتِ مجددؒ نے اتباعِ شریعت اور اتباعِ سنت پر بہت زور دیا ہے۔آپ کے مکتوبات اس بات پر گواہ ہیں۔آپ کے نزدیک شریعت کے تین اجزا ہیں۔علم، عمل اور اخلاص۔ ان کا حصول اللہ کی رضا کا حصول ہے۔یہی رضا دنیا و آخرت کی تمام سعادتوں سے بڑھ کر ہے۔وہ احوال اور کیفیات جو صوفیہ کو اس راستے میں حاصل ہوتی ہیں، اصل مقصود نہیں ہیں، بلکہ وہم وخیالات ہیں، جن سے بچوں کا دل بہلایا جاتا ہے۔ حضرت مجددؒ نے اتباعِ شریعت کو تصوف کی حقیقت قرار دیا ہے۔اچھے خوابوں کا آنا، کشف کا حاصل ہوجانا، کرامات کا صادر ہونا، رنگ ونور کا مشاہدہ کرنا، تصوف کا مقصود ہر گز نہیں۔تصوف سراسر رضاے الٰہی اور اتباعِ شریعت کا نام ہے۔آپ کے مطابق اتباعِ سنت سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں۔جو شخص اتباعِ شریعت کا خیال نہیں رکھتا، اس کے تمام خوارقِ عادات، استدراج اور شعبدہ بازی کی حیثیت رکھتے ہیں۔آپ کے نزدیک ایسا شخص چاہے ہوا میں پرواز کرے، چاہے پانی پر چلے، یا آگ کھا کر دکھا

Marfat.com

دے، یہ سب کچھ ہوائے نفس کی تسکین کا سامان ہے۔ ہوا میں تو مکھیاں اور مچھر بھی پرواز کر لیتے ہیں، پانی پر تو کچھوے، مگر مچھ اور مینڈک بھی تیر لیتے ہیں۔ آگ میں تو کیڑے مکوڑے بھی زندہ رہ لیتے ہیں۔ ایک کیڑا ایسا ہے، جو آگ میں ہی زندہ رہتا ہے، آگ ہی اس کی خوراک ہے۔ بندہ مومن کا امتحان صرف اتباعِ شریعت سے ہوتا ہے، کیونکہ یہی سب سے مشکل امر ہے۔ (۸)

آپ نے خود اپنے عمل سے، معمولی سے معمولی معاملات میں بھی، شریعت کی پیروی کی ترغیب دلائی۔ ایک مرتبہ ایک خادم سے فرمایا کہ فلاں جگہ پر لونگیں پڑی ہیں، چند لونگیں لے آؤ۔ وہ گیا اور چھے لونگیں لے آیا۔ آپ نے اس امر کے خلاف شریعت ہونے پر افسوس کرتے ہوئے فرمایا: "اللہ طاق ہے اور طاق کو پسند کرتا ہے۔ اس آدابِ طریقت سے ناواقف شخص کو چاہیے تھا کہ پانچ لاتا یا سات"۔ (۹)

عصرِ حاضر میں الحادی قوتیں اسی مادی فکر اور انھی کمزور دلائل کے ساتھ دوبارہ اہلِ اسلام کے دل و دماغ پر قبضہ جمانے کی کوشش کر رہی ہیں، جو اکبری عہد میں ان کی متاع تھے۔ ان حالات میں حضرتِ مجددؒ کی تعلیمات کی اہمیت میں مزید اضافہ ہو جاتا ہے۔ اس الحادی فکر کی بیخ کنی کرنے میں برصغیر کا کوئی بھی مسلم رہنما ان سے زیادہ کامیاب نہیں ہو سکا۔

گذرے ہیں ترے بعد بھی کچھ لوگ ادھر سے
لیکن تری خوشبو نہ گئی راہ گذر سے

☆

Marfat.com

حوالہ جات

۱۔الاسراء۱۷:۸۱، ترجمہ:

"فرما دیجیے سچا دین آ گیا اور باطل دین مٹ گیا۔ بے شک جھوٹے دین کی قسمت میں مٹنا ہی لکھا ہوا تھا"۔

۲۔ابوالفیض محمد احسان مجددیؒ، روضۃ القیومیہ، منزل نقشبندیہ لاہور، جلد اول، رکن اول، اردو ترجمہ، ص: ۴۴

۳۔خواجہ محمد ہاشم کشمی، زبدۃ المقامات، نولکشور لاہور، فصل سوم، اردو ترجمہ، ص: ۱۴۵

۴۔ملا عبدالقادر بدایونی، منتخب التواریخ، ترجمہ: محمود احمد فاروقی، شیخ غلام علی اینڈ سنز لاہور، س ن، ص: ۷۲۹

۵۔الانعام۶:۹۱، ترجمہ:

"فرما دیجیے اللہ، پھر انھیں چھوڑ دیجیے (بے ہودگی میں کھیلنے کے لیے)"۔

۶۔الذاریات۵۱:۲۱، ترجمہ:

"اور خود تمھاری ذات میں دلائل ہیں، کیا تم نہیں دیکھتے"۔

۷۔مکتوب ۱/ ۵۳۔

علمائے سوء کی مذمت کے حوالے سے مکتوبات ۱/ ۳۳، ۱/ ۴۷، ۱/ ۵۳، ۱/ ۱۹۴ زیادہ اہم ہیں۔

۸۔مفہومِ مکتوبات۔ اتباعِ شریعت کے موضوع پر مکتوبات ۱/ ۳۶، ۱/ ۴۰، ۱/ ۵۹ زیادہ اہم ہیں۔

۹۔خواجہ محمد ہاشم کشمی، زبدۃ المقامات، محولہ بالا، فصل ششم، ۱۹۴

☆

Marfat.com

حضرت مجدد الف ثانیؒ کا فقہی ذوق اور اس کے اثرات

ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس

فقہ حیات انسانی کے ہر گوشے۔ پیدائش سے موت اور مابعد موت۔ رہبری و رہنمائی کرتی ہے۔ صوفیہ بھی فکر انسانی کی تطہیر کے لیے اپنے لیل ونہار صرف کرتے ہیں۔ اس لیے صوفیہ کا فقہی ذوق ہمیشہ مضبوط علمی بنیادوں پر استوار رہا ہے۔ حضرت امام ربانی رحمۃ اللہ علیہ کے مکاتیب ورسائل کا مطالعہ کریں تو یہ ذوق بدرجہ کمال نظر آتا ہے۔ یہی نہیں اس کے اثرات مابعد مجددی حضرات پر بھی نظر آتے ہیں۔ حضرت امام ربانی کی کتب ورسائل میں قرآن وحدیث کے بعد درج ذیل فقہی مصادر کے حوالہ جات ملتے ہیں۔ مبسوط، حاشیہ شرح وقایہ، سراجیہ، فتاوی غیاثیہ، خلاصہ فتاوی شافیہ، فتاوی غرائب، جامع الرموز، زاہدی، مضمرات، ولوالجی، ترغیب الصلوٰۃ، فتح القدیر فتاوی ابراہیم شاہی، قنیہ، کبیری، اسی طرح علماء اسلام میں درج ذیل فقہا کے اسماء کا تذکرہ کیا گیا ہے۔ امام ابوحنیفہ، امام محمد، ابو یوسف، امام شافعی، ابن عبدالبر، ابواللیث، جیسے فقہاء کے حوالہ سے اقوال وتحقیقات نقل کی ہیں۔

مکتوبات اور آپ کی دیگر تالیفات فقہ کے موضوع پر مستقل تالیفات نہیں ہیں، مگر ان میں موضوعات فقہ کی ابحاث بقدر ضرورت نقل ضرور کی گئی ہیں۔ فقہی اصول وقواعد، کتب فقہ واصول فقہ اور فقہا کے اقوال کا تذکرہ اس حقیقت کا مظہر ہے کہ علوم فقہ کی باریکیاں بھی آپ سے پنہاں نہ تھیں۔ آپ مسائل کے حل کے لیے نقلی وعقلی دلائل کے علاوہ کشف سے بھی اس کی تائید حاصل کرتے ہیں۔ علم فقہ کی اہمیت کا اندازہ مکتوبات

Marfat.com

کے درج ذیل اقتباسات سے لگایا جا سکتا ہے:

(1) ''سرود وغنا کی حرمت میں آیات واحادیث اور روایات فقہیہ اس کثرت سے ہیں کہ ان کا شمار کرنا مشکل ہے اس کے باوجود اگر کوئی منسوخ حدیث یا روایت شاذہ کو سرود کے مباح ہونے میں پیش کرے تو اس کا اعتبار نہیں کرنا چاہیے کیوں کہ کسی فقیہ نے کسی زمانے میں بھی سرود کے مباح ہونے کا فتویٰ نہیں دیا ہے اور نہ ہی رقص و پاکوبی کو جائز قرار دیا ہے جیسا کہ امام ہمام ضیاء الدین شامی کے رسالہ ملتقط میں مذکور ہے''۔

ان جملوں میں تو آپ نے استدلال و استنباط مسائل کا اسلوب وطریق واضح کیا اسی مکتوب کے اگلے جملے علم فقہ کی آپ کے نزدیک عظمت کے آئینہ دار ہیں:۔

''اور صوفیہ کا عمل حلت وحرمت میں سند نہیں ہے۔ کیا ان کے لیے صرف یہی کافی نہیں ہے کہ ہم ان کو معذور سمجھیں اور ان کو ملامت نہ کریں اور ان کا معاملہ اللہ کے سپرد کر دیں یہاں تو امام ابوحنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد کا قول معتبر ہے نہ کہ ابوبکر شبلی، اور ابوالحسن نوری کا عمل۔1

(۲) شیخ احمد نامی آدمی مسلمان ہوا تو اس کے لیے عبدالکریم سنامی کو بایں الفاظ

1۔ دفتر اول مکتوب ۲۶۶

Marfat.com

ہدایت نامہ جاری کیا:

''مشارٌ الیہ (شیخ احمد) نومسلم ہے اس لیے اس کو عقائد کلامیہ جو فارسی کتابوں میں مذکور ہیں سکھائیں اور احکام فقہیہ کی بھی تعلیم دیں تاکہ فرض، واجب، سنت، مستحب، حلال، حرام، مکروہ ومشتبہ کو پہچان لے اور اس کے مطابق اپنی زندگی بسر کرے۔ گلستان و بوستان کا پڑھنا بے کاری میں داخل ہے''۔1۔

ان اقتباسات سے حضرت امام ربانی کی علم فقہ سے دلچسپی ظاہر ہوتی ہے، کہ مسائل فقہ کو کشف کی روشنی میں دیکھنے کی مثال درج ذیل ہیں: ''ہم فقہی مسائل پر نگاہ ڈالتے ہیں تو ہمیں شافعی اور حنفی میں اکثر مواقع پر اختلاف نظر آتا ہے۔ ظاہری طور پر لوگ محسوس کرتے ہیں کہ شافعی مسلک آسان اور درست ہے مگر ہم بغور باطنی معاملات پر نظر ڈالتے ہیں تو حنفی مسلک کی تائید کرنا پڑتی ہے۔2۔

اس کے باوجود کشف کے بارے میں آپ کی رائے یہ ہے: واعلام نماید کہ کشوف ووقائع کہ سرمو ئے مخالفت بکتاب وسنت داشتہ باشد اعتبار نکند بلکہ مستغفر باشد

''اور یہ بھی بتادے کہ وہ کشف اور واقعے جو قرآن وحدیث کے بال برابر بھی مخالف ہو اعتبار نہ کرے بلکہ ان سے استغفار کرنا چاہیے''۔3۔

مکتوبات اور دیگر تالیفاتِ امام ربانی میں امام ابوحنیفہ کے فضائل اور فقہ حنفی کی ترجیح کا بھی ذکر کیا گیا ہے۔ اس حوالہ سے آپ اپنا ایک کشف ان الفاظ میں بیان کرتے ہیں:

1۔ دفتر اول مکتوب ۲۷۸ 2۔ مبدأ ومعاد 3۔ مبداومعاد، منھا ۱۰

Marfat.com

''بلا تکلف وتعصب کہا جا سکتا ہے کہ اس مذہب حنفی کی نورانیت کشفی نظر میں دریائے عظیم کی طرح دکھائی دیتی ہے اور دوسرے تمام مذاہب حوضوں اور نہروں کی طرح نظر آتے ہیں''۔1؎

امام اعظم کے طریق استنباط اور آپ پر ہونے والے اعتراضات کے حوالے سے لکھتے ہیں: ''عجیب معاملہ ہے کہ امام ابوحنیفہ سنت کی پیروی میں سب سے پیش پیش ہیں حتی کہ احادیث مرسل کو احادیث مسند کی طرح متابعت کے لائق جانتے ہیں اور ان کو اپنی رائے پر مقدم کرتے ہیں اور اسی طرح صحابہ کے قول کو حضرت خیر البشر علیہ وعلیہم الصلوات والتسلیمات کی شرف صحبت کے باعث اپنی رائے پر مقدم رکھتے ہیں''۔2؎

امام اعظم سے اس بے مثال عقیدت ومحبت کے باوجود اعتدال وتوازن کی روش ملاحظہ ہو: ''مذہب حنفی کے اس التزام کے باوجود مجھے امام شافعی سے گویا ذاتی محبت ہے اور میں ان کو بزرگ جانتا ہوں اس لیے بعض اعمالِ نافلہ میں ان کے مذہب کی تقلید کرتا ہوں لیکن کیا کروں کہ دوسرے فقہا کمال علم اور کمال تقوی کے باوجود امام ابوحنیفہ کے مقابلے میں بچوں کی طرح نظر آتے ہیں''۔3؎

امام ربانی کے اس فقہی ذوق 4؎ کے اثرات مابعد مجددی حضرات کے مکاتیب

1؎ مکتوبات، دفتر دوم، مکتوب ۵۵ 2؎ ایضاً 3؎ ایضاً

4؎ (راقم کی کتاب حضرت مجدد الف ثانیؒ کی علمی ودینی خدمات میں حضرت مجدد رحمۃ اللہ علیہ کے فقہی افکار پر تفصیلی مواد جمع کیا گیا ہے۔ اس میں کتب امام ربانی سے فقہی مسائل کے تذکرہ کے علاوہ مباحث اصول فقہ، تقلید اور فروعی مسائل میں حضر تمجدد کے اسلوب کا ذکر تفصیل سے کیا گیا ہے۔ یہ کتاب پروگریسو بکس نے ۲۰۱۶ء میں شائع کی)

Marfat.com

پر بھی نظر آتے ہیں، ان حضرات نے نہایت علمی استدلالی اسلوب سے فقہی معاملات ومسائل پر قلم اٹھایا کہا جا سکتا ہے یہ حضرت امام ربانی کے فقہی ذوق کی میراث ہے جو حضرات مجددیہ میں تقسیم ہوئی۔ حضرت خواجہ سعید کے مکاتیب پر نظر ڈالیں تو مکتوب ۹۷ جو ۵۶ صفحات کو محیط ہے عربی اور فارسی کے امتزاج کا حامل یہ مکتوب امام المسلمین امام ابوحنیفہ کے فضائل اور آپ کی فقہی بصیرت کا مظہر ہے، مکتوبات معصومیہ میں ہدایہ، شرح الوقایہ، فتاوی سراجیہ، فتاوی غیاثیہ سے مختلف مسائل نقل کئے گئے ہیں۔ مکتوبات معصومیہ کے درج ذیل مسائل بطور مثال ملاحظہ فرمائیں:

(۱) نماز میں خشوع وخضوع:

سالک نماز کے دوران کس چیز کی طرف متوجہ ہو یعنی محض ذات کی طرف جو کہ حقیقی مسجود ومعبود ہے، یا قرآن کی طرف جو کہ مدارِ نماز ہے یا کعبہ کی طرف جو کہ مسجود الیہ ہے، یا خشوع وخضوع اور تعدیل ارکان کی طرف کہ جن کا اسے حکم دیا گیا ہے یا ان سب امور کی طرف ایک ساتھ مشغول ہونا چاہیے، اس بارے شیخ عبدالاحد کے نام ایک خط میں آپ نے ان الفاظ میں وضاحت فرمائی۔ ''نمازی کے لیے جو کچھ ضروری ہے اور جن امور کا اس کو حکم دیا گیا ہے، وہ نماز کے ارکان، قومہ، جلسہ میں طمانینت، خشوع وخضوع کی طرف متوجہ ہونا ہے۔ ''قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ○ الَّذِیْنَ هُمْ فِیْ صَلٰوتِهِمْ خَاشِعُوْنَ''[1] (تحقیق وہ مؤمن کامیاب ہو گئے جو اپنی نمازوں میں

1۔ مومنون: ۲۳:۱، ۲

Marfat.com

خشوع وخضوع کرنے والے ہیں)۔نماز میں خشوع مثلاً قیام میں سجدہ کی جگہ نگاہ لگا دینا وغیرہ اور نیز قرآن پاک کی قراءت کی طرف متوجہ ہونا ہے اور اگر اس آدمی کا تعلق اہل حقیقت سے ہے تو اس کے معانی واَسرار میں غور وفکر کرنا ہے ورنہ اس قدر سمجھے کہ یہ حق جل وعلیٰ کا کلام ہے اور ذات محض کی طرف متوجہ ہونا، نماز کے مامورات میں سے نہیں ہے۔ اس کے باوجود ہم کہتے ہیں؛ ان امور کی طرف متوجہ ہونا، عین ذات کی طرف متوجہ ہونا ہے کیونکہ ذات محض اسماء وصفات کا لحاظ کئے بغیر توجہ، مراقبہ، تصور اور تعقل سے بالاتر ہے۔ رہا وہ عارف جو کہ ذات محض سے واصل ہے اور کھلے اَنداز میں وصل کے ساتھ امتیاز حاصل کر چکا ہے، اس کا معاملہ جدا ہے۔ 1؎

(۲) فرض کے بعد سورہ فاتحہ پڑھنا

پانچوں وقت نماز کی ادائیگی کے بعد ہاتھ اٹھا کر فاتحہ پڑھنا اور اس عمل کو اپنے اوپر لازم کر لینا آپ کے نزدیک بدعت ہے۔ ملاّ سجاول کے نام ایک مکتوب میں اسی مسئلہ کی وضاحت کرتے ہوئے آپ لکھتے ہیں: ''میرے مخدوم! اس طرح سے لزوم کے ساتھ پڑھنا، ہمارے بزرگوں کا عمل نہیں ہے، کیونکہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اَعمال میں یہ چیز نہیں دیکھی گئی۔ خزانۃ الروایات میں، خلاصہ سے نقل کر کے لکھا گیا ہے:۔

''قِرَائَۃُ الْفَاتِحَۃِ لِاَجْلِ الْـ بَعْدَ الْفَرَآئِضِ بِدْعَۃٌ''

ترجمہ: فرض نمازوں کے بعد مہمات کے حل کی خاطر فاتحہ پڑھنا بدعت ہے''۔

1؎ مکتوبات معصومیہ، دفتر دوم، مکتوب: ۱۹۹ 2؎ مکتوبات معصومیہ، دفتر اول، مکتوب: ۱۹۷

Marfat.com

(۳) نماز جمعہ کے بعد مصافحہ کرنا

آپ علیہ الرحمہ نمازِ جمعہ کے بعد مصافحہ کرنے کی شرعی حیثیت بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:۔ ''مصافحہ فی نفسہا مسنون اور اچھا عمل ہے اور اس کا وقت متعین کرنا بدعت ہے۔ پس یہ عمل (نماز جمعہ کے بعد مصافحہ کرنا) وجہ حسن بھی رکھتا ہے اور وجہ قبح بھی۔ ایک لحاظ سے اچھا ہے۔ اگر اس کا معاملہ زیادہ سے زیادہ مباح ہونے تک ہی پہنچ جائے جیسا کہ بعض نے کہا ہے تو بھی غنیمت ہے۔ خزانۃ الروایات میں ہے کہ شیخ محی الدین نووی رحمۃ اللہ علیہ نے ''الاذکار'' میں کہا ہے: کہ ہر ملاقات کے وقت مصافحہ کرنا مستحب ہے، لیکن یہ جو لوگوں نے صبح اور عصر کی نمازوں کے بعد مصافحہ کرنے کی عادت بنالی ہے تو اس کی کوئی اصل نہیں ہے، لیکن اس میں کوئی مضائقہ بھی نہیں کیونکہ اصل مصافحہ تو سنت ہے اور لوگوں کا بعض مواقع میں اس کی پابندی کرنا اور ان میں سے بعض مواقع میں حد سے تجاوز کرنے والا ہونا، یہ بعض حالات اس کو اس مصافحہ سے خارج نہیں کرتے جو شرع میں وارد ہوا ہے''۔ 1

(۴) قضا نماز:

ایک مکتوب میں آپ سے دریافت کیا گیا کہ ''جس مریض کی بیماری کے کچھ دنوں کی فرض نمازیں قضا ہوگئی ہوں اور وہ ان کو بعد میں ادا کرنا چاہے، لیکن وہ اپنی قضاء نمازوں کی تعداد نہیں جانتا، نیز اگر وہ تہجد و اشراق کے اوقات میں ان دونوں نمازوں

1۔ مکتوبات معصومیہ، دفتر اول، مکتوب: ۱۹۷

Marfat.com

کے بدلے میں اور سنن مؤکدہ کے علاوہ جو نوافل، بعض اوقات میں پڑھنے مروی ہیں، ان کے بدلے میں ان قضا نمازوں کو پڑھتا رہے اور اپنی تمام عمر اسی طرح کرتا رہے۔ حالانکہ وہ جانتا ہے کہ اس کی بیماری کے دن ایک سال تک نہیں پہنچے تو اس صورت میں کیا، اس کو ثواب عظیم حاصل ہوگا، جو ان نوافل نمازوں کے پڑھنے کے بارے میں وارد ہوا ہے یا نہیں حاصل ہوگا''؟ اس کا جواب دیتے ہوئے آپ لکھتے ہیں:۔ ''پس ظاہر قول یہ ہے کہ قضا نمازیں پوری ہونے کے بعد کی نمازوں میں یہ ثواب حاصل ہوگا۔ اس لیے اب یہ نمازیں نفل میں تبدیل ہو جائیں گی اور نوافل مؤقتہ میں تعین نیت شرط نہیں ہے۔ پس وہ نمازیں نوافل مؤقتہ کی جگہ واقع ہوں گی۔''1۔

(۵) ایصال ثواب:

میت کی روح کو ثواب پہنچانے کے لیے تیسرے، چوتھے یا دسویں روز کھانا کھلانا اور تیسرے روز پھول دینے کے جواز و عدم جواز کے بارے آپ علیہ الرحمہ لکھتے ہیں:۔

''کسی رسم اور ریاء کے بغیر اللہ تعالیٰ کے لیے کھانا کھلانا اور اس کا ثواب میت کو بخشنا، بہت اچھی بات اور بڑی عبادت ہے، لیکن وقت معین کرنے کی کوئی قابل اعتماد اصل ظاہر نہیں ہوتی اور تیسرے روز مردوں کو پھول دینا بدعت ہے۔ ہاں عورتوں میں سوگ کو دور کرنے کے لیے کوئی خوشبو لگانا روایتوں میں آیا ہے،

1۔ مکتوبات معصومیہ، دفتر دوم، مکتوب: ۶۳

Marfat.com

کیونکہ میت کی منکوحہ کے علاوہ باقی رشتہ داروں میں سے کسی ایک کو تین دن سے زیادہ سوگ کرنا شرعاً جائز نہیں ہے۔ پس تیسرے روز خوشبو لگائیں تا کہ میت کی منکوحہ کے علاوہ باقی عورتیں سوگ ختم کر دیں''1۔

(۶) زندگی میں قبر تیار کروانے کا حکم:

اگر کوئی شخص اپنی زندگی ہی میں قبر تیار کروالیتا ہے اور چاہتا ہے کہ مرنے کے بعد اسے اسی جگہ دفن کیا جائے تو اس سلسلے میں اسلامی تعلیمات کیا ہیں، اس مسئلہ کے بارے حضرت خواجہ محمد معصومؒ نے اپنے ایک مکتوب میں بڑی وضاحت سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت اور علماء کا اختلاف نقل کیا ہے۔ آپ لکھتے ہیں:۔ ''یہ عمل رسالت خاتمیت علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والتسلیم، خلفائے راشدین اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے ثابت نہیں ہوا ہے۔ ہاں بعض سلف مثلاً حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ سے منقول ہوا ہے کہ انہوں نے اپنی زندگی میں قبر تیار کروائی اور علماء کا بھی اس بارے میں اختلاف ہے۔ بعض کراہت کے قائل ہیں اور بعض بلا کراہت جواز کے اور بعض حضرات تو مستحب ہونے کے بھی قائل ہوئے ہیں''۔2۔

(۷) بیعت کی حیثیت:

آپؒ کے نزدیک بیعت سے باطنی وروحانی فائدہ حاصل ہوتا ہے اور یہ

1۔ مکتوبات معصومیہ، دفتر دوم، مکتوب:۱۱ 2۔ مکتوبات معصومیہ، دفتر دوم، مکتوب:۵۱

Marfat.com

بدعت نہیں ہے۔ قرآن وسنت سے ثابت ہے، اگرچہ الفاظ بدلتے چلے آئے ہیں لیکن الفاظ کا کوئی اعتبار نہیں کیا جائے گا۔ اپنے ایک ارادتمند کو بیعت کی شرعی حیثیت بیان کرتے ہوئے خواجہ محمد معصومؒ لکھتے ہیں:۔ ''میرے مخدوم! حق جل وعلیٰ کی طلب کرنا اور راستہ جاننے اور بتانے والا پیر پکڑنا اور اس سے عقیدت رکھنا شرعی احکام میں سے ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:۔ ''وَابْتَغُوْا اِلَیْهِ الْوَسِیْلَةَ'' (اور اس (اللہ تعالیٰ) کی طرف وسیلہ تلاش کرو)۔

اور باطنی افادہ و استفادہ کا طریقہ، جس کا نتیجہ پیری و مریدی ہے، پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ سے اس وقت تک جاری ہے۔ کوئی ایسا امر نہیں ہے کہ جس کو مشائخ نے اختراع کیا ہو۔ ان کا سلسلہ آنسرور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک پہنچتا ہے۔ سلسلہ عالیہ نقشبندیہ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے پہنچتا ہے اور باقی تمام سلسلے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے پہنچتے ہیں تو یہ بدعت کس طرح ہوں گے۔ اس بات میں کوئی شک نہیں کہ پیری مریدی کے الفاظ نئے ہیں اور الفاظ کا کوئی اعتبار نہیں ہے۔ اگر یہ الفاظ درمیان میں نہ ہوں، تب بھی معنوی رابطہ اور باطنی فیض کا جاری ہونا اپنی جگہ پر برحق ہے۔''1

(۸) گداگری کا حکم

حضرت خواجہ محمد معصوم سے پوچھا گیا کہ ''یہ بات ثابت ہے کہ جو شخص ایک رات کی خوراک نہ رکھتا ہو۔ اس کو مانگنا حلال ہے۔ آیا یہ حکم رخصت کے طور پر ہے اور

1۔ مکتوبات معصومیہ، دفتر دوم، مکتوب:۱۰۶

Marfat.com

عزیمت اس کے ماسوا ہے یا ایسا نہیں ہے''؟ اس کا جواب دیتے ہوئے آپ لکھتے ہیں:۔''یہ حکم رخصت کے طور پر ہے اور عزیمت مانگنے کے ترک میں ہے''۔ (مکتوبات معصومیہ، دفتر دوم، مکتوب:۳۷) اسلام کن صورتوں میں مانگنے کی اجازت دیتا ہے اور کن صورتوں میں منع کرتا ہے، اس کو بڑی تفصیل کے ساتھ بیان کرتے ہوئے آپ علیہ الرحمہ لکھتے ہیں:۔''حتی الامکان سوال کی طرف اقدام نہ کریں۔ زیادہ سے زیادہ یہ ہے کہ شدید ضرورت کے وقت سوال کرنا مباح ہے۔ مردار اور خنزیر کا گوشت کھانے کی طرح کہ اضطرار کی حالت میں مباح ہے۔ احیاء العلوم میں ہے:۔''البتہ جس سوال کی طرف کوئی مضطر ہوتا ہے تو وہ بھوکے شخص کا اپنی جان پر موت یا مرض لاحق ہونے کے وقت سوال کرنا ہے۔ برہنہ اور کھلے ہوئے بدن والے کے لیے جبکہ اس کے پاس کوئی ایسی چیز نہ ہو، جس سے وہ بدن کو ڈھانپ سکے، سوال کرنا اس وقت مباح ہے جبکہ باقی شرطیں بھی پائی جائیں یعنی مسئول میں اس کے مباح ہونے کی شرط اور مسئول منہ میں اس کے دل سے راضی ہونے کی شرط پائی جائے۔ پس بے شک کسب پر قدرت رکھنے والا شخص جبکہ نکماؤ کاہل ہے تو اس کے لیے سوال کرنا جائز نہیں ہے، لیکن جبکہ اس کے اوقات طلب علم میں مصروف ہوں تو سوال جائز ہے۔'' [۱]

(۹) وظائف کے لیے اجازت:

عام طور پر لوگوں میں مشہور ہے کہ فرائض وسنن کے علاوہ کسی عمل میں کسی

---

[۱] مکتوبات معصومیہ، دفتر دوم، مکتوب:۳۷

Marfat.com

بزرگ کی اجازت کے بغیر ہاتھ نہیں ڈالنا چاہیئے۔ اس مسئلہ کی وضاحت کرتے ہوئے آپ لکھتے ہیں:۔ ''جو نیک اَعمال آنسرور علیہ السلام سے منقول ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا معمول رہے ہیں اور وہ آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے خصوصیت نہیں رکھتے ہیں، ان کو آخرت کے ثواب کی نیت سے بجالانے میں اجازت کی ضرورت نہیں ہے۔ پیغمبر علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام کا عمل ہی اجازت ہے اور امت کے لیے سند ہے۔ ہاں! بعض اَعمال، اَذکار، اَدعیہ (ماثورہ کے علاوہ) اور رقیات (منتر وتعویذات) حاجات براری اور حل مشکلات کے لیے ہیں کہ ان کی تاثیر استاد ومرشد کی اجازت پر موقوف ہے''۔ 1؎

(۱۰) شرعی پابندی نہ کرنے والے کے ہاں کھانا:

بدعتی، رشوت خور اور مختلف قسم کے فسق وفجور اور گناہ کا کام علی الاعلان کرنے والے شخص کے گھر جانا اور کھانا کھانے نیز عشر وصول کرنے والے کے ہاں کھانا کھانے کے بارے تقویٰ وفتویٰ کی وضاحت کرتے ہوئے آپ علیہ الرحمہ لکھتے ہیں:۔

'اس میں شک نہیں ہے کہ اس قسم کے کھانے اور ایسے شخص کے گھر جانے سے بچنا اولیٰ وانسب ہے، بلکہ طریقت کے طالبوں کے لیے کہا جا سکتا ہے کہ لازم ہے۔ ''اِلَّا اَنْ تَتَّقُوْا مِنْهُمْ تُقٰةً'' (مگر یہ کہ تم ان سے پوری طرح بچتے رہو)۔

ضرورت کے مواقع مستثنیٰ ہیں یا کسی ضرورت مند کے

۱۔ (مکتوبات معصومیہ، دفتر دوم، مکتوب: ۳۶)

Marfat.com

کام کے لیے ہو۔ رہی لقمہ کے بارے میں شرعی اباحت! تو اگر
معلوم ہوجائے کہ یہ لقمہ حرام ذریعے سے ہے تو اس کا کھانا حرام اور
اگر معلوم ہو کہ حلال ذریعہ سے ہے تو حلال ہے اور اگر کچھ معلوم نہ ہو تو
وہ لقمہ مشتبہ ہے اور اس کا کھانا جائز اور ترک کرنا اولیٰ ہے"۔ 1

ان اقتباسات سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ خواجہ معصوم کے ہاں فقہی معاملات میں اسلوب کیا ہے، یہ اسلوب حضرت مجدد سے ان کی اولاد میں منتقل ہوا۔ بآسانی دیکھا جا سکتا ہے کہ ذوق مجددی کس طرح اگلی نسل میں منتقل ہوا ہے۔ حضرت مجددؒ کے ذوق فقہی کو اس مکتوب میں ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔ جہاں آپ عدم رفع سبابہ پر دلائل دیتے ہیں اور بعد ازاں شارحین حدیث نے اپنی شروح میں حضرت مجدد کے اس مکتوب کو موضوع بحث بنایا۔

حضرت مجدد کا فقہی ذوق عصر حاضر کی خانقاہوں کے نام ایک پیغام ہے کہ صوفی آزاد روش و آزاد خیال نہیں ہوتا وہ کسی نہ کسی امام کی تقلید کو اپنے لیے باعث اعزاز سمجھتا ہے مگر اس کی فقہی بصیرت اس درجہ کی ہوتی ہے کہ نئے پیش آمدہ مسائل کو اجتہادی بصیرت سے سلجھاتا ہے اور عام فقہی معاملات میں عامۃ الناس کی رہنمائی کرتا ہے۔ اس سے بھی ظاہر ہوتا ہے کہ خانقاہ صرف لطائف کو جاری کرنے کا فریضہ انجام نہیں دیتی تہذیب سازی، تہذیب گری اور انتقال مظاہر تہذیب معاشرہ میں اصل مقام خانقاہ ہی ہے یہاں فکری تطہیر، طہارت اعمال اور تشکیل کردار کا فریضہ انجام دیا جاتا ہے۔

1۔ مکتوبات معصومیہ، دفتر دوم، مکتوب: ۱۰۶

Marfat.com

Marfat.com

خلاصۃ المعارف کی اشاعت

پروفیسر محمد اقبال مجددی

امام ربانی مجدد الف ثانی بین الاقوامی کانفرنس ۲۰۱۶ء کے انعقاد کے موقع پر جہاں بہت سے علمی اقدامات کئے گئے وہاں چار سو سالہ ایک نہایت نادر الوجود مخطوطہ خلاصۃ المعارف کی اشاعت بھی ہے، کتاب فارسی زبان میں ہے اور اس کے مؤلف حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی کے سب سے مقبول خلیفہ حضرت شیخ آدم بنوڑی (ف ۱۰۵۳ھ/ ۱۶۴۳ء) ہیں، اس کا یہ مخطوطہ جس کا عکس اس وقت شائع شدہ حالت میں آپ کے سامنے ہے مجھے ۱۹۷۴ء کو حاصل ہوا تھا، اس وقت سے اب تک (یعنی تقریباً نصف صدی) اس کی اشاعت کی تمنا تھی جو رب کریم نے اپنے فضل و کرم سے اب پوری ہوئی ہے، کانفرنس حاضر کی تقریبات کے سلسلہ میں کانفرنس کے مہتمم جناب محمد ناظم بشیر میرے ہاں تشریف لائے تو میں نے انہیں اس کا اصل اور بیش بہا نسخہ دکھایا کہ عرصہ دراز سے اس کی اشاعت کی آرزو ہے تو انہون نے فرمایا کہ میں اسے اس کانفرنس کے موقع پر ہی شائع کردوں گا، جسے سن کر میں بہت ہی مسرور ہوا اور شکرانہ کے طور پر نوافل ادا کئے کہ ہمارے بزرگوں کی یہ یادگار طبع ہوکر اہل علم کے ہاتھوں میں پہنچ جائے گی۔

خلاصۃ المعارف میں اس کے بزرگ مولف نے اکابر نقشبندی مشائخ کے رسائل کی بنیاد پر اس سلسلہ کی تعلیمات یکجا کردی ہیں اور اپنے روحانی تجربات کی بنیاد پر کچھ اضافات بھی کئے ہیں، اس مخطوطہ کی دو جلدیں ہیں اور پہلی جلد کے دوسرے باب

Marfat.com

کی تیسری فصل میں مولف نے وہ معارف بھی شامل کیے ہیں جوان پر ان کے مرشد کے وصال کے بعد منکشف ہوئے تھے۔

اس کتاب کی جلد دوم میں عمومی مسائل کے علاوہ وہ مسائل کلامیہ وعرفانیہ بھی ہیں جن کا حل مولف کو الہامی طور پر نصیب ہوا تھا۔

خلاصۃ المعارف کی تالیف کا آغاز مولف نے اپنے سفر حج ۱۰۳۵ھ/ ۱۶۲۵ء کے دوران کیا اور تین سال صرف کر کے اسے ۱۰۳۷ھ/ ۱۶۲۷ء کو مکمل کر لیا۔

ہم نے اس کے اُس متن کا عکس شائع کیا ہے جو کتاب کے مرتب اور مولف کے خلیفہ شیخ امین بدخشی کی نگرانی ی میں کتابت ہوا اور خود شیخ بدخشی نے اس پر جا بجا بیش قیمت حواشی لکھے۔

اس کی جلد دوم کے آخر میں بطور ضمیمہ دو نہایت نادر الوجود رسائل کے عکس بھی شامل کئے گئے ہیں جو خود مولف شیخ محمد امین بدخشی کے ہاتھ کے لکھے ہوئے ہیں یعنی المفاضلہ بین الانسان والکعبہ اور کرامات آدمیہ، ان رسالوں اور خلاصۃ المعارف پر شیخ بدخشی کی مواہیر کئی مقامات پر ثبت ہیں۔

امید ہے کہ صوفیہ اور محققین ان سے بھر پور استفادہ کریں گے، ہم نے اس کتاب کی اشاعت کے موقع پر حضرت مولف کی اولاد میں سے ایک بزرگ زادہ سید حلیم الدین بنوری صاحب (مقیم ضلع، سوات) کو اس کانفرنس میں شرکت کی دعوت دی اور وہ اس کتاب کے افتتاح کی اس تقریب میں ہمارے ساتھ شرکت کی سعادت حاصل کر رہے ہیں۔

Marfat.com

مجددی سلسلہ کے چھ مزید قلمی نسخوں کی بازیافت واشاعت

ہم گذشتہ سال امام ربانی کانفرنس کے موقع پر ایک نہایت اہم اور قدیم مخطوطہ خلاصۃ المعارف کی عکسی اشاعت پیش کرنے کی سعادت حاصل کی تھی، اب تین مزید خطی نسخوں کی اشاعت عمل میں آئی ہے، جو آپ کے سامنے ہے، یعنی:

(۱) بھجۃ النظار فی براۃ الابرار (در دفاع حضرت مجدد الف ثانی)

تالیف مخدوم محمد معین ٹھٹھوی، اھل سندھ نے اسے مفقود قرار دے دیا تھا لیکن رب کریم کی رحمت سے پروفیسر محمد اقبال مجددی نے اس نادر الوجود اور اہم کتاب کا قلمی نسخہ ڈھونڈ نکالا اور اسے اشاعت کے لیے ہمارے حوالے کر دیا، جو ان کے مفصل مقدمہ کے ساتھ اب شائع ہو گیا ہے۔

(۲) فضائل الباری فی مناقب حاجی دوست محمد قندھاری

یہ حضرت شاہ احمد سعید مجددی دہلوی ثم مدنی کے خلیفۂ اعظم حضرت حاجی دوست محمد قندھاری کے ملفوظات کا ایک مجموعہ ہے جو آپ کے خلیفہ شیخ رحیم بخش اجمیری ہرصوری نے جمع کیا تھا، یہی بزرگ ۱۸۵۷ء میں حضرات مجددیہ کی دہلی سے ہجرت کے بعد خانقاہ مظہری، دہلی کی خدمت کے لیے حضرت حاجی صاحب کی طرف سے مامور ہوئے تھے۔

یہ نادر الوجود قلمی نسخہ جس کا بظاہر کوئی دوسرا مخطوطہ موجود نہیں ہے کی عکسی اشاعت عمل میں لائی گئی ہے، اس میں بھی پروفیسر محمد اقبال مجددی نے ایک مفصل مقدمہ مرتب کر کے اسے گنج گمنامی سے نکالا ہے۔

Marfat.com

(۳) رسائل خواجہ محمد ہاشم کشمی

یہ حضرت خواجہ محمد ہاشم کشمی کے نادر رسائل کا مجموعہ ہے۔ اس میں بھی بیشتر رسائل ایسے ہیں جن کے قلمی نسخے اب نہیں ملتے، اس مجموعہ پر بھی ہماری درخواست پر پروفیسر محمد اقبال مجددی نے علالت کے باوجود مفصل مقدمہ لکھا ہے، جس کے لئے ہمارا ادارہ ان کا شکر گزار ہے اور اللہ تعالیٰ سے ان کی صحت کامل کے لئے دعا جو ہے۔

حضرات ان تین نادر الوجود مخطوطات کی قابل فخر عکسی اشاعت کے علاوہ کانفرنس حاضر کے موقع پر پیش کی جانے والی ارمغانِ امام ربانی (جلد ہشتم) میں تین اور بہت ہی نایاب قلمی نسخوں کا عکس بھی شامل کیا گیا ہے تا کہ یہ نوادر بھی محفوظ ہو کر اہل علم تک پہنچ جائیں۔

ان میں سے رسالہ وحدت الوجود تالیف مولانا عبداللہ لبیب سیالکوٹی بھی ہے جو انہوں نے اورنگزیب عالمگیر کے ایما پر لکھا تھا، دوسرا نسخہ مجمع التواریخ کا ہے جو مصنف کے والد مولانا محمد صالح کنجاہی کے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے۔

تیسرا بیش بہا قلمی نسخہ کمالات مظہریہ ہے جو مقامات مظہری کا ذیل ہے، ان تینوں مخطوطات پر پروفیسر محمد اقبال مجددی نے نہایت ذی قیمت مقدمات بھی لکھے ہیں، جس کے لیے ہمارا ادارہ ان کی خدمت میں دوبارہ تشکر ممنون عرض کرتا ہے۔

یہ چھ بیش بہا قلمی نسخے پروفیسر محمد اقبال مجددی صاحب کے ذخیرہ میں محفوظ ہیں جو اب پنجاب یونیورسٹی لائبریری، لاہور کی زینت ہیں، ہم لائبریری کے عملہ کے تعاون کے لیے بھی ان کے مشکور ہیں۔

محمد ناظم بشیر نقشبندی مجددی

Marfat.com

گوشۂ تحقیقاتِ

محمد اقبال مجددی

Marfat.com

Marfat.com

بازیافت یک مخطوطۂ مفقودہ

رسالہ در وحدت الوجود

عکس مبنی بر نسخۂ خطی منحصر بفرد

تالیف

مولانا عبداللہ لبیب سیالکوٹی (ف ۱۰۹۴ھ/ ۱۶۸۳ء)

ابن علامہ عبدالحکیم سیالکوٹی (ف ۱۰۶۷ھ/ ۱۶۵۷ء)

بامر اورنگ زیب عالمگیر تالیف شد

بمقدمہ

محمد اقبال مجددی

Marfat.com

مقدمہ

مولانا عبداللہ سیالکوٹی

مولانا عبداللہ بن علامہ عبدالحکیم بن شمس الدین سیالکوٹی گیارھویں صدی ہجری سترھویں صدی عیسوی کے اکابر علماء میں سے تھے۔

مولانا عبداللہ کے والد گرامی علامہ عبدالحکیم سیالکوٹی (ف ۱۰۶۷ھ/ ۱۶۵۷ء) عہد اکبر، جہانگیر وشاہ جہان کے اکابر علماء ومشائخ میں سے تھے، علامہ کے تین فرزندوں کے نام ملتے ا ہیں لیکن ان میں سے قابل ترین فرد مولانا عبداللہ ہی تھے۔

مولانا عبداللہ کی ولادت سیالکوٹ میں ہوئی اپنے والد بزرگوار سے علوم عقلیہ کی تحصیل کے بعد مولانا شیخ نورالحق مشرقی (ف ۱۰۷۳ھ/ ۱۶۶۳ء) بن شیخ عبدالحق محدث دہلوی (ف ۱۰۵۳ھ/ ۱۶۴۲ء) کی خدمت میں حدیث پڑھی اور سند فراغت حاصل کی۔ ۲ مولانا عبداللہ اپنے والد کے حین حیات ہی علمی دنیا میں شہرت حاصل کر چکے تھے، ان کے معاصر مورخ محمد صالح کنبو نے کیا شاندار الفاظ میں مولانا کی علمیت کا تذکرہ کیا ہے:

> درجمیع امور بہمہ وجوہ بارث واستحقاق جانشین آں جناب عرفان مآب مجموعۂ کمالات انسانی حقائق ومعارف آگاہ مولانا عبداللہ

ا علامہ عبدالحکیم کے تین فرزند تھے ملا رحمت اللہ، ملا عبداللہ لبیب اور ملا رحمن قلی (شرافت، شریف احمد نوشاہی: شریف التواریخ / ۳۱۷)

۲ عبدالحی حسنی: نزھۃ الخواطر ۵ / ۲۵۳

Marfat.com

خلف الصدق آنحضرت (علامہ عبدالحکیم سیالکوٹی) است کہ جامع جمیع علوم است وصاحب مکارم اخلاق وکرایم اغراق ومحاسن شمائل و محامد خصایل، امید کہ ایزدتعالیٰ آں مظہر فیض ایزدی ومورد عنایات سرمدی رامسند آرای انجمن فضائل بسی مال دارد۔ ا؎

گویا مولانا عبداللہ سیالکوٹ میں ہی اپنے والد کے جانشین اور اُسی مدرسہ میں تاحیات درس وتدریس کی خدمت انجام دیتے رہے، آپ کی علمیت اور درس میں انہماک کی شہرت سارے ہندوستان کے علاوہ عالم اسلام تک پہنچ چکی تھی، آپ کے تلامذہ کی تعداد اپنے والد کے شاگردوں کی طرح بہت زیادہ تھی۔

مولانا عبداللہ سیالکوٹی کا سیالکوٹ میں رجب ۲؎، ۱۰۹۴ھ/ ۱۶۸۳ء کو انتقال ہوا ۳؎، مولانا کے چار فرزند تھے، جنہیں آپ کی وفات کے بعد اورنگ زیب نے وظائف دیئے ۴؎ آپ کی ایک صاحبزادی کے فرزند محمد فضل اللہ تھے جنہوں نے مولانا کی تالیف تفسیر سورۂ فاتحہ پر حواشی لکھے تھے۔ ۵؎

مولانا عبداللہ کا لقب ''لبیب'' تھا جو ان کے تبحر علمی کے باعث ان کے والد کے حین حیات ہی مشہور ہو گیا تھا، مولانا کے والد نے اپنے اس فرزند عزیز کے

ا؎ محمد صالح کنبو: عمل صالح (شاہ جہان نامہ) ۳/ ۲۹۵

۲؎ نزہتہ الخواطر ۵/ ۳۰۴

۳؎ مستعدخان، محمد ساقی: تاثر عالمگیری ۲۲۸، صاحب نزہتہ الخواطر نے وفات کا مہینہ رجب اور سنہ ۱۰۹۳ھ م آثر عالمگیری کے حوالہ سے دیا ہے لیکن م آثر میں مولانا کا سنہ انتقال ۱۰۹۴ھ درج ہے، گویا مؤلف نزہتہ کو سہو ہوا ہے۔

۴؎ م آثر عالمگیری ۲۲۹

۵؎ رک تالیفات مولانا عبداللہ

Marfat.com

لیے کئی کتابیں تالیف کیں تو ان کے آغاز میں اپنے اس قابل فخر بیٹے کا لقب لبیب لکھا ہے۔ ۱؎

مولانا عبداللہ سیالکوٹی اور اورنگ زیب عالمگیر

مولانا عبداللہ نے مغل سلاطین میں سے جہانگیر، شاہ جہان اور اورنگ زیب عالمگیر کا زمانہ پایا، یقیناان کے ساتھ آپ کے تعلقات اچھے رہے ہوں گے لیکن ہمیں دو اول الذکر سلاطین کے ساتھ آپ کے تعلقات کے متعلق کوئی معلومات نہیں ہیں البتہ اورنگ زیب عالمگیر (۱۰۶۸۔۱۱۱۸ھ/ ۵ / ۱۶۵۸۔۱۷۰۷ء) کے ساتھ آپ کے بہت ہی خوشگوار اور عقیدت مندانہ مراسم تھے، جس کی تفصیل اس طرح ہے:

۱۰۸۶ھ/ ۱۶۷۵ء کو جب اورنگ زیب عالمگیر حسن ابدال میں تھا تو اُسے آپ کی علمیت اور دیگر اوصاف کا علم ہوا، اس نے ملاقات کا اشتیاق ظاہر کیا تو مولانا بادشاہ کے لشکر کے لاہور پہنچنے سے چند روز پہلے لاہور آ گئے، جہاں مولانا کی بادشاہ کے ساتھ چند مرتبہ ملاقات ہوئی، وہ آپ سے مل کر بہت ہی خوش اور متاثر ہوا، جب آپ لاہور سے اپنے مستقر سیالکوٹ کے لیے روانہ ہونے لگے تو اس نے آپ کو دو سو اشرفیاں اور ایک مادہ ہاتھی دے کر بڑے ''اعزاز اور احترام تمام'' کے ساتھ رخصت کیا۔ ۲؎

ہمارا قیاس یہی ہے کہ بادشاہ نے آپ کو وحدت الوجود پر رسالہ لکھنے کی یہیں لاہور میں فرمائش کی ہوگی، گویا یہ رسالہ حدود ۱۰۸۶ھ/ ۱۶۷۵ء کو تالیف ہوا ہوگا۔ ۳؎

۱؎ ملاحظہ ہو عکس مخطوطہ در آخر مقالہ حاضر

۲؎ مآثر عالمگیری ۱۴۹

۳؎ رک تالیفات مولانا

Marfat.com

اورنگ زیب کے ساتھ آپ کی دیگر ملاقاتیں اجمیر میں ۱۰۹۴ھ/ ۱۶۸۳ء کو ہوئیں جب کہ بادشاہ خود اجمیر میں تھا اور مولانا بھی کسی کام سے وہاں گئے ہوئے تھے، بادشاہ نے جو اس قسم کے کامل افراد کی تلاش میں رہتا تھا، آپ کو منصب صدارت کی پیش کش کی، اس سلسلہ میں اس نے اپنے دست خاص سے فرمان تحریر کیا اور اپنے مقرب خاص نجتاور خان (ف ۱۰۹۶ء/ ۱۶۸۵ء) کے ذریعہ جو بادشاہ اور علماء وفقراء کے مابین تعلقات استوار کرنے پر مامور تھا کو حکم دیا کہ تم بھی اس قسم کا ایک مکتوب مولانا کی خدمت میں لکھو، تو اس امر کے تحت اس نے یہ اقدام کیا جس کے جواب میں مولانا نے کہا کہ اب میری عمر ختم ہونے کے قریب ہے، میرا دنیا سے رخصت ہونے کا وقت ہے نہ کہ شہرت حاصل کرنے کا، آپ کے الفاظ ہیں:

''زمان فراق است، نہ آوان تحصیل شہرت در آفاق''

بادشاہ کو آپ کے یہ الفاظ بہت پسند آئے۔

آپ حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری کے مزار مبارک کی زیارت کے بعد اورنگ زیب سے کئی بار ملے، چند روز اس کے ساتھ رہے اور وہ برابر آپ کی صحبت سے حظ حاصل کرتا رہا، اسی سال جب آپ اجمیر سے واپس سیالکوٹ گئے تو آپ کا انتقال ہو گیا۔ ۱؎

جب اورنگ زیب نے آپ کے وصال کی خبر سنی تو آپ کے چاروں فرزندوں اور اہلیہ کے لیے خلعت تعزیت اور ان کے وظائف میں اضافہ کر دیا۔ ۲؎

۱؎ مآثر عالمگیری ۲۲۸۔۲۹

۲؎ ایضاً ۲۲۸

Marfat.com

بختاور خان نے خود لکھا ہے: یک سال و چند ماہ پیش از آنکہ مرقبلہ بیماری ملک بقا گردد.....مولف مجموعہ (مراۃ العالم) مطابق حکم کرامت شیم بنا بر ربطی کہ ب آں جامع کمالات داشت، پیام صدارت رساند، برزبان صدق بیانش گذشت کہ الحال کہ سنین عمر بستین رسیدہ، وقت ترک نوکری ست، نہ اختیار نوکری.....

ومولانا (عبداللہ سیالکوٹی) بعد از چند روز باعزاز تمام رخصت انصراف یافتہ، بوطن رسید، شب جمعہ سنہ بیست و ششم از جلوس معلیٰ مطابق سنہ ہزار ونود و چہار ہجری ب آزار لقوہ رخت بدارالامن عاقبت کشید، ..... ومواضع مدد معاش کہ بعداز والد ب آں بقیۃ السلف بحال ماندہ بوددریں وقت ہر فرزندانش بحال ماند۔ ا؎

اس اقتباس سے مندرجہ ذیل نتائج اخذ ہوتے ہیں:

(۱) اورنگ زیب عالمگیر نے جب صدارت کا عہدہ پیش کیا تو مولانا عبداللہ کی عمر ساٹھ سال ہو چکی تھی، مآثر عالمگیری کی تصریح کے مطابق آپ اجمیر میں بادشاہ سے مل کر واپس سیالکوٹ چلے گئے اور اسی سال ۱۰۹۴ھ کو آپ کا انتقال ہو گیا گویا وفات کے وقت ان کی عمر ۶۱ سال تھی جس سے ہم قیاس کر سکتے ہیں کہ ان کی ولادت حدود ۱۰۳۲ھ/ ۱۶۲۳ء کو ہوئی۔ ۲؎

(۲) آپ کا وصال مرض لقوہ میں ہوا۔

ا؎ بختاور خان: مراۃ العالم ۲/ ۴۵۵

۲؎ یعنی ۱۰۹۴۔ ۱۰۳۳=۶۱ھ

Marfat.com

مورخین کا خراج عقیدت

محمد ساقی مستعد خان نے لکھا ہے:

قدوة الافاضل مولوی عبداللہؒ سیالکوٹی پسر ملاعبدالحکیم مرحوم که فقررا بافضل همنشین دارد و مکارم اخلاق رابامحامد آداب قرین... ا۔ آں سرآمد عقلا رابکمال فضل طرف فقر غالب بود و عقل معاش باعقل معاد جمع داشت ۲۔

بختاور خان کا قول ہے:

باقتنای علوم و تحقیق د قائق ممتاز بود و بحفظ کلام مجید وقلت اختلاط بار باب دول ورغبت طبع بانزواء وگوشه نشینی بروالدماجد خود مزیت داشت..... ۳۔

غیر مسلم مورخ سجان رائے بٹالوی نے ان الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا ہے:

مقتدای اهل اللہ رهنمای خلق االله مولوی عبدالله خلف دوئمی آں مغفور (علامه عبدالحکیم) ...

ا۔ مآثر عالمگیری ۱۴۸۔۱۴۹

۲۔ ایضاً ۲۲۹

۳۔ بختاور خان: مراۃ العالم ۲ / ۴۵۵، فرحۃ الناظرین ۱۰۴

فضائل معنوی رابا علوم صوری همدوش و درویشی رابا

Marfat.com

فضیلت ہم آغوش گردانیدہ از افزونی حسن اخلاق و رہنمائی طبقات خلائق ایں بزرگ را "امام وقت" گفتندی ا ؎

میلان بہ تصوف

مولانا عبداللہ سیالکوٹی کا رجحان تصوف کی طرف بھی تھا، موصوف علوم عقلیہ و نقلیہ کے عالم اجل تو تھے ہی لیکن اپنے والد گرامی علامہ عبدالحکیم کی طرح وہ بھی صوفیہ کرام سے برابر فیض یاب ہوتے رہے، کتب تاریخ اور تذکروں میں ان کے اس میلان کا ذکر تو ملتا ہے لیکن کسی نے یہ نہیں بتایا کہ وہ کن سے بیعت ارادت رکھتے تھے۔

عین ممکن ہے کہ اپنے استاد حدیث مولانا شیخ نورالحق مشرقی بن شیخ عبدالحق محدث دہلوی سے بیعت ہوں، یا خواجہ حسام الدین احمد (ف ۱۰۴۳ھ/ ۱۶۳۳ء) خادم خاص حضرت خواجہ باقی باللہ کے عقیدت مند ہوں کیوں کہ تذکروں میں یہ روایت ملتی ہے کہ شیخ محدث کو جب جہانگیر نے کشمیر طلب کیا تو آپ اور خواجہ حسام الدین احمد براستہ سیالکوٹ کشمیر جانے کے لیے اس لیے نکلے تھے کہ شیخ محدث سے علامہ عبدالحکیم کی ملاقات ہو جائے ۲ ؎ تاہم اس وقت تک ہمیں مولانا عبداللہ کے کسی شیخ طریقت کے نام کا علم نہیں ہے۔

ا ؎ سجان رائے بٹالوی: خلاصۃ التواریخ / ۷۳

۲ ؎ خواجہ کلاں: زادالمعاد ۳/ ۱۵۸۔۱۶۰، ۴/ ۸۹۔۹۰

Marfat.com

تالیفات

درس و تدریس مولانا عبداللہ سیالکوٹی کا دائمی شغل تھا، آپ کی تالیفات بھی زیادہ تر درسی نوعیت کی ہیں: یقیناً آپ کی تالیفات کی تعداد زیادہ ہوگی لیکن ہمیں اب تک آپ کی حسب ذیل عربی کتابوں کا علم ہو سکا ہے:

(۱) تفسیر سورۃ الفاتحہ

اس تفسیر کے دو خطی نسخے نیشنل لائبریری، اسلام آباد، پاکستان کے ذخیرۂ مفتی فضل عظیم بھیروی میں موجود ہیں۔ ا؎ اس کا ایک نسخہ رضا لائبریری رام پور میں بھی محفوظ ہے۔ ۲؎ اس تفسیر پر مولانا عبداللہ کے خواہر زادے محمد فضل اللہ نے ۱۷۰۲ء کو حواشی لکھے تھے جس کا قلمی نسخہ انڈیا آف لائبریری، لندن میں ہے۔ ۳؎

(۲) التصریح بغوامض التلویح

یہ اصول فقہ کے موضوع پر ہے، یہ آغاز سے مقدمات اربعہ تک کی توضیحات پر مشتمل ہے۔ ۴؎ یہ کتاب ۱۲۷۹ھ کو ہندوستان میں طبع ہوئی تھی۔ ۵؎

ا؎ احمد خان: فہرس المخطوطات فی پاکستان ۸/ ۳۱۰_۳۱۱، ۵/ ۱۳۱

2؎ Arshi, I.A: Cat of Arabic MSS, in Raza library vol.I p.288

۳؎ علاء الدین خان: عہد اورنگ زیب میں علماء کی خدمات ص ۲۲۲

۴؎ عبدالحی حسنی: نزہۃ الخواطر ۵/ ۲۵۴

۵؎ احمد خان: معجم المطبوعات العربیہ فی شبہ القارہ ۳۶۸

Marfat.com

(۳) حاشیہ علی التلویح

علامہ سعدالدین تفتازانی کی کتاب پر حواشی ہیں، یہ بھی ہندوستان میں ۱۲۷۹ھ کو طبع ہوئی تھی۔ ۱؎

(۴) زاداللبیب فی سفر الحبیب

اس کا قلمی نسخہ پشتو اکادمی، پشاور میں ہے۔ ۲؎

(۵) حاشیہ علی الھدایۃ

ہدایہ پر آپ کے حواشی بہت مقبول ہوئے۔ ۳؎

(۶) دیباچہ شرح وترجمہ غنیۃ الطالبین

اپنے والد گرامی کی اس شرح وترجمہ فارسی پر مولانا عبداللہ نے ایک ابتدائیہ لکھا تھا، جو اس کے مطبوعہ ایڈیشن کے آغاز میں شامل ہے۔

(۷) رسالہ در وحدت الوجود (فارسی نثر)

مولانا عبداللہ سیالکوٹی نے وحدت الوجود پر یہ رسالہ اورنگ عالمگیر کے اس سوال کے جواب میں لکھا جو اس نے عندالملاقات آپ سے پوچھا تھا کہ آپ کے والد بزرگوار نے آپ پر مسئلہ وحدت الوجود کس طرح واضح کیا تھا؟، خود اس طرح وضاحت کرتے ہیں:

۱؎ ایضاً: ۳۶۸

۲؎ احمد خان: فہرس المخطوطات العربیہ فی پاکستان ص ۵۳۵

۳؎ صباح الدین عبدالرحمن: بزم تیموریہ ۳/ ۳۳

Marfat.com

چون در خاطر قدسی مناظر خلیفۃ اللہ فی ال آفاق، مالک الریاستین بالاستحقاق، السالک الکامل..... امیر المومنین انسان کامل بیدار دل آگاہ باطن روشن ضمیر ابوالمظفر محی الدین محمد اورنگ زیب بادشاہ عالمگیر مرکوز شد کہ مہین دانشور و بہن بینش گستر از علوم ظاہریہ و باطنیہ باخبر عارف عالم علوم اولین و آخرین والد فقیر عبدالحکیم بن شیخ شمس الدین در دانش مسئلہ توحید مختار صوفیہ وجودیہ دریا کشای رحیق تحقیق پیش کہ مستغرق لجہ بحر عمیق اند مسلم است ازیں نکتہ خفیہ بہیہ در خلوت فیض جلوۃ استفسار فرمودند، ایں دریوزہ کہ محرمان نہانخانہ جمع انجمن فرق حسب مساعدت وقت بجواب اجمالی اکتفا کرد و سزاوار آں دیدآں درمکنون را بہ تحقیق خبر رشتہ کشف نتواں سفت از صدف تواری بتحریر تمثیل نزدیک بفہم برآرد و از نظر حقیقت گزین معرفت اثر بگذراند، بنا برآں نکتہ چند بے ربط و پیوند در بیان یعنی کہ گفتن آں ناگفتن و ناگفتن آں گفتن است، مرقوم گردید.....

اس رسالہ میں آپ نے اس کی تالیف کے محرک اورنگ زیب عالمگیر کے لیے ''خلیفۃ اللہ فی ال آفاق، انسان کامل'' جیسے القاب لکھ کر اُسے حامی دین متین قرار دیا ہے۔

رسالۂ وحدت الوجود کا پہلا معاصر حوالہ امام الدین ریاضی کے تذکرہ باغستان میں ملتا ہے، جس کے مؤلف نے یہ رسالہ حاصل کر کے اس کا مطالعہ بھی کیا تھا، لکھتے ہیں۔

آوردہ اند کہ بادشاہ بدیشاں گفت کہ والد شما مسئلہ وحدۃ الوجود چہ طور

Marfat.com

تلقین شما کردہ اند؟ آنرا می خواہیم از زبان شما شنویم کہ گویا از مولوی مرحوم (علامہ عبدالحکیم سیالکوٹی) شنیدہ باشیم ایشاں خود در آں وقت بجواب اجمالی کہ مقتضای وقت بود اکتفا کردند و گفتند کہ چوں ایں سخن شرح طلب است، اگر امر شود بزودی رسالہ موجزے در حل ایں امر شگرف تحریر نمودہ بسمع مبارک رساند، فرمود بہتر، چنانچہ اخوند در اندک فرصتے رسالۂ بسیار خوب در حل مسئلہ وحدۃ الوجود تصنیف کردہ بعرض رسانیدند وفقیر ایشاں را ہم در آں ایام دریافتہ آں رسالہ حاصل نمودہ بمطالعہ درآوردہ ا ؎

صاحب نزہتہ الخواطر (۵/ ۲۵۴) نے اس رسالہ کا ذکر جس طرح کیا ہے اس سے قیاس کیا جا سکتا ہے کہ یہ ان کی نظر سے گذرا ہے۔

اس نادر الوجود رسالہ کا قلمی نسخہ پاکستان کے مشہور مخطوطہ شناس جناب خلیل الرحمن داودی (ص ۲۰۰۲ء) کے پاس تھا جو ایک مجموعہ رسائل تصوف میں مجلد تھا، مرحوم کے حین حیات ان کی اجازت سے اس کی عکسی نقل کروالی گئی تھی جو اس وقت پیش خدمت ہے چونکہ ہمیں اب تک اس رسالہ کی کسی اور خطی نسخہ کے وجود کا علم نہیں ہے اس لیے اس کا سردست عکس ہی شائع کیا جا رہا ہے تا کہ مستقبل میں کسی کو اس کا کوئی اور نسخہ ہم دست ہو تو وہ اس سے تقابل کر کے اس کا متن مرتب کر سکے۔

ا ؎ امام الدین ریاضی: تذکرہ باغستان، قلمی بحوالہ شبیر احمد خان غوری: اسلامی ہندستان کی علمی خودداری (الدرۃ الثمینہ ملا عبدالحکیم سیالکوٹی) مقالہ مشمولہ معارف، ستمبر ۱۹۶۷ء ص ۲۱۵)

Marfat.com

مآخذ مقدمہ

۱۔ آزاد، غلام علی بلگرای: مآثر الکرام مرتبہ محمد عبدہ، لاہور ۱۹۷۱ء

۲۔ احمد خان: فہرس المخطوطات العربیہ فی باکستان، ریاض ۲۰۱۳ء

۳۔ ایضاً: معجم المطبوعات العربیہ فی شبہ القارۃ الہندیۃ الباکستانیۃ، ریاض ۲۰۰۰ء

۴۔ بختاور خان: مراۃ العالم مرتبہ ساجدہ علوی، لاہور ۱۹۷۹ء

۵۔ خواجہ کلاں، عبید اللہ: زاد المعاد (احوال خواجہ حسام الدین احمد) تحقیق و تعلیق و ترجمہ محمد اقبال مجددی، گوجرانوالہ ۲۰۱۳ء

۶۔ رحمن علی: تذکرہ علمائے ہند ترجمہ و حواشی محمد ایوب قادری، کراچی، ۱۹۶۱ء

۷۔ سجان رائے بٹالوی: خلاصۃ التواریخ مرتبہ ظفر حسن، دہلی ۱۹۱۸ء

۸۔ شبیر احمد خان غوری: اسلامی ہند کی علمی خودداری (الدرۃ الثمینہ) مقالہ مشمولہ معارف، ستمبر ۱۹۶۷ء

۹۔ شرافت، شریف احمد نوشاہی: شریف التواریخ، گجرات ۱۹۸۳ء

۱۰۔ صباح الدین عبدالرحمن: بزم تیموریہ، اعظم گڈھ، دار المصنفین ۱۸۸۱ء

۱۱۔ عبدالحی حسنی: نزہۃ الخواطر، حیدرآباد، دکن ۱۹۵۵ء

۱۲۔ علاء الدین خان: عہد اورنگ زیب میں علماء کی خدمات، دہلی ۲۰۱۳ء

۱۳۔ فوق، محمد الدین: سوانحات عمر علامہ عبدالحکیم سیالکوٹی، لاہور ۱۹۲۴ء

۱۴۔ محمد اسلم پسروری: فرحت الناظرین ترجمہ و حواشی محمد ایوب قادری، کراچی ۱۹۷۲ء

۱۵۔ محمد زبیر مجددی: آفتاب پنجاب (سوانح علامہ عبدالحکیم سیالکوٹی) سیالکوٹ ۲۰۱۴ء

۱۶۔ مستعد خان، محمد ساقی: مآثر عالمگیری، کلکتہ ۱۸۷۱ء

Marfat.com

۱۷۔ محمد صالح کنبو: عمل صالح (شاہ جہان نامہ) مرتبہ غلام یزدانی و وحید قریشی، لاہور، ۱۹۷۲ء

18- Arshi, I.A Cat. Arabic Mss. in Raza Library, Rampur, 1963

لاہور

۱۹۶۔ بی سبزہ زار، لاہور

مخلص

محمد اقبال مجددی

۱۶/اگست ۲۰۱۷ء

Marfat.com

رنبشیر بسم اللہ الرحمن الرحیم ونحمدہ

رسالہ توحید از سوانح عبادیہ سبحانی

ہذا رسالۃ یحوی من اللہ العزیز العلیم سبحان من لیس فی الوجود الا ہو وما الاول والآخر والظاہر والباطن الا ہو آبدا روشن

حق افضل الانام علیہ افضل التحیۃ والسلام کان اللہ ولم یکن معہ شیء وقالوا ہو الآن کما کان فلیس غیرہ الا فہ چون در خاطر قدسی مناظر خلیفۃ اللہ فی الآفاق مالک الرقاب سلاطین بالاستحقاق ابوالکمال ابن السید الشریف السید امیر المومنین ابن السید الکامل السید الاوحد الاکمل السید الاتقی الاورع السید الاصفی الاسعد السید الاسنی الاشرف السید الاجل الاکرم السید الاعظم الاعلم السید الاوحد الاکمل السید الاتقی الاورع السید الاصفی الاسعد السید الاسنی الاشرف السید الاجل الاکرم السید الاعظم الاعلم باطن روشن ضمیر ابو المظفر محی الدین محمد اورنگ زیب بادشاہ عالمگیر مکور شد کہ ہمین دانشنور و ہمین منش گشتہ از علوم ظاہرہ و باطنیہ باخبر عارف عالم جمیع اولین و آخرین والد فقیر عبد الحکیم بن

Marfat.com

شیخ شمس الدین ابن دروپیش سلسلهٔ توحید مخصوص صوفیه وحدویه دریا ۱۵۶
کشتهٔ رحیق تحقیق پیش گرفته مستغرق لجهٔ این بحر عمیق اند مسلم است
از این نکته خفیه بهره و از خلوت فیض جلوه استفسار فرمودند این
دریوزه گر محرمان نهانخانهٔ جمع و انجمن فرق حسب اندت وقت
بجواب اجمالی اکتفا کرده عنان از آن دیده آن در مکنون را به
تحقیق خبر رشته کشف عنوان ساخت از صدف تحریر بتحریر
تشنه بزلال یک فهم برآرد و از نظر حقیقت کرین معرفت
اثر نگذرند بنا بران نکته چند بر ربط و بیان بعبارت گفتن
آن ناگفتن و ناگفتن آن گفتن پیوست مرقوم گردید تصویر این
سخن بطور شیخ کمال شیخ محی الدین این عربی رئیس طایفهٔ صوفیه صافی
آنست که اسم و صفات واجبی عین ذات و عین یکدیگر
و قد قالوا ان الاسم هو المسمی و لقد و تا نرست مگر ز حضرت علیم
که از تعین و وحدت می خیزند و حقیقت تشخص میدرنند یا
بخو تعینی که از تعین ثانی واحدیت میگویند و حقایق سر مکنات
می پندارند و همین صور معقوله منفصله را در حضرت علیم و در اصطلاح
اعیان ثابته میگویند و حصول اینها بسبب فیض اقدس است و بهکدام
زاینها از اثر وجود و غیر وجود می ندارد و بیکسی و بیگانگی از احدیه

Marfat.com

خرد موجودیت ذہنی اعیان خارجہ عکس اعیان ثابتہ است و مرات
وجود وجود تخیلی بہم آرد چو صورت متخیلہ در مرات وجود این
تخیل از صنع علیم حکیم است بسبب التفات تام برفع وہم و تخیل مرتفع
نگردد و ثواب و عذاب بران مرتب شود و بودن این اعیان
بتخیل نظر بمرتبہ ربوبیہ است نہ بمرتبہ عبودیہ چنانچہ صورت مرات
در مرتبہ وانش تخیل وہم است و کودک از اکس بندارد کہ
ہم سخن او کرد و لقاوت دیدار مشتہی مشہور نسخ موریہ
بر کاغذ دید و قدم کفت اموریہ و کر این زار ہم کہ عجب نقشہا
آن کلک کی نہ ہمچو ریحان ہمچو سوسن زار و ور و کفت آن مور
راضع است آن ہمہ ور و این قدم در فعل فوعت و اثر کفت
ہمچنین میرفت بالا تا یکی ہمتر موران فطن بود و اندکی بالکفت
کر صورت بیند زین ہنر کان نجوزب و مرکی دو دہ خبر صورت
آمد چون لباس و چون عصا جز بعقل و جان نجنبد نقشہا نکتہ
ہر کہ حاجب خود را بغیر حق برد کودک مزاجی راست یا بند خیال
و مور کو تا نظر و خیال کز پی ہست غافل از حقیقت حال و از شان
ایاک نستعین ہمرہ و بخرت چنان عمر عزیزت کذشت

مزاج

Marfat.com

Marfat.com

از سه وجه امکان قدیم ثابت اول آنکه مذهب اهل حق قول نبا بد
صفات ست بر ذات سه دوم آنکه وجوب منافی امکان و منافی لوازم
مستلزم منافی ملزوم ست پس اثبات هر دو لازم مر ذات
واحد را مستلزم منافی شی با نفس خویش سیوم آنکه ثبوت مرتبه
ز جهت مغائرت ست پس استکمال بغیر لازم و دفع این سه استدلال
بر سه اصل محقق و واقف طرق غائله واضح و مناهل صادق الضلل
ملازم تحریر سدید بدفع مسئله میتوانند شد تشبث این جمع سخن بارفات
مرتبه بکمتر و تفاوت احکام از وجوب و امکان که ابراز احالی دیگر و
مرتبه دیگر می باید و هر کس و رحال و هر وقت ظهر بران نیا بد
هر کفی حمام شریعت بر کف سندان عشق نهد هر هیئت که ندارند جام و
سندان باختن آنست که حقیقت جامع با اختلاف انواع و اوصاف
از شخاص نیست است نه غیران و احکام و آثار مختلف و خواص با نسب غیر جامع
است و طلب منافع یکی از دیگر عین فاحش به سهو واضح ست
و حفظ مرتبه هر کدام در احکام و آثار لازم تمثیل دیگر شخصیه در اختلاف
هیئت تصغیر و تکبیر و طول و قصر در استواء و تحدیب و تقعیر و دیگر اختلاف
منتشر و مختلف ظاهر شود و حکم صورت هر آئینه مخالف دیگر و حکم آن صورت
خارجیه غیر حکم آن صورت متخیله و این صورت بر وحدت خود با قی و بر

خیالیت

Marfat.com

٦

خیرات و دو هزار نه که سنگر ہے روبہ ؛ نصورت حقیقت تشنیع
ہر جا کہ سنگرم تو نمودار بودہ ای ؛ نمودہ رنج توجہ بسیار بودہ
تشنیع بکرامذہب بعضی از اشاعرہ آنست کہ کلام صفت پیشخصیہ حقیقیہ
در ازل ہیچ نوع از انواع خبر و امر و نہی و استفہام و ندا
متصف نیست و انواع اعتباریہ بحسب تعلقات ہم رسیدہ و صفت
واحد حقیقی را انواع و با آن انواع موجود و ہر نوع حکم مخالف
و منافی نوعدیگر متعلق و صفت قدیم و انواع ہمہ حادث و کلام
ہر ہر کدام محمول و نفی کلام از اینہا کفر شدید شریف این قول را
تصحیح کردہ نیز در تشبیہ این نسبت امواج و حباب و انہار
بحر می آرند قال الشیخ موید الدین الجندی شرح البحر بحر ما کان
فی القدم ان الحوادث امواج و انہار فیہ و الحباب اشکال تتشکل
عن تشکلہ فیہا فہی استعارۃ موجہا کہ بحر است در ازل جملہ مرآت
حباب بود اگرچہ آب و حباب باشد و ہوا در حقیقت حباب
آب بود پس ازین روی است اشیاء در ازل چون است
سراب بود و نیز شیخ مذکور در شرح فصوص الحکم گفتہ شعر
مشرب التحقیق الاتم التحقیق ان لا یحجبہ ارواح عن ما وہ حجب
الصورۃ الجسمیۃ لا یسبق فی الوجود عن اصلہ کذا لک الصورۃ الروحیۃ

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

۱۶۱ ۱۴

Marfat.com

چه خود دارد و مرتبه عبودیت را متحقق شد بمشقت اعلی شیر
نماید و حکمت ارسال رسل و انزال کتب بتکلیف هویدا شد و مغز هم شد
صوتهم و اعون که صورت حقیقت و صف حال او کرد و در و لیست
که مقصود او فرمایش است و عبادت روحانیت برسد و نیز در مسند
مسند این در و گفته است آه ز پستی و بر آه آه کز تو نظم
کشت هر کونین زره و دریا ب که غیر ذرت مقدسه بمنزله هوز علیه
نسبت تا در مرتبه ربوبیت است نه در مرتبه عبودیته پس هر که متحقق
و منجی بکلیه و بصر و بی لیسمع گردد و کشف این دقیقه و لکم لکلمات
لوازم این مرتبه داند بدانجا سخن ناتمام شده تمام شد و دست
از قلم و که نخ ذهنی کردید و تمیز الشمال عن الیمین و الیمن عن الشمال
و انقطع الحال بالصحو الکی کان قد انقطع هو بکمال چون رسید
بدانجا سخن لن ترانی چون رسید بدانجا قلم و هم شکست
لب ببند از چه فصاحت دست دارد دم مزن والله اعلم بالرشاد
بر لب بامی تو مست مدام بنشین یا فرو داد و سلام از
از حجاب نظران دیده باز ار که خرد و نکنند و نفهم ار صلح سهو و خطا
و رسد از تند. غلدم همتی آن عارفان باکرمم که کنند عیب
نه هند صید خطا پوشند تا پس از نکارش این رقوم از مغفور مرحوم

Marfat.com

حقایق و معارف که شیخ محمد معصوم ممتاز ساخته نقشبندان
سرهند را چند در بیان این سرحد و بدیده شد خلاصه آن مطلب قاصر
اینجا در آمده است صوفیه بوحدت وجود قائل اند و علمای ما از کفر
زنادقه میدانند نزاع هر دو فرقه لفظی راجح است وجود ضعیف
ممکنات در نظر صوفیه خیال محض است و عدم مطلق و همه اشیاء
ظهورات حق تعالی اند نه عین حق تعالی جل سلطانه و در مقابل همه
اوست و همه از اوست و نظر علمای ما تعلق احکام تکلیفیه برعین
وجود منحصر و این بمنزله مغایرت آن حقیقت مجوره و لهذا
آنرا عالم حقیقی نامند و این عالم مجازی و هر دو طائفه بمضمون
هدایت مشحون کل شیء هالک الا وجهه متعرق و متحیر دانسته اعلم
بحقیقة الامر از جمله مشکلات متعلقه این مسئله یکی را ذکر کنم تا همت
همه اهل دانش و رحمت مشتاقان مصروف شود شیخ این عبارات
بسبب بعض عبارات او در تصویر مسئله توحید موهوم محمول
ممکن تکفیر میکند و آنرا از امام الغزالی قدس سره الحق فی
تفسیر سوره یوسف ذکر تا کل الا ذلک لحظه و اهون ما فی الذکر
ذکر ان علما را تا کل فی الوجود یک حاضر وجدانی میجوید و تا کل مکان
محاط مطلب موجود بغیر تکلم و لا حظت معلوم بغیر عیان و نیز عارف

Marfat.com

Marfat.com

(۱۶)

بیرت یکدست و صد هستن و صد جیب ستر ورفتش ار این سرزنش
از بهر پس شریعت قال الشیخ ابو اسحاق سر او پوشته گفو قبل
رفی لا کلتم من علی جواهره کیلا یرد حق و وجیب فتفیش و قد عدم
فهذا ابو حسن الی الحسین و ضرابه الحسنا یا رب جوهر لو الوح یقین
لی انت محرر بعبد الوثنا و لاستحب رجال مسلمون دمی برون اقبح مایانونه
حسنا و از بعضی صحابه مشهور است که من از پیغمبر علیه السلام دو علم یاد
گرفتم یکی را با شما گفتم و دیگر را اگر بگویم این بلعوم مرا خواهند برید
تا اینجا حکایت تمام شد معلوم باشد که صوفی سخن را از شبهه صاف
کرد و در اخبار و اقوال علماء مصنوع اندک متعین نیست تا محت
بیش پدید و خلاصه شبهه آنست که انچه یافته و میکاشفه نفع خیر کند میتواند
که نور الهی بر بصیرت غلبه کرده موجب خفای مخلوقات شده باشد
چون ستارگان وید نور افتاب چنانچه مرید از مریدان غوث الثقلین
دعوی کرد که من بخدا را بچشم سر می بینم حضرت و پیرا زجیر کردند
و جماعه از انحضرت پرسیدند که او در دعوی محق است یا مبطل فرمودند
محق مشتبه است ولی حقیقت بچشم بصیره دیده و از بصیرت او
روزنه به بصر وا شده بصیرت او منور شده
گمان کرده که به بصر می بینم پس جواب صاف انست که این مرتبه خرغلبه

Marfat.com

عشق و محو بجوبه حاصل نشود تا بجذبه بصیرت بسمع متجلی نگردد و در جستجوی
راه نیابد و در حال بصیرت گوید بصیرت راجه گنجایش تا بشناسد آن
چه رسد ۔ عشق آمد عقل خود را وارهید صبح امد شمع خود بیچاره شد
عقل خود شمعی است چون سلطان رسید شمع بیچاره در انجم خزید
عقل سایه حق بود حق آفتاب سایه را با آفتاب چه تاب
در نیمرتبه اشتباه راجه گنجایش دارد نه حقایق اشیا کماهی ظاهر
گردد و کلام ربانی سرور کائنات علیه افضل الصلوات والتسلیم
اللهم ارنا حقایق الاشیا کماهی اشارت باین مقصود است وطلب
این رتبه جمع بکمال او بے گمان سزاوار حضیض جمع زیرا که حقیقت
الحقایق وجود حقست پس روا نه کنه ماهیت مطلوب و نقاوت
این سوال تا ارزد دریاب سبحان الله چه جوصله است تا
وجه استعداد دریابد و ادراک نماید موسے زیهوش رفت
بیک پرتو صفات نه تعین ذات در نگریه در تبسم وا ماحدیث
ارنه لمیزان علی قلبی وانه لیغان علی کل یوم سبعین مرة وفی الروایة
مائة مرة چون اصحاب را پرسیدند بحبیب متعرض نگردید و گفت ان
ساءلت عن قلب محمد رسول الله وغیر لقبله وان کمال او بود در شب
شهاب الدین سهروردیه گوید عین برعین بصیرت نبود دیه صیانه

Marfat.com

(۱۶) نسیه و سلم چون باهم آمدن بکدست بر بیع که در صورت نفع بیع و
(۱۷) در حقیقه محمد خبانخه در موضع خود مبین است و استغفار از غایت شوق
بوده یکی از یاران بزبان هند بگفته جهن بچرت من جنت
اک کیس کرون مان کے اوٹ پل اک اوجهل رہنا ہون
یک اوش کوشش کوت یک چشم زدن غافل از انماه نباشم
ترسم که نفهمند اگاه نباشم و نیز شیخ مذکور گفته که همت
روح اقدس وصول بر فیق اعلی و ملکوت بالا که مقر اصلی همه اوست
طالب بود و قلب تابع روح و نفس تابع قلب اما حرکت روح و
قلب در نهایت سرعت پس ناچار تابع جذبات پذیرد و در نصورت
بشریت منقطع و متخلع گردد و حکمت رحمه للعالمین که بقای بشریت
مدت مخصوصه صورت نگیرد و فرو هشتن مژه عین را منقض گردیدن و سر
همان شوق رست و در پی بس کنم این گفتگو را که پایان ندارد
سر هو را صغیر عقل را راهی دران نیست باش کی سزد
سر پنجه مور را نیاید فروق خز این همی چشیدن اگر بر دوش دارے
صد سبو را اللهم لا تجعلنی ممن قلوبهم فی غفلة و السنتهم بالاسرار
والحقایق والغظمة فی تعلقة سبحان ربک رب العزة عما یصفون
وسلام علی المرسلین والحمد لله رب العالمین تمام رسید رساله و هفده مولوی
عبد الله بن مولوی عبد الحکیم سیالکوتی

Marfat.com

بسم الله الرحمن الرحيم

احمدك منطق افصح به لسان الفصحاء وهدى الى مدرك رشده في ازمان
الاذكياء حمد آله تصدق بكبريائه وشكر منعم لا تتصور عدة الائه نحمده حمدا
لا يحد ولا يرسم وشكره شكرا لا يقاس ولا يرشم ونصلي على من ارسله
حجة ربانا وخلقه هديا وتبيانا اوضح سبيل العقل والتفكر واقام الحجة
على اعوجاج الجهل والتحير وعلى آله واصحابه المستقرين لسنته وآثاره
والمتمثلين بسنته وانواره وبعد يقول الفقير المسكين عبد الحكيم ابن
شمس الدين لما سألني الولد الاعز نور حدقة السعادة ونور حديقة
العبادة فؤاد الفؤاد ولد الغريب عبد الله الملقب باللبيب عند قراءته
للشرح المنسوب الى الطود العظيم والقمقام الجسيم والحواشي المنسوبة
المتعلقة عليه للسيد السند والحبر الماجد ان اكتب ما سنح لذهني الكليل
في حل مشكلاتها واحرر ما تقرر لدي في كشف معضلاتها سالكا لكل
يق الاقتصاد ومقتصرا على ايراد ما يتعلق بحل الكتاب لما ان ما علق
عليها الفضلاء مع استهارهم بها مقتصر بعضها غير وافية لوجود الطفرة
وبعضها غير شافية لعدم الطفرة وبعضها مملة لاطناب غير متعلق
بالكتاب وبعضها مملة للاجتواء على شكوك محيرة للطلاب فشرعت

مسعى

Marfat.com

Marfat.com

کمالات مظہریہ

احوال ومعارف حضرت میرزا مظہر جانِ جاناں شہید

(۱۱۱۱_۱۱۹۵ھ/۱۷۰۰_۱۷۸۱ء)

تالیف

حضرت شاہ غلام علی دہلوی

(۱۱۵۶_۱۲۴۰ھ/۱۷۴۳_۱۸۲۴ء)

عکس مبنی برنسخہ خطی مخزونہ کتابخانہ خانقاہ مظہری، دہلی

بمقدمہ مختصر

محمد اقبال مجددی

Marfat.com

الوداع اے زندگی

۱۹۸۳ء کو حضرت شاہ غلام علی دہلوی کی مشہور کتاب مقامات مظہری کا ہمارا مرتبہ پہلا ایڈیشن طبع ہوا، پھر اس کی تین مزید طباعتیں عمل میں آئیں، اس بیش بہا کتاب پر ہمارا مفصل مقدمہ اور ہر فصل پر ہمارے حواشی کو قبول عام نصیب ہوا۔

اس وقت حضرت مولف کی اسی موضوع پر دوسری کتاب یعنی کمالات مظہریہ کا علم تو تھا لیکن اس کے قلمی نسخہ تک ۱۹۸۹ء کو اس وقت رسائی ہوئی جب ہندوستان کا طویل علمی سفر کیا اور خانقاہ مظہری کے بزرگ سجادہ نشین حضرت ابوالحسن زید فاروقی مرحوم سے ملاقات ہوئی تو اس کی فوٹو کاپی کی درخواست کی، جس پر حضرت نے کمال مہربانی فرماتے ہوئے اس کی عکسی نقل عطا فرمائی۔

ارادہ تھا کہ مقامات مظہری کی طرح اس پر بھی مفصل مقدمہ اور حواشی لکھوں گا لیکن کارہای دیگر میں مصروفیت اور فرائض منصبی کے باعث یہ کام نہ ہو سکا، اب جب کہ زندگی اپنے آخری مراحل سے گذر رہی ہے اور میں اس کام کے لیے جس تنومندی اور صحت کی ضرورت ہے اپنے اندر محسوس نہیں کرتا تو اس کے نسخہ دہلی کا عکس شائع کر دینے ہی کو ترجیح دی تا کہ آنے والے محققین اس فریضہ کو بہ آسانی ادا کر سکیں۔

مخلص

لاہور

۲۱/اکتوبر ۲۰۱۷ء

محمد اقبال مجددی

Marfat.com

حضرت شاہ غلام علی دہلوی

مؤلف کمالات مظہریہ

حضرت شاہ غلام علی دہلوی (۱۱۵۶۔۱۲۴۰ھ/ ۱۷۴۳۔ ۱۸۲۴ء) اکابر نقشبندی مشائخ میں سے تھے، ۲۲ سال کی عمر میں ۱۱۷۸ھ کو مشہور نقشبندی شیخ طریقت حضرت میرزا مظہر جان جانان شہید (۱۱۹۵ھ/۱۷۸۱ء) کی خدمت میں حاضر ہو کر بیعت ہوئے اور باقی ساری عمر عزیز حضرت کی خدمت میں گذار دی، آپ کو اتنی روحانی قوت عطا ہوئی کہ بڑے بڑے مشائخ اپنی آبائی مسندیں چھوڑ کر آپ کے حلقہ بگوش ہوئے، آپ کے مریدین اور خلفاء کی بہت کثیر تعداد تھی۔ شاہ روف احمد رافت مجددی نے آپ کے ملفوظات میں لکھا ہے کہ آپ کے حلقہ میں سمرقند، بخارا، غزنی، تاشکند، حصار، قندھار، کابل، پشاور، ملتان، کشمیر، لاہور، سرہند، امروہہ، سنبھل، بریلی، رام پور، لکھنؤ، جائس، بہرائچ، گورکھپور، عظیم آباد، ڈھاکہ، بنگالہ، حیدر آباد اور پونہ وغیرہ سے حضرات روحانیت کی طلب میں آپ کے پاس آتے رہتے تھے۔

آپ کے خلفاء میں سے مولانا خالد کردی رومی کے مریدین کی تعداد ۱۲۳۱ھ/ ۱۸۱۵ء تک تھی اور عالم اسلام کی متبحر علماء جو ان سے فیض یاب ہوئے ان کی تعداد ایک ہزار تھی۔ خود سر سید احمد خان نے اپنی آنکھوں سے دیکھا تھا کہ آپ کی خانقاہ میں روم، شام، بغداد، مصر، چین اور حبشہ سے حاضرین آتے اور بیعت کرتے تھے۔

حضرت شاہ غلام علی دہلوی کے اکابر خلفاء میں سے شاہ ابو سعید مجددی، شاہ احمد سعید مجددی، شاہ روف احمد رافت مجددی (مرتب ملفوظات ومکتوبات)، مولانا خالد کردی

Marfat.com

رومی، مولانا سید اسماعیل مدنی، سید عبداللہ مغربی، مرزا رحیم بیگ عرف محمد درویش عظیم آبادی، خواجہ غلام محی الدین قصوری (جامع ملفوظات) وغیرہ نے بہت شہرت حاصل کی۔

حضرت شاہ غلام علی دہلوی کی تالیفات میں سے مقامات مظہری، ایضاح الطریقت، احوالِ بزرگان، رسالہ درذکر مقامات ومعارف حضرت مجدد الف ثانی، رسالہ طریق بیعت، رسالہ درطریقہ شاہ نقشبند، رسالہ دراحوال شاہ نقشبند، رسالہ اذکار، رسالہ مراقبات، رسالہ دررداعتراضات شیخ عبدالحق برحضرت مجدد الف ثانی، رسالہ دیگر دررد مخالفین حضرت مجدد الف ثانی، رسالہ مشغولیہ، رسالہ سلوک راقیہ نقشبندیہ، مکاتیب شریفہ، درالمعارف (ملفوظات)، ملفوظات چہل روزہ اور کمالات مظہریہ مشہور و متداول ہیں۔

حضرت شاہ غلام علی اپنے شیخ حضرت میرزا مظہر جان جانان کے خلیفہ تھے اور آپ کی شہادت (۱۱۹۵ھ/۱۷۸۱ء) کے بعد آپ ہی آپ کی خانقاہِ مظہری کے سجادہ نشین ہوئے اور اپنی وفات ۱۲۴۰ھ/ ۱۸۲۴ء تک خانقاہ شریفہ کی خدمت کرتے رہے، آپ کے بعد آپ کے خلیفہ حضرت شاہ ابوسعید مجددی نے اس خانقاہ کی تولیت کے فرائض انجام دیئے اور پھر آپ کے وصال ۱۲۵۰ھ کے بعد آپ کے صاحبزادے حضرت شاہ احمد سعید مجددی نے ۱۲۷۳ھ/ ۱۸۵۷ء تک وہاں روحانیت کے طالب افراد کی رہنمائی کی، آپ نے ۱۸۵۷ء کی انگریزوں کے خلاف اہل ہند کی بغاوت کو جہاد قرار دے کر اس جہاد کے فتویٰ پر اثباتی دستخط کیئے تو آپ کو یہ ملک چھوڑنا پڑا، آپ مدینہ منورہ جاکر مقیم ہوگئے، جاتے ہوئے آپ نے خانقاہ مظہری اپنے سب سے مشہور

Marfat.com

خلیفہ حضرت حاجی دوست محمد قندھاری (ف ۱۲۸۴ھ/ ۱۸۶۷ء) کے سپرد کر دی، حاجی صاحب نے اپنے ایک خلیفہ مولانا رحیم بخش اجمیری ہر صوری (ف ۱۲۸۳ھ/ ۱۸۶۸ء) کو اپنا قائم مقام بنا کر دہلی بھیجا جہاں وہ اپنی وفات تک اس مبارک خانقاہ کی خدمت کرتے رہے، ان کے بعد مولانا ولی النبی مجددی رام پوری نے بھی کچھ عرصہ خانقاہ میں واردین کی خدمت کی، ۱۳۰۶ھ/ ۱۸۸۸ء کو حضرت شاہ احمد سعید کے پوتے حضرت شاہ ابوالخیر مجددی مدینہ منورہ سے دہلی تشریف لائے تو حضرت حاجی دوست محمد قندھاری کے جانشین حضرت خواجہ محمد عثمان دامانی موسیٰ زئی شریف سے دہلی آئے اور یہ خانقاہ آپ کے سپرد کر کے رخصت ہو گئے، حضرت شاہ صاحب نے اپنے وصال ۱۹۲۳ء تک وہاں کی تولیت کے فرائض انجام دیئے تو آپ کے بعد آپ کے صاحبزادہ شیخ الاسلام مولانا ابوالحسن زید فاروقی نے سجادگی کا یہ مقدس فریضہ اپنے وفات ۱۹۹۳ء تک حسن وخوبی سے انجام دیا، آپ کے بعد اب آپ کے پوتے حضرت انس فاروقی بن شیخ ابوالفضل محمد اس مبارک درگاہ کے سجادہ نشین ہیں۔

حضرت شاہ غلام علی دہلوی کے مفصل حالات ہماری مندرجہ ذیل کتابوں میں ملاحظہ فرمائیے:

(۱) ملفوظات چہل روزہ شاہ غلام علی جامع خواجہ غلام محی الدین قصوری۔

(۲) مقامات مظہری، مقدمہ وضمیمہ

(۳) تذکرہ علماء ومشائخ پاکستان وہند

Marfat.com

کمالات مظہریہ

حضرت شاہ غلام علی نے اپنے شیخ حضرت میرزا مظہر جان جانان شہید کے احوال پر دو کتابیں تالیف کی تھیں اول مقامات مظہری (مفصل) دوم کمالات مظہریہ (مختصر) آپ نے ان دونوں کتابوں کے نام تجویز نہیں کئے تھے چنانچہ مقامات مظہری کا پہلا ایڈیشن (مطبع احمدی دہلی ۱۲۶۹ھ) ''رسالہ شریفہ در بیان حالات و مقامات حضرت شمس الدین حبیب اللہ جناب مرزا جان جانان مظہر شہید'' کے نام سے طبع ہوا تھا لیکن جب دوسری مرتبہ ۱۳۰۹ھ/ ۱۸۹۲ء کو طبع مجتبائی، دہلی سے یہی طباعت لطائف خمسہ معروف بہ مقامات مظہری کے نام سے شائع ہوئی تو اس کے بعد عصر حاضر کے تمام تذکرہ نویسوں نے اس کا حوالہ مقامات مظہری کے نام سے دینا شروع کر دیا۔

اسی طرح جب آپ نے اپنی آخری عمر میں آپ کے احوال پر ایک اور رسالہ حدود ۱۲۳۷ھ/ ۱۸۲۱ء کو تالیف کیا تو اس کا بھی کوئی نام نہیں رکھا، شاہ محمد مظہر مجددی لکھتے ہیں:

> حضرت شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ در رسالہ خود کہ بظن غالب در حدود سی و ہفت تالیف فرمودہ اند و عمر مبارک حضرت والد (شاہ احمد سعید) بہ بیست رسیدہ بود، بعد ذکر حضرت جد امجد (شاہ ابوسعید) چنیں ارقام فرمودہ اند کہ [1]

اس اقتباس سے اس کتاب کا سال تالیف ۱۲۳۷ھ متعین کیا جا سکتا ہے،

---

[1] مناقب احمدیہ و مقامات سعیدیہ ۴۷

Marfat.com

حضرت ابوالحسن زید فاروقی (سجادہ نشین خانقاہ مظہری) نے اس رسالہ کا مطالعہ کیا اور اس کا نام کمالات مظہریہ تجویز کیا جو آپ نے اس کے پہلے خالی ورق پر اپنے ہاتھ سے لکھ دیا۔

اگرچہ کمالات مظہریہ مقامات مظہری کا خلاصہ ہے لیکن مولف نے اس تلخیص کے دوران اس میں بعض قابل توجہ اضافات بھی کئے ہیں۔

کمالات مظہریہ کے اب تک ہمیں صرف تین قلمی نسخوں کا علم ہے، یعنی:

(۱) کتابخانہ گنج بخش، مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان اسلام آباد، شمارہ ۹۹۵۴

(۲) نسخہ ذخیرۂ پیرزادہ مخزونہ کتابخانہ دانش گاہ پنجاب، لاہور [۲]

(۳) نسخہ حاضر یعنی کتابخانہ خانقاہ مظہری، دہلی (عکس حاضر)

اس کا سال کتابت اس کے خاتمہ میں درج نہیں ہے لیکن حضرت ابوالحسن زید مرحوم کا خیال ہے کہ یہ رسالہ ۱۸۵۷ء سے پہلے کا مکتوبہ ہے [۳]، اس کے پہلے زائد ورق پر جہاں انہوں نے اس کا نام کمالات مظہریہ تجویز کیا ہے وہاں یہ لکھا ہے کہ یہ رسالہ حضرت مولف شاہ غلام علی کے حسین حیات ہی کتابت ہوا تھا اور آپ نے اس پر تین مقامات پر اپنے دست مبارک سے حواشی لکھے ہیں یعنی صفحہ ۱۲، ۱۳۲، ۱۳۳

آیئے اس متبرک خطی نسخہ کے عکس کا مطالعہ کریں۔

مخلص

لاہور

۳/ اکتوبر ۲۰۱۷ء

محمد اقبال مجددی

---

[۱] فہرست مشترک ۱۱/ ۱۰۰۲

[۲] عارف نوشاہی: فہرست نسخہ ہای خطی فارسی کتابخانہ مرکزی دانشگاہ پنجاب، لاہور، تہران ۱۳۹۰ش، ۱/ ۵۴۱۔ ۵۴۲

[۳] مقامات خیر ۸۵

Marfat.com

Marfat.com

رسالہ
کمالات مظہریہ

زید ابرکاتہم فداہ

رسالہ شریفہ مبارکہ

در بیانِ حالاتِ محصّل درجاتِ کمالاتِ ولایت

حضرت شمس الدین حبیب اللہ میرزا جان جانا مظہر

قدس اللہ سرہ الاقدس

تالیف

قطب فلک الارشاد غوث الایقاظ والاوتاد حضرت عبداللہ

عبدالقادر شاہ غلام علی قدس اللہ سرہ ورضی عنہ

حضرت شاہ صاحب قدس سرہ در ۲۲ صفر ۱۲۴۰ وفات نمودند این نسخہ مبارکہ در حیات ایشان نوشتہ شدہ۔ بلکہ حضرت ایشان مطالعہ فرمودہ سطر بر سطر بہ دست مبارک خود نوشتہ اند۔ صفحہ دوازدہ سیزدہم و ہمہ و بر صفحہ ۱۳۲ تا سطر ہفتم تا دوازدہم و ہر صفحہ ۱۳۳ سطر اول و دوم۔ نسخہ قیمہ و مبارکہ ہے

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فیوض

Marfat.com

Marfat.com



Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com



Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ با حضرت حافظ محمد
محسن اولاد صفائی حضرت ایشان محمد معصوم و پسران
محمد اعظم نیز صحبت داشته اند و فوایدها برداشته در کمال
تقوی و ورع و در متابعت سنن مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم
نهایت استقامت داشتند در علم اصول و فروع
و علوم شفعه ایشان را مهارت تمام بود صاحب احوال
بلند و مقامات ارجمند و وجدان صریح و کشف صحیح
و مدت پانزده سال استغراق قوی بر ایشان استیلای
داشت جز بوقت نماز افاقت نبود بانداک التفات
بایشان لطایف جاری بذکر حضرت باری می شد
و دلها را استغراق و بیخودی دری می یافت کتاب سید
حبیب خدا صلی اللہ علیه وآله وسلم پیش خود داشته
بر متن بسی و عبارات شرحیه نیز اطلاع می نمودند جمع

دوستان

Marfat.com

دندان خورش بدعقد انشت پسر خود را دشمن و
دختر خود را شکر سید اوند تبصر و داوام کرده باشند
از کمال ورع نان بدست خود با وضوی پختند وقت
گرسنگی پارهٔ نان در آب تر کرده تسکین جوع می کرد
از غلیات احوال است یا از درخت و شیرین نمی کردند
باین استغراق و رقتی یکبار خلاف سنت پای در
درمیت الخلا نهادند ترک ادب عمل آمد و تا سه روز
قبض قضیٔ باطن شد باستغفار بسیار بسبب باطن سکال
کردید قلت سنت است گر پای چپ در بیت الخلا
و در مسجد پای راست یکی از دو پا پای چپ در مسجد
نهاده بود آوازی آمد شوری مکن پای ادب نگاه دار شیخ
شیخ ابی سعید رحمة الله علیه در مسجد بودند طلبی پای چپ
در مسجد نهاد فرمودند ای بی ادب ادب خانه دوا

Marfat.com

Marfat.com

از اثر اسم ملقابض ظهور نماید بدون تجلی الباسط نخواهد
شیراز و مکنت عاوت نمود و بلبل بنوا و عندلیب بنغمه و
و عزت بسر آید بدون بسط ظاهر چه مرحمت شود بدین اسم
و در حالة بسط شکر حضرت حق بجا آرد سایط واقعیت
مسجد خامه صحن کاغذ شد : گاه تحریر وصف آن شه دین
فخر دین بوسعید عبد رسول : زینت عالمان دین متین
شاه اورنگ کشور اسلام : ماه برج سپهر شرع مبین
نکته دان حقیقت و عرفان : زبدهٔ کاملان اهل یقین
از پی طالبان راه حق است : پیشوائی طریقهٔ تلقین
از خیال جمال او دل شان : هست رشک نگارخانهٔ چین
یکیک انگشت او بوقت دعا : دان کلید در سپهر برین

Marfat.com

قطعه

هست امیدم که گر گذارِ لطف ؛ یک توجه بحالِ این غمگین
یا بداز جملهٔ مشکلات و غموم ؛ خاطرِ این حزین همه تسکین
هر که آمد بر آستانهٔ او ؛ روی خود را بیافت نورآگین
درد دولت سرائی صومعهٔ او ؛ قبلهٔ حاجتِ قلوبِ حزین

قطعه

دید چون پایگاه و مرتبه اش ؛ بس بابن جاه و حشمت و تمکین
بهر خدمت به پیش او بنهاد ؛ آسمان بنده وار سر بزمین

قطعه

نظمِ من گرچه هست بمقدار ؛ خالی از لفظ و معنی رنگین
لیک چون در قبولِ او افتد ؛ شود انگاه رشکِ سلکِ دُرین

قطعه

صلهٔ این نظمِ خویش هیچ مخواه ؛ ای غلامِ غلامِ محی الدین
جز نگاهی که کیمیا اثر است ؛ زآن شهِ مهربان و خلق آئین
مستفیض از فیوضِ او باشند ؛ تا دمِ صور ساکنانِ زمین
بر سرِ طالبانِ خود ظلش ؛ بسط الله تا بیوم الدین

این قصیده مطابق قطعه حضرت خواجه حافظ که مطلع آن است به پیشخص عجب ملک فارس علیه آمد

ے و مقطع او خدای عزوجل جمله را بیامرزاد۔

۳۱ جهانبخش

Marfat.com

۲۰

چهار شخص کہ بودند زبدۂ عبّاد ؛ قصیدہ کہ ہر چہار بلا شک نمیرد و نمیراد

یکی مربّیِ اسلام سیّد جملہ شاہ ؛ کہ بود ماہِ سپہرِ سخا و مہر و داد

ز روی نور ہدایت چراغ در رو ؛ کہ دعائی زبانش کلید قفل کشاد

دویم عشیقِ الٰہی محمّد ابراہیم ؛ بچہرہ روشن چون ماہ بود و نیک نہاد

سراجِ ملّت و مصباحِ دین و روشندل ؛ فراخ حوصلہ صاحب حیا و پاک نژاد

سیوم حافظ عبد الرّحیم سیّد ما ؛ بزہد و ورع شد شہر اتقا آباد

چراغ روشن از دودمانِ مصطفوی ؛ ز یک توجّہ او ہر مریدِ یافت مراد

چہارمین ہمہ اسلام مہر دنیا و دین ؛ ولی محمّد قاسم ابو الوفا آزاد

غریقِ بحرِ ولا و خدا و مہرِ رسول ؛ کہ در ریاضتِ ریاض چو سرو بود آزاد

دعا محمّد صالح کند شما آمین ؛ خدائی عزّ و جل جملہ را بیامرزاد

این قصیدہ مشتملِ بر تاسّف روزگار و مدایح چند بزرگوار بر ایشان رحمت کردگار

چہ عشرت ست درین روزگارِ ظلمانی ؛ وزید بادِ خزانی بباغِ انسانی

رفاہ و راحت آورد رو بکنج عدم ؛ فرح نہاد قدم ہم بسوئی ویرانی

Marfat.com

نماند یاسمن و ورد و لالہ و نسرین ؛ کہ بود تازہ ازایشان بہارِ عرفانی

کجاست پیر کرم شاہ زیب و زین محفل ؛ کہ بود اکرم زادولاد پیر ملتانی

کجاست ورد دوران شہ عباد اللہ ؛ دلش خزینہ از گنجہای ایقانی

شد از عنایت حق باجلال و با اقبال ؛ چراغ شرع و مروج بامر فرقانی

کجاست خواجہ سلیمان بتخت عالی بخت ؛ کہ بود در ہمہ روزن رہ خداوانی

کجاست حضرت شاہ قصور دار سرور ؛ بفقر و علم و عمل بود پیر دورانی

فصیح و خواجہ ما آن غلام محی الدین ؛ ملیح و زبدہ از عارفان حقانی

شہی کریم الاخلاق و خواجہ آفاق ؛ سراج دین نبی و فقیر سبحانی

دگر عجایب گلہا درین چمن بودند ؛ کہ گر نگاشتہ آید شود بطولانی

خصوص حضرت سید بقا فرید الدہر ؛ زہی گزیدہ از اولیای ربانی

چہ ذات پاکش بد در جہان تعالی اللہ ؛ نزول رحمت از رحمہای رحمانی

فرشتہ بد بحقیقت کہ بس محبت او ؛ چو جان نہانست در اعضای انسی و جانی

سراج روشن از خاندان مرتضوی ؛ رخش منور از نورہای ایمانی

الگناہ

۲۱

اگر نگاہ بسوئی کمالش آرد رُو : برجع واپس آید بکوئی حیرانی
نبشتہ ست بکلک قضا دبیر ازل : خطِ سعادت اورا بلوح پیشانی
مدام بر دلِ پاکش رسید در باطن : فیوضِ ہمت از روحِ شاہِ گیلانی
جناب مجمع حسنات و منبع برکات : غریب پرور و مسکین نواز و لاثانی
ہزار شکر کنون سید مصطفےٰ خلفش : قوی بعلم و بتقوی بفضل یزدانی
چہ زیب و زین بود آنکہ در اوصافش : نبشتہ آید بر کاغذِ زر افشانی
کند ز ہر غمِ ایام و آفتِ دوران : خدائی حافظ و ناصر ورا نگہبانی
درین زمانہ شہِ عبد الرسول روشندل : خجستہ طلعت و رونق دہِ مسلمانی
جمال صورت و معنی بزہد و ہم تقوی : کمال ظاہر و باطن بعلم روحانی
دگر محمد اشرف کہ اشرف از ما ست : گذشت عمرِ شریفش بذکر یزدانی
دگر محقق حافظ جناب نور الدین : فقیہ و عالم از عالمان نعمانی
قوی قیاس و کثیر العمل قلیل الکلام : بعین عین حیا و بچہرہ نورانی
دگر تقی زمان و الدش غلام رسول : خلیق و عالم و عابد کشادہ پیشانی

۲۱

Marfat.com

دگر گزیدهٔ حق مولوی غلام نبی : ستودہ خصلت و شاغل بذکر یزدانی
ولی چہ وقت درست کامتیازی نیست : ز مردم نفسانی و مرد رحمانی
شدہ محمد صالح درین زمان محزون : خدایش یاور باد از ہر پریشانی
ہمیشہ دارد در حفظ خویش ایمانش : بروز حشر درآرد بباغ رضوانی

قصیدہ

اندرین دیر خرابات پر از رنج و بلا : وانمایم ہمہ احوال خود از سر تا پا
من نمیدارم سرمایہ ہنری و فنی : نہ ز علم لغت و صرف و نہ نحو و انشا
نہ بیان و نہ معانی نہ حساب و نہ عروض : نہ پی طب و نجوم ست مرا فکر رسا
تا توان ہستم و بیچارہ و مسکین و غریب : نہ کسی یاور و نی یار و نہ امداد نما
نہ کسی خویش و نہ ہمدرد و مونس نہ رفیق : نہ کسی ہست مرا مشفق و ہمچو نما
ورد احمر ز گلستان رسول اکرم : شمع روشن ز شبستان علی و زہرا
خلعت احسن تقویم بقدش احسن : زیب دارد بسرش تاج لقد کرمنا
منبع علم و عمل مجمع اخلاق کریم : مظہر لطف و کرم مہبط انوار خدا
قائم و عامل بر شرع رسول عربی : در طریقت فرد و ہم بحقیقت یکتا

Marfat.com

۴۲

حارسِ ملک و دل و وارثِ علمِ نبوی : صاحبِ حلم و حیا ثابت بر عہد و وفا
زبدۂ زمرۂ عباد و قبولِ عالم : عارف و واصل و محبوب و محبِ مولیٰ
بہرِ آں سیّد یارب بمحمّد صالح : از کرم خاتمہ بالخیر بہر کار نما
وقتِ تودیع ازیں دیر بایمان : روزِ محشر بسان نزد رسولِ والا
بازِ از فضل و عطا و کرم و رحمتِ خویش : در جنان جلوہ دید ار خود ازان فرما

قصیدہ در مدح حضرت قصور ثانی

از شرفِ ذاتِ پاک حضرتِ شیخ الامم : عرصہ گیتی گرفت رونق باغِ ارم
مرشد و مشفق خواجہ عبد الرسول : نامش ورد زبان مست مرا مے بدم
اختر برجِ وفا گوہر درجِ سخا : معدنِ حلم و حیا مظہرِ فیضِ اتم
طلعتِ زیبا ز او شمعِ شبستانِ دین : ہست زبانش کلید زینتِ بابِ حکم
مصدرِ لطف عمیم ذاتِ گرامی او : مورد خلقِ عظیم صاحبِ خلقِ شیم
ماہِ سپہرِ رضا شاہِ سریرِ تقا : کوکبِ اوجِ ہدا منبعِ جود و کرم
حسنِ دلآراءِ او ہمچو مہِ چاردہ : قامتِ رعنا ءِ او سروِ ریاضِ ہمم
سرورِ اقلیمِ دل بادہ ءِ ملکِ جان : صالحِ مسکین فقیر بندۂ او بی درم

Marfat.com

این ابیات فخمو برکات جناب فیض مآب حضرت مولینا قصوری دامت برکاتہ
در آنوقت از زبان فیض ترجمان فرمودند که این حقیر نسخه فتوح الحرمین بطریق تحفه و نیازگذرانیده بود
ابیات از پی بندهٔ عاصی طالح ؛ تحفه آورد محمد صالح ؛ آنکه شد بوطن کنجاهی
هست در بحر محبت ماهی ؛ اینچنین تحفه ندیدم گاهی ؛ نعمتم داد خدا ناگاهی
باد مقبول بدرگاه خدا ؛ وفق الله له تا ابدا ؛

حالی است پیدا ز آنچه در زبان حالی است
فوقی نتوان یافت ز آن یمانه ازین
باقی در روز گاری بگذار ز آنی

ابیات بر تخت فنا نشسته شاهی ؛ از ترک تبارکش کلاهی ؛
از هر دو جهان ورا خبر نی ؛ واز گرمی و سرد یش ضرر نی ؛
بنشسته بیکدم ؛ مردم پس پیش او فراهم ؛
با کس نه بهوش گفتگوئی ؛ نی دارد هیچ آرزوئی ؛
آزاده بیخودی چنان مست ؛ کز الفت و میل این و آن رست ؛

Marfat.com

چند سازم یا پیرزاری : نیز از چشمها اشکباری : دُور میباز از ماخواری : از غم و محنتم کن آزاد : شهنشاه بغداد

ای شهنشاه ایران و توران : کن این بنده خویش را شاد : هم غمها میساز برباد : از پیش پیر اکبر : بغداد

تو قبول درحضرت حق مقبول : بست در دار بگرت بس مقبول : تشنه دل فخر دین عبد رسول : کن از ابروی خاطم شاد : شهنشاه بغداد

گر چه عصیان بسی در دل پائی : پیر انام پاک نفس در دل : سیوا کیمیای حل مشکل : دستگیری کن و اور امداد : شهنشاه بغداد

Marfat.com

قصیدہ شجرہ متبرکہ قادریہ حضرت ایشان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بعد تحمید خداوند رشید لایزال ∴ صد درود پاک بر روح رسول ذوالجلال
نیز رضوان الٰہی باد بر یاران او ∴ ہست شجرہ قادری میخوان در ایام و لیال
رہبر من پر سعید آن فخر دین عبد الرسول ∴ ہست اوصافش برون از حیطۂ وہم و خیال
مرشدش کامل مکمل دین و ملت را ضیا ∴ خواجۂ ما آن غلام محیی دین روشن جمال
پیشوایش شاہ عبد اللہ قیوم زمان ∴ شد غلام شہ علی مشہور در صنف رجال
میرزا مظہر حبیب اللہ جان جان شہید ∴ داد او را با محبت در حقیقت اتصال
از جناب شیخ عابد راہ حق شد حاصلش ∴ مرورا عبد الاحد شد ساقی آب زلال
پیر با تمکینش حضرت خازن رحمت سعید ∴ داشت با ذکر الٰہی قلب پاکش اشتغال
خواجۂ او شیخ احمد سرہندی فقیر ∴ شہ مجدد الف ثانی ماحی کفر و ضلال
از محبت گشت او را شاہ اسکندر دلیل ∴ ہست او را پیشوا آن گیتھلی شاہ کمال

Marfat.com

حال

مرتضا آمد امامش کرم اللہ وجہہ ؛ قائل قول سلونی گاہ وجد و ذوق و
معتدائش نور حق یعنی محمد مصطفی ؛ بدر صفوت بی کلف شمس نبوت بی زوال
یا الٰہی تا طفیل ائمہ اہل صلاح ؛ سازمارا ہم ز خیل صالحان دارم سؤال

باتمام رسید این باغ دلآرا مسمی بمجمع التواریخ و قصاید
و شجرہ متبرکہ بروز بہروز پنجشنبہ بوقت چاشت بتاریخ سی ام
از ماہ شوال سنہ ہجری مقدس یکہزار و دوصد و شصت و سہ ۱۲۶۳
بجہت گذارش بطریق تحفہ و نیاز پیش خدمت حضرت پیر و مرشد
سلمہ اللہ المتعالی الکبیر مرجع گر قبول افتد زہی عز و شرف

Marfat.com

۲۴

شہ فضیل آمد و راہ مولیٰ دگیر ؛ شہ گدا رحمان ثانی پیر او نیکو فعال
شاہ شمس الدین عارف عارفش کرد از خدا ؛ شہ گدا رحمان اوّل آن سپهر آن خصال
شاہ شمس الدین صحرائی دلش آباد کرد ؛ بندگی سیّد عقیلش رہنمائی قیل و قال
کرد او را حضرت سیّد بہاء الدین منیر ؛ بر سپہر معرفت چون بدر کامل از ہلال
عبد وہاب است او را رہبر و شنضمیر ؛ شاہ شرف الدین ورا داد متابع بی زوال
رہنمائیش عبد رزاق ست قطب الدائره ؛ سیّد السادات تاج الدین شہ عز و جلال
پیر پیران شیخ محی الدین معینِ جن و انس ؛ دستگیر دو جہان محبوب حق تاج الرجال
پیشوائیش شیخ مخزومی مبارک بو سعید ؛ مهتدائیش ابو الحسن هکاری آمد نیک فال
صیقل زنگ دل او بو الفرح طرطوسی ست ؛ عبد واحد شد ورا استاد در کسب کمال
شیخ او بو بکر جعفر شبلی آمد پاکدم ؛ رہبرش حضرت جنید آن منبع جود و نوال
رہنمائے باصفائش شیخ سری سقطی ست ؛ رفت شہ معروف کرخی از دلش گرد ملال
پیر او داود طائی بو سلیمان نور دل ؛ مرشدش حضرت حبیب عجمی آمد تیز بال
نور جان فروز او خواجہ حسن بصری سعید ؛ طوطی گلزار روحدت بلبل باغ وصال

۲۸

Marfat.com

گوشۂ تحقیقاتِ

محمد ہمایوں عباس

Marfat.com

Marfat.com

کحل الجواہر

مولف

حضرت شیخ عبدالاحد وحدت سرہندیؒ

بمقدمہ

ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس

Marfat.com

کحل الجواہر

خواجہ محمد سعید (۱۰۷۱ھ/۱۶۶۱ء) شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانیؒ (۱۰۳۴ھ/ ۱۶۲۴ء) کے بڑے بیٹے تھے۔ سترہ سال کی عمر میں آپ نے اپنے وقت کے علوم عقلیہ ونقلیہ مکمل کئے۔ آپ کے اساتذہ میں آپ کے والد گرامی کے علاوہ برادرِ اکبر خواجہ محمد صادق، اور ملا محمد طاہر لاہوری شامل ہیں۔ (۱) فقہی علوم پر آپ کو کامل دسترس حاصل تھی۔ شیخ احمد سرہندیؒ کو کسی مسئلہ پر تحقیق مطلوب ہوتی تو وہ آپ ہی سے کہتے۔ (۲) اگر کبھی دربار میں جاتے تو بادشاہ آپ کی موجودگی میں کسی دوسرے سے مسائل دریافت نہ کرتا۔ (۳) علم حدیث میں بھی آپ کا گہرا مطالعہ تھا۔ مشکوٰۃ المصابیح پر آپ کا حاشیہ اس کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ اس میں آپ نے ان احادیث کی نہایت ہی خوبصورت وضاحت کی ہے جو احناف کے مؤقف کی وضاحت کرتی ہیں۔ (۴) خانقاہ مجددیہ کے انتظامی امور میں بھی آپ کا بنیادی کردار تھا۔ (۵) تصوف میں آپ کے مقام کی بلندیوں کا اعتراف خود خواجہ باقی باللہؒ اور آپ کے والد گرامی قدر نے کیا ہے۔ (۶) علمائے عرب سے آپ کے گہرے روابط تھے۔ (۷) آپ کے مکاتیب میں فصیح عربی زبان میں لکھے ہوئے مکاتیب بھی ملتے ہیں۔ (۸) اورنگ زیب عالمگیر سے آپ کے گہرے روابط تھے، اس کا اندازہ ان مکاتیب سے ہوتا ہے جو شاہ وقت کے نام ہیں۔ (۹) شیخ عبدالاحد (۱۶۴۰۔ ۱۷۱۴ / ۱۱۲۶۔ ۱۰۵۰ھ) شیخ محمد سعید کے پانچویں فرزند تھے۔ (۱۰) اس طرح وہ حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندیؒ کے پوتے ہوئے۔ (۱۱) قرآن مجید کے حافظ (۱۲) ہونے کے علاوہ مروجہ دینی علوم اپنے والد اور

Marfat.com

اخوند سجاول (۱۳) سے پڑھے اور ان میں کمال حاصل کیا۔ اپنی خاندانی روایات کے مطابق سیر وسلوک کی منازل بھی طے کیں۔

آپ کے علمی تفوق اور وسعت کا پتہ آپ کی تصانیف سے چلتا ہے جو فارسی اور عربی زبان میں نہایت عالمانہ مباحث سے پُر ہیں۔ ان کی تعداد پچاس کے قریب ہے۔ اکثر خطی نسخوں کی صورت میں مختلف کتب خانوں میں پڑی ہیں اور کئی کے صرف نام ہی ملتے ہیں۔ (۱۴) دستیاب ذخیرہ سے یہ پتا چلتا ہے کہ تفسیر، حدیث اور فقہ جیسے ادق مضامین میں آپ نے تحریری سرمایہ چھوڑا ہے۔ اس سلسلے میں درج ذیل کتب قابل ذکر سمجھتا ہوں۔

قرآنیات کے حوالہ سے ''حاشیہ بر بعض اقوال تفسیر بیضاوی''، ''منثور الدرر فی فضائل السور''، ''رسالہ فی قرأۃ النبی المختار واصحابہ الکبار''، ''قرأۃ القارئین'' اہم ہیں۔ حدیث وسیرت میں ''سلسلۃ الجواہر در شرح چہل حدیث'' اور ''خزائن النبوۃ'' کا تذکرہ ملتا ہے۔ فقہی ذوق، جو آپ کو اپنے والد سے عنایت ہوا تھا، ''فیض العام''، ''بدائع الشرائع اسرار الجمعہ'' اور ''رسالہ نفی الاشارۃ فی الصلوۃ'' اس ذوق کے آئینہ دار ہیں۔ دینی علوم پر آپ کی تصانیف کا یہ اجمالی تذکرہ بہر صورت آپ کے علمی وفکری رجحانات کا آئینہ دار ہے۔ آپ نے اپنے زمانہ کی ضروریات کی تکمیل کے لیے قلم و قرطاس سے اپنے رشتہ کو جوڑے رکھا۔

آپ کے خاندان نے برصغیر میں علم تصوف کے لیے جو کارہائے نمایاں انجام دیے وہ مشرق ومغرب میں کسی سے پوشیدہ نہیں۔ سلسلہ نقشبندیہ کی ترویج واشاعت اور عالم عرب میں فروغ (۱۵) میں آپ کا ایک اہم اور نمایاں کردار ہے۔ آپ اپنے

Marfat.com

والد کے سجادہ نشین تھے اور اپنے چچا، خواجہ محمد معصوم کے فیض یافتہ بھی۔ آپ کے تربیت یافتہ افراد میں ایک بہت ہی نمایاں نام محمد عابد سنامی (۱۶) کا ہے۔ حضرت مظہر جان جاناں (۱۷) محمد عابد سنامی (۱۸) کے مرید تھے۔ تفسیر مظہری کے مؤلف قاضی ثناء اللہ (۱۹) اور معروف صوفی محمد خالد کردی (۲۰) کا تعلق اسی سلسلۃ النور سے ہے۔ ایک صوفی کی حیثیت سے دو باتوں کا تذکرہ ضروری ہے۔ ایک وہ بشارتیں جو مشائخ سے آپ کو ملیں اور دوسرا علم تصوف پر آپ کی تصانیف۔ جہاں تک ان مختلف بشارتوں اور مختلف مجددی بزرگوں سے تصوف وسلوک کی منازل طے کرنے کا تعلق ہے اس کا ایک اجمالی تذکرہ درج ذیل ہے:

(۱) آپ کے والد نے آپ کو ولایت کبریٰ کی بشارت دی۔

(۲) آپ کے چچا خواجہ معصومؒ نے آپ کو ولایت کبریٰ کے علاوہ صغریٰ، علیا، کمالات نبوت، حقائق اربعہ اور ان سے بھی بالا بشارتیں دیں۔

(۳) خواجہ معصومؒ نے ہی آپ کو ''محمدی المشرب'' کی استعداد کی بشارت دی۔ (۲۱)

اگر آپ کی تصانیف کا جائزہ لیا جائے تو ''سبیل الرشاد''، ''رسالہ لطائف''، ''رسالہ نقشبندیہ''، ''رسالہ در بیان طریقۂ احمدیہ'' آپ کے صوفیانہ افکار کے مظہر ہیں۔ شیخ سے عقیدت ومحبت، تصوف کا جزو لاینفک ہے۔ اسی عقیدت کے اظہار کے لیے آپ نے ''الجنات الثمانیہ'' کے علاوہ ''خیر الکلام''، ''رسالہ رد مخالفین حضرت مجدد الف ثانیؒ''، ''شرح مکتوبات حضرت مجدد الف ثانیؒ'' اور اپنے والد کی سوانح عمری ''لطائف المدینہ'' لکھی۔ آپ کے صوفیانہ افکار کے آئینہ دار وہ خطوط بھی ہیں جو ہمیں نقشبندی سلسلہ کے مختلف مجموعہ ہائے مکاتیب میں ملتے ہیں۔ (۲۲) ان خطوط کے مطالعہ سے با آسانی یہ

Marfat.com

اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ آپ کی ذات علمی اور عملی اعتبار سے مجددی طرز تصوف کے محاسن کا مجموعہ تھی۔ شیخ ابوالرضا محمد سے آپ کی مکاتبت صوفیانہ طرز تحریر کی عمدہ مثال ہے۔(۲۳)

درج بالا سطور سے شاید کوئی یہ اندازہ لگائے کہ آپ ایک خشک ملا وزاہد تھے۔ حقیقت میں ایسا نہیں۔ آپ نہایت عمدہ شعری ذوق رکھتے تھے۔ فارسی اور ریختہ (۲۴) میں آپ کی شاعری کے نمونے دستیاب ہیں۔ ''وحدت'' اور ''گل'' آپ کے تخلص تھے اور خواجہ معصوم آپ کے اشعار کو ''رنگین'' قرار دیتے۔ شاعری میں ''خیابان وحدت'' اور ''دیوان وحدت''، نامی شعری مجموعے آپ کی یادگار بتائے جاتے ہیں۔ درحقیقت آپ نے آنے والے دور میں اردو شاعری کو مقصدیت ومعنویت سے معمور کرنے کے ایک نئے دبستان کی بنیاد رکھی جس کو مظہر جان جاناں نے پروان چڑھایا۔ نقشبندی شعرا میں شعر تفنن طبع کا ذریعہ نہیں بلکہ فکر واحساس کی سچائی کا اظہار ہے۔(۲۵) اسی لیے میر محمدی مائل دہلوی نے شیخ عبدالاحد وحدت کو ''استاد شعر ریختہ'' (۲۶) کہہ کر خراج تحسین پیش کیا ہے۔ آپ کی فکر سے جس شعری ادب نے جنم لیا اس میں مظہر جان جاناں کے علاوہ شیخ سعداللہ گلسن، (ان کے شاگرد) ولی دکنی، نقی سرہندی ،انعام اللہ خاں یقین، ولی اللہ اشتیاق شامل ہیں۔

آپ کی فارسی اور ریختہ میں شاعری سے چند اشعار ملاحظہ فرمائیں:

شب خیال طرہ شوخی بدل پیچیدہ و رفت
ساعتی ہمچوں شب قدر از بزم جو شید و رفت
خانہ زیں است دنیا عیش و پا در رکارب

Marfat.com

شہسوار است آنکہ آرزوی زور دامن چیدہ ورفت (۲۷)

خوش کن لمحات والی رات گذر گئی ہے، وہ لمحے شب قدر کی طرح رخصت ہو گئے ہیں۔ اب دنیا میں اس طرح زندگی گذاریئے کہ آخرت کے سفر کے لیے تیار رہیں۔ بہترین سوار وہ ہے جو جلدی اپنا رخت سفر باندھے۔

خواجہ سعیدؒ نے (اپنے والد گرمی قدر) کے وصال پر یہ اشعار (مادۂ تاریخ) کہے:

سال رحلت بیابی از خوانی

رفت قطب زماں سعید ازل (۲۸)

درج ذیل جملے سے سال رحلت کا عدد نکلتا ہے:

رفت قطب زماں سعید ازل

۶۸۰+۱۱۱+۹۸+۱۴۴+۳۸=۱۰۷۱

اپنے والد کے وصال کے بعد چچا، خواجہ محمد معصومؒ کے پاس آئے تو یہ اشعار کہے:

سپردم بہ تو مایۂ خویش را

تو دانی حسابی کم وبیش را (۲۹)

میں نے خود کو آپ کے حوالے کر دیا پھر کمی بیشی آپ بہتر جانتے ہیں۔

ریختہ جو اردو زبان کی ابتدائی شکل ہے، میں ایک غزل یہ ہے:

ذرا تو سوچ اے غافل کہ کیا دم کا ٹھکانا ہے
نکل ہی جب گیا تن سوں تو پھر اپنا بگانا ہے
مسافر توں ہے اور دنیا سرائے، بھول مت غافل
سفر ملک عدم آخر تجھے در پیش آنا ہے

Marfat.com

لگاتا ہی عبث دولت پہ کیوں دل کوں کہ اب ناحق
نہ جاوے سنگ کچھ ہرگز، یہاں سب چھوڑ جانا ہے
نہ بھائی بند ہے کوئی، نہ یار و آشنا کوئی
ٹک اک جو غور سے دیکھو تو مطلب کا زمانا ہے
لگاؤ یاد میں اس کی نجات اپنی اگر چاہے
عبث دنیا کے دھندے میں ہوا گل کیوں دوانا ہے(۳۰)

سطور بالا کے مطالعہ سے یہ عیاں ہوتا ہے آپ کی شخصیت علوم وفنون کے اعتبار سے کثیر الجہت تھی۔ میر صفر احمد معصومی نے ''فصیح بیان شاعر'' اور ''فقیہ عارف'' کے القابات سے آپ کو خراج عقیدت پیش کیا (۳۱) تو آپ کے چچازاد بھائی خواجہ نقشبند نے آپ کے عالمانہ اور عارفانہ مقام ومرتبہ کو ان الفاظ میں بیان کیا ہے:

''ہمارے آباء واجداد میں جتنا کچھ علم ومعرفت اللہ نے الگ الگ لوگوں کو عطا کیا تھا وہ سب کچھ ایک عالم میں دیکھنا چاہیں تو صرف شیخ عبدالاحد کی ذات بابرکات تھی۔''(۳۲)

خواجہ اعظم کشمیری آپ کے مخلص مریدین میں سے تھے انہوں نے آپ کے احوال الشجر الخلد واثمار الاشجار میں تحریر کئے ہیں۔ اور اس کو ایک نظم میں بیان کیا ہے۔ اس میں سے یہاں پر چند اشعار نقل کرنے پر اکتفاء کیا جاتا ہے جن سے مادہ تاریخ نکلتا ہے۔

از عمر مبارکش بادشاد بگذشت چون سال هفت و هفتاد
از وحشت این سرائے ادنے رو کرد سوئے رفیق اعلی

Marfat.com

شه باز هوائ لامکان شد ارشاد فزائی قدسیان شد

این حال که جان و دل بفرسود در بیست و ششم ز ماه حج بود

در جمعه که عید مؤمنین است تشریف وصال شاه دین است

حوران بهشت خاک راهش غلمان بصفائ دل فدائیش

رضوان ز بهشت سر کشیده امروز بکام دل رسیده

می گفت پس از هزار توصیف این بیت برائی سال تالیف

عبد الاحد آن امام قیوم احمد سیر و سعید معصوم

آراسته تخت معرفت را اظهار نمود مرحمت را

☆ آپ کی عمر مبارک کا سفر، گزر گیا جب ستتر سال مکمل ہوئے۔

☆ اسی ادنیٰ سرائے کی وحشت سے، رفیق اعلیٰ کی طرف رخ کیا۔

☆ لامکان کے شہباز بنے، قدسیوں کے رہنما بنے۔

☆ یہ وقت جب کہ دل و جان فرسودہ ہوا، ذوالحج کے مہینہ کی چھبیس تاریخ تھی۔

☆ جمعہ کے دن جو کہ مؤمنین کی عید ہوتی ہے، شاہ دین کا وصال مبارک ہوا۔

☆ جنت کی حوریں آپ کی خاک راہ ہیں، غلمان دل سے آپ کے فدائی۔

☆ رضوان نے جنت سے سر باہر نکالا، آج اپنے دل کی مراد کو پہنچے۔

☆ ہزار توصیف کے بعد، یہ شعر سال تالیف کے لیے کہے۔

☆ عبدالاحد وہ امام قیوم، احمد سیر اور سعید معصوم۔

☆ معرفت کے تخت کو انہوں نے سجایا، مرحمت کا اظہار کیا۔

Marfat.com

اور یہ بھی انہیں کا منظومہ ہے۔

خواجہ کشمیری کی ایک اور نظم

کردرحلت قطب ارشاد آنکه بود در ره حق عارفان رامستند

از نسیم فیض نشگفته گلے همچو او درباغ وحدت سرسبد

منبع اسرار ذات لم یلد مطلع انوار الله الصمد

از عنایات ازل ذاتش سعید باکمال فضل معصوم ابد

زد رقم اعظم بسال وصل او هادی دین بود شیخ عبدالاحد

☆ رحلت کر گے قطب ارشاد جوراہ حق میں عارفوں کے لیے مستند تھے۔

☆ نسیم فیض سے ایسا کوئی پھول نہ کھلا، کہ وہ باغ وحدت میں ہمیشہ رہے۔

☆ ذات لم یلد کے اسرار کا منبع، اللہ الصمد کے انوار کا مطلع۔

☆ عنایات ازلی سے دل ان کا سعید، کمال فضل کے ساتھ وہ ابدی معصوم۔

☆ اعظم نے ان کا سال وصال یوں لکھا، ہادی دین تھے شیخ عبدالاحد۔

هادی دین بود شیخ عبدالاحد ۱۱۲۶ هجری

یہ بھی خواجہ کشمیری کی نظم ہے:

چو شیخ عبدالاحد آن قطب آفاق

سفر کرد اختیار از دار دنیا

چراغ افروز بزمِ قدسیان شد

براوج چرخ مانند مسیحا

ولے از هجر آن سرخیل اقطاب

Marfat.com

بر اهل دل قیامت گشت برپا
چو پر سیدم ز اعظم سال و صلش
بگفتا رفت شاه دین و دنیا
الهی خاک پاک مرقدش باد
ضیا بخش سواد دیدۂ ما

☆ جب شیخ عبدالاحد قطب آفاق نے
☆ سفر اختیار کیا دار دنیا سے آگے
☆ اور قدسیوں کے بزم میں چراغ روشن کرنے والوں میں شامل ہو گئے۔
☆ آسمان کی بلندیون پر مسیحا کی طرح
☆ لیکن اقطاب کے سرخیل کے فراق سے
☆ اہل دل پر قیامت ٹوٹ پڑی
☆ جب اعظم سے ان کا سال وصال پوچھا
☆ انہوں نے کہا شاہ دین و دنیا رحلت فرما گئے۔
☆ اے اللہ ان کے مرقد کی خاک پاک
☆ میری آنکھوں کی بینائی کے لیے ضیا بخش ہو۔ (۳۳)

Marfat.com

کحل الجواہر (تعارف)

حضرت شیخ عبدالاحد وحدت سرہندی کا یہ مختصر سا رسالہ ہے۔ اس میں لطائف کے حوالہ سے انتہائی اہم معلومات دی گئی ہیں پروفیسر محمد اقبال مجددی نے لطائف المدینہ میں حضرت وحدت کے حالات کے علاوہ تالیفات کا تعارف بھی دیا ہے۔ اس میں وہ ''رسالہ در بیان طریقہ احمدیہ (لطائف خمسہ) کے تحت لکھتے ہیں:

یہ رسالہ فارسی نثر میں ہے اور حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی قدس سرہ کے طریقہ سلوک کے بارے میں ہے، آغاز یوں ہوتا ہے:

الحمدللہ و سلام علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ امابعد چوں
سالک از حجاب ہستی وخود پرستی بیرون آید درد یدۂ بصیرتش بکحل
الجواہر معرفت مکتحل گردد.....

اس کا ایک خطی نسخہ نیشنل میوزیم آف پاکستان، کراچی میں ہے۔ یہ رسالہ مولانا نور احمد امرتسری مرحوم کی تصحیح سے کنز الہدایات مولف شیخ محمد باقر لاہوری کے ساتھ کحل الجواہر کے نام سے بطور ضمیمہ طبع ہو گیا ہے۔

حاشیہ میں یہ معلومات دی گئی ہیں:

مولانا نعیم اللہ بہڑائچی نے معمولات مظہریہ ص ۶۶ میں رسالہ کحل الجواہر کو حضرت وحدت کا ایک مکتوب بتاتے ہوئے من وعن نقل کر لیا ہے جس کے آخر میں بعض اضافات بھی ہیں، حضرت وحدت کے خلیفہ شیخ محمد عابد سنامی کے حوال پر معاصر خطی رسالہ میں بھی ایک رسالہ ''در بیان لطائف خمسہ واصول آنہا'' کے نام سے نقل کیا گیا ہے

Marfat.com

وہ یہی رسالہ لطائف خمسہ ہی ہے۔'' (مقامات مظہری، تعلیقات ۵۶۲، طبع اول) 34

ان معلومات کا بنیادی ماخذ مکتوبات امام ربانی اور مکتوبات معصومیہ ہیں۔ یہ رسالہ بھی ان شاء اللہ حوالہ جات وتعلیقات کے ساتھ علیحدہ شائع کیا جائے گا۔ جس مخطوطہ سے اس کا ترجمہ دیا جارہا ہے اس پر Manuscript details کے عنوان سے درج ذیل معلومات دی گئی ہیں۔

Abdulahad Wahdat Sirhindi, Kuhl al-Jawahir, Istanbul, Bayazid Davlat Library, Bayazid section, inventory: 3823, ff. 18a-21b.

ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس

یکم محرم الحرام ۱۴۳۹ھ

۲۳ ستمبر ۲۰۱۷ء

Marfat.com

حوالہ جات/حواشی

(۱) کشمی، محمد ہاشم، زبدۃ المقامات، مکتبہ انوار مدینہ، سیالکوٹ: ۱۴۰۷، ص:۴۱۶ / بدر الدین سرہندی، علامہ حضرت القدس، مکتبہ نعمانیہ سیالکوٹ، ۱۴۰۳ھ، جلد ۲، ص: ۲۵۳

(۲) معصوم سرہندی، خواجہ مکتوبات معصومیہ، ادارہ مجددیہ، کراچی، دفتر سوم، مکتوب: ۳

(۳) حضرات القدس جلد دوم، ص: ۲۵۳

(۴) زبدۃ المقامات، ص:۴۱۶

(۵) مکتوبات معصومیہ دفتر دوم، مکتوب: ۳

(۶) سیر وسلوک سے متعلق آپ کی بلند نگاہی کے لیے ملاحظہ فرمائیں۔
باقی باللہ، خواجہ، مکتوبات (قلمی) (عکس)، کتب خانہ جامعہ ریاضی العلوم فیصل آباد، ص:۵۹
مکتوبات امام ربانی دفتر اول، مکتوب ۲۵۹، ۲۹۶، ۳۱۱۔ دفتر دوم: مکتوب ۳، ۷۱، ۹۱۔ دفتر سوم: مکتوب ۴۶، ۴۸، ۶۱، ۷۳، ۷۷، ۸۸، ۹۳۔ دفتر دوم (مکتوب ۵۵، ۹۸) اور دفتر سوم (مکتوب ۲، ۴۳، ۶۴، ۷۸، ۸۲، ۸۵، ۱۰۴) آپ کے بھائی خواجہ محمد معصوم کے یہ مکاتیب تصوف میں آپ کے مقام ومرتبہ کے عکاس ہیں۔

(۷) ملاحظہ فرمائیے سعید احمد، خواجہ، مکتوبات سعیدیہ، مرتب: خواجہ محمد فرخ، لاہور ۱۳۸۵ھ
مکتوب نمبر ۳۸، بنام شیخ ابراہیم، مدرس مدینہ منورہ
مکتوب نمبر ۸۷، بنام امام اسمعیل والی یمن
مکتوب نمبر ۶۸، بنام علمائے الحرمین الشریفین
مکتوب نمبر ۸۵، بنام شیخ احمد تبری خطیب مدینہ منورہ

(۸) مکتوبات کی عمومی زبان فارسی ہے۔ بعض مکاتیب فارسی اور عربی میں لکھے گئے ہیں۔

Marfat.com

علاوہ ازیں صرف عربی زبان میں لکھے ہوئے مکاتیب بھی ملتے ہیں۔ درج ذیل مکاتیب ملاحظہ فرمائیں۔

مکتوب نمبر: ۷، ۸، ۱۶، ۲۹، ۳۰، ۸۶، ۸۹

شیخ محمد کے نام (مکتوب: ۹۷) امام ابوحنیفہؒ کے فضائل و مناقب اور حاسدین کے شبہات کے رد میں لکھا گیا۔ عربی زبان میں امام ابوحنیفہؒ پر یہ طویل خط (ص: ۱۵۸۔ ۲۱۴) اس موضوع کے ہر پہلو کا احاطہ کئے ہوئے ہے۔

(۹) بادشاہ وقت اورنگزیب عالمگیر کے نام آپ کے درج ذیل ۹ مکاتیب ہیں:

مکتوبات سعیدیہ، مکتوب نمبر ۳۷، ۳۹، ۴۰، ۴۵، ۴۶، ۶۵، ۶۶، ۸۲، ۴، ان میں ۵ مکاتیب اس کے زمانہ شہزادگی کے ہیں۔ ان خطوط میں آپ نے اسے ہندوستان مین اسلام کی زبوں حالی، اس کی ذمہ داریوں اور ترویج شریعت سے متعلق آگاہی دی ہے۔

شیخ محمد سعید کا وصال ۲۷ جمادی الآخر ۱۰۷۱ کو دہلی سے سرہند جاتے ہوئے سنبھالکہ کے مقام پر ہوا۔ آپ کے بڑے بھائی خواجہ محمد صادق کے ساتھ آپ کو سرہند میں دفن کیا گیا۔ آپ خازن الرحمۃ کے لقب سے مشہور ہیں۔ آپ کے احوال و آثار کے لیے ملاحظہ فرمایئے:۔

زبدۃ المقامات،، ص: ۴۱۵۔ ۴۲۷

حضرات القدس، جلد ۲، ص: ۲۵۲۔ ۲۸۰

روضۃ القیومیۃ، جلد اول، ص: ۴۶۳۔ ۴۷۰

شیخ عبدالاحد بن خواجہ محمد سعید نے آپ کے حالات پر ''لطائف المدینہ'' کے نام سے ۱۰۶۷۔ ۱۰۶۸ میں لکھی۔ یہ عربی نثر میں ہے۔ اس کتاب کا قلمی نسخہ نیشنل میوزیم آف پاکستان، کراچی میں ۲/ ۱۰۵۶۔ N.M:۱۹۵۷ کے تحت محفوظ ہے۔ اس مخطوط کا ملخص اردو ترجمہ مع تعلیقات حوزۂ نقشبندیہ، لاہور سے ۱۴۲۵ھ/ ۲۰۰۴ء میں محمد اقبال

Marfat.com

مجددی نے شائع کیا۔

(۱۰) شیخ محمد سعید کے آٹھ صاحبزادے اور پانچ صاحبزادیاں تھیں۔جن میں شیخ عبدالاحد کا پانچواں نمبر ہے۔تفصیل ضمیمہ میں ملاحظہ فرمائیں۔

(۱۱) شیخ عبدالاحد کا شجرہ نسب اس طرح ہے:

عمر الفاروق، عاصم، حفص، عمر، عبداللہ، ناصر، ابراہیم، اسحاق، ابوالفتح، عبداللہ (اکبر)، عبداللہ (الواعظ الاصغر)، مسعود، سلیمان، محمود، نصیر الدین، شہاب الدین علی فرخ شاہ، یوسف احمد، شعیب، عبداللہ، اسحاق، یوسف، سلیمان، نصیر الدین، نورالدین، امام رفیع الدین، حبیب اللہ، محمد، عبدالحی، زین العابدین، عبدالاحد، شیخ احمد سرہندی، خواجہ محمد سعید، شیخ عبدالاحد، گویا ۳۳ واسطوں سے آپ کا سلسلۂ نسب حضرت عمر فاروقؓ سے ملتا ہے۔

(۱۲) اقبال مجددی، محمد، مقامات معصومی، ، ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور، ۲۰۰۴ء مقامات معصومی جلد دوم، ص ۱۴۳

(۱۳) شیخ احمد سرہندی نے مکتوبات میں ایک جگہ اخوند سجاول کا ذکر کیا ہے۔(احمد سرہندی، شیخ، مکتوبات امام ربانی، ادارہ مجددیہ کراچی، دفتر سوم، مکتوب:۹۱)

مکتوبات معصومیہ میں بھی ایک خط ان کے نام موجود ہے۔(دفتر اول، مکتوب:۱۹۷)

مجددی خاندان کے اکثر احباب ان کے استاد ہیں۔فقہ کے ماہر سمجھے جاتے تھے۔شرح وقایہ کا فارسی ترجمہ اور ہدایہ کی شرح کے علاوہ مسائل ضروریہ کے نام سے تصانیف کا تذکرہ ملتا ہے(مقامات معصومی (جلد ۴، ص:۳۸۹_۳۹۱)

حالات کے لیے ملاحظہ فرمائیں مقامات معصومی جلد اول، ص:۶۱۸_۶۲۱

(۱۴) محمد اقبال مجددی نے لطائف المدینہ کے مقدمہ میں کتب کی تفصیلات بڑی محنت سے اکٹھی کی ہیں۔اقبال مجددی، محمد، مقدمہ لطائف المدینہ، حوزہ نقشبندیہ، لاہور ۲۰۰۴ء،

Marfat.com

ص:۴۵_۶۱

کتب کی تفصیلات کے لیے درج ذیل مآخذ بھی ملاحظہ فرمائیں:

محمد احسان سرہندی، روضۃ القیومیۃ، مکتبہ نبویہ، لاہور، جلد ۳، ص:۵۶

روضۃ القیومۃ، جلد ۴، ص: ۱۲۴

مقامات معصومی، جلد ۲، ص:۵۳۸

عبدالحیؒ، مولانا، نزھۃ الخواطر (اردو) دارالاشاعت کراچی، ۲۰۰۶، مترجم انوارالحق قاسمی، جلد ۶، ص:۱۸۷_۱۸۸ ضروی، احمد فہرست مشترک نسخہ ھای خطی فارسی پاکستان، اسلام آباد جلد ۲، ۴، ۷

حسن انوشہ، دانش نامہ ادب فارسی، ادب فارسی درشبہ قارہ، تہران، ۱۳۸۰، ص: ۲۶۵۶_۲۶۵۷

(۱۵) غلام سرور لاہور، مفتی، خزینۃ الاصفیاء انصاری کتب خانہ جلد اول، ص: ۶۶۲_۶۶۳

(۱۶) مقامات مظہری، ص:۲۴۸_۲۵۲

(۱۷) شیخ مظہر جان جاناں (م: ۱۱۹۵ھ/ ۱۷۸۰ء) سلسلہ نقشبندیہ مجددیہ کے نامور شیخ ہیں، ان کے احوال، شاہ غلام علی دہلوی نے مرتب کئے۔ ان کے اردو ترجمہ اور تعلیقات کا کام محمد اقبال مجددی نے کیا ہے۔

(۱۸) خالد کردی شاہ غلام علی دہلوی کے نامور خلیفہ ہیں۔ مغرب کے اہل علم میں نقشبندی سلسلہ کے معروف صوفیہ میں سے ایک ہیں۔

(۱۹) قاضی ثناء اللہ کی شخصیت وسوانح پر تحقیقی مقالہ بعنوان ''تذکرہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی'' لاہور سے شائع ہو چکا ہے۔

(۲۰) مکتوبات معصومیہ دفتر سوم، مکتوب: ۱۱۷

(۲۱) مقامات معصومی، جلد ۲: ص: ۵۳۴، ۵۳۶، ۵۳۷

Marfat.com

(۲۲) ملاحظہ فرمایئے:

مکتوبات سعیدیہ، مکتوب: ۱۷، ۲۱م ۳۶، ۴۲، ۸۶

مکتوبات معصومیہ، دفتر دوم، مکتوب: ۱۱۹، دفتر سوم، مکتوب: ۲، ۱۴، ۱۶۸، ۲۰۵، ۲۴۸

(۲۳) انفاس العارفین، ص: ۱۹۲، ۲۲۵

(۲۴) اردو زبان کی قدیم ابتدائی شکل ریختہ کہلاتی ہے۔

(۲۵) جالبی، جمیل احمد تاریخ ادب اردو، مجلس ترقی ادب لاہور، ۱۹۷۷، جلد ۲، ص: ۱۲۴

(۲۶) تاریخ ادب اردو جلد ۲، ص: ۱۲۴ / مزید تفصیلات کے لیے ملاحظہ فرمایئے، نجم الاسلام، دین وادب ادارہ اردو حیدرآباد ۱۹۸۹ء، ص ۹۹، ۱۱۸، ۱۱۶ / تذکرہ روز روشن، ص ۶۹۰

(۲۷) مقامات معصومی، جلد ۲، ص: ۵۴۱

(۲۸) مقامات معصومی، جلد دوم، ص: ۴۸۰

(۲۹) مقامات معصومی، جلد دوم، ص: ۴۸۰

مزید اشعار کے لیے اسی جلد کا ص: ۲۲، ۵۳۳، ۵۳۳ ملاحظہ فرمائیں۔

علاوہ ازیں صباء، مولوی محمد مظفر حسین، تذکرہ روز روشن، تصحیح وتحشیہ محمد حسین دکن، انتشارات کتابخانہ رازی، تہران، ۱۳۴۳، ص: ۶۹۱

(۳۰) تاریخ ادب اردو، جلد ۲، ص: ۱۲۳

(۳۱) مقامات معصومی، جلد ۲، ص: ۲۲

(۳۲) قاسمی، احمد ندیم، (مدیر) سہ ماہی ''فنون'' لاہور، شمارہ ۲، جلد: ۴، دسمبر ۱۹۶۶ء، ص ۲۴۲ محمد اکرم چغتائی کا مضمون بعنوان ''مائل دہلوی کا ایک اہم تاریخی قطعہ'' ص: ۲۳۷، ۲۴۵ یہاں تک کے مندرجات کے لیے ملاحظہ فرمائیں (فکر ونظر، جلد ۴۶، جنوری، مارچ ۲۰۰۹ء ادارہ تحقیقات اسلامی اسلام آباد)

(۳۳) حاجی محمد فضل، عمدۃ المقامات، ترکی، ص ۲۴۷۔۲۴۸

کحل الجواہر کا ایک ترجمہ کنز الہدایات کے ترجمہ کے ساتھ ۲۰۰۳ء میں شائع ہوا، صوفی غلام سرور نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ کی نگرانی میں علامہ ظہور احمد جلالی نے یہ ترجمہ کیا۔

(۳۴) لطائف المدینہ صفحہ ۵۲، تحقیق پروفیسر محمد اقبال مجددی

Marfat.com

سلسلہ مجددیہ کے طریق سلوک کی کیفیت کا ذکر اور لطائف عشرہ کا بیان

حضرت شیخ عبدالاحد دلیل اللہ الصمد کے اس باب میں چند انتہائی متین مکتوبات ہیں جو کحل الجواہر سے موسوم ہیں اسے بعینہ دیا جارہا ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد اللہ و السلام علی عبادہ الذین اصطفے اما بعد

جب سالک ہستی اور خود پرستی کے حجاب سے باہر آجاتا ہے اور اس کی باطنی آنکھ کحلل الجواہر کی معرفت سے سرگین ہو جاتی ہے تو آیہ کریمہ وفی انفسکم افلا تبصرون کے مطابق اپنی بصیرت سے ان نشانیوں کا مشاہدہ کر لیتا ہے جو اس میں ودیعت رکھی گئی ہیں اس کے بعد بارگاہ قدس سے اس قالب انسانی میں ودیعت کی گرد نشانیوں اور حقائق میں سے چند کا یہاں ذکر کیا جاتا ہے بمقتضائے من عرف نفسہ فقد عرف ربہ ان کو دھیان اور توجہ سے سنا جائے۔

جاننا چاہئے کہ انسان جو کہ عالم صغیر ہے دس اجزاء سے مرکب ہے جن کے اصول (جڑیں) عالم کبیر میں ہیں اور عالم کبیر عبارت ہے مجموعہ کائنات سے عالم خلق ہو امران میں سے پانچ عالم امر سے متعلق ہیں وہ یہ ہیں قلب، روح، سر، خفی اور اخفی اور پانچ عالم خلق سے ہیں اور وہ نفس اور عناصر اربعہ ہیں جس طرح ان عناصر کے اصول (جڑیں) عالم خلق میں ہیں اسی طرح لطائف خمسہ مذکورہ کے اصول عالم اُمر میں ہیں جو کہ عبارت ہے فوق العرش سے اور لامکان میں متحقق ہے۔ اور عرش مجید سے اوپر اور باقی اصول سے نیچے اصل قلب ہے اور اسی لیے قلب کو عالم خلق اور عالم امر کے درمیان

Marfat.com

برزخ کیا گیا ہے کیونکہ عالم خلق کی انتہا عرش مجید ہے اور کیونکہ عرش عالم خلق کی انتہا ہے وروہاں سے آگے عالم اَمر شروع ہوتا ہے اس لحاظ سے عرش کو بھی بزرخ کہا گیا ہے۔

اور اصل قلب سے اوپر اصل روح ہے اور اس سے اوپر اصل سرّ اور اس سے اوپر اصل خفی اور اس سے اوپر اصل اخفی ہے جب حق جل وعلیٰ نے اپنی حکمت بالغہ کے مطابق انسان کو اس ترکیب سے بنانا چاہا تو اس کا قالب (ڈھانچہ) بنانے کے بعد لطائف خمسہ میں ہر ایک کا تعلق ورشتہ اس عنصر جسمانی سے جوڑ کر فوق العرش سے انہیں ہر ایک کے مناسب اور خاص مقام میں اتارا اور وہاں متمکن کر دیا۔

لطیفہ قلب کو اس لوتھڑے (دل) میں جگہ دی جو بائیں پستان کے نیچے واقع ہے جسے قلب صنوبری کہتے ہیں اور اسے قلب صنوبری اس لیے کہتے ہیں کہ یہ صنوبر پھل کی طرح مقلوب ہوتا ہے اور اس لطیفہ کا اصل الاصل حق تعالیٰ کی صفت اضافیہ ہے اور (صفت اضافیہ) عبارت ہے فعل وتکوین (الٰہی) سے اور اس لطیفہ کا کمال یہ ہے کہ سالک حق جل وعلیٰ کے فعل میں فانی ومستھلک ہو جائے گا اور اسی فعل سے بقا حاصل کرے گا اور اس دوران سالک خود کو مسلوب الفعل پائے گا اور اپنے افعال کو حق جل وعلی سے منسوب کرے گا اور فنائے قلب اور تجلی فعل اسی مقام کے لیے کنایہ ہے اور یہ اس بات کی علامت ہے کہ (دل کو) غیر حق سے کوئی علمی وجبی تعلق نہیں رہا ہے اور ماسوئ اللہ کو بالکل فراموش کر دیا ہے حتیٰ کہ اگر سالہا سال کوشش کرے ایک لمحہ کے لیے بھی ماسوی کو یاد نہ کر سکے گا اس وقت جب علم اشیاء اس سے زائل ہو گیا ہے محبت اشیاء بطریق اولیٰ زائل ہو گئی ہے۔

جب سالک فنائے قلب سے مشرف ہو جاتا ہے اولیاء کی جماعت میں داخل

Marfat.com

ہوجاتا ہے اور اس (فنائے قلب) کا حصول تب تک ممکن نہیں جب تک کہ سالک دائر
امکان ''یعنی فرش سے عرش تک اور عرش سے لے کر عالم امر تک'' اور مراتب عشرہ جن
کا ذکر صوفیہ علیہ نے کیا ہے، کو مکمل طے نہیں کر لیتا۔ اور لطیفۂ نور قلب زرد روشنی
اور اس لطیفہ کی ولایت حضرت آدم علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے زیر قدم ہے اور
سالک اس مشرب کا ہو اس کا وصول بارگاہ قدس تک اسی لطیفہ سے ہوگا ہے ہاں سوا
کسی پیر کامل کی کشش وقسر کے۔ اس مشرب والے میں ان ولایات پنجگانہ میں
ایک درجہ حاصل کرنے کی استعداد ہوتی ہے۔ مگر یہ کہ کوئی قاسر ہو جو قسر کر دے۔

لطیفہ روح چونکہ الطف (لطیف تر) ہے اور مقام قلب سے زیادہ مناسب رکھ
ہے اس بنا پر اسے سینہ کے دائیں جانب پستان کے نیچے جگہ دی گئی۔ اور اس لطیفہ
اصل الاصل حق تعالیٰ کے صفات ثبوتیہ ہیں جو ذات اقدس سے ایک قدم نزدیک
ہیں۔ سالک اس لطیفہ میں (جو کہ تجلی صفات سے مربوط ہے) فنا کے حصول کے بعد خو
کو اپنے آپ سے مسلوب پاتا ہے بلکہ جناب قدس سے منسوب ہو جاتا ہے اس لطیفہ کے
نور کو نور سرخ بتایا جاتا ہے اور اس لطیفہ کی ولایت حضرت ابراہیم علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ
والسلام کے زیر قدم ہے اور جو ابراہیمی مشرب ہے اس کا جناب قدس تک وصولِ فنائے
قلب کے درجات طے کرنے کے بعد اسی لطیفہ سے ہوگا اور اس مشرب والے کو مراتب
قلب طے کرنے کے بعد ولایات پنجگانہ کے درجات میں دو درجوں کے حصول کی
استعداد پیدا ہوگی الا یہ کہ کوئی قسر کرنے والا قسر کر دے۔

لطیفہ سرّ روح سے بھی الطف (لطیف تر) ہے اس کی جگہ سینہ کے درمیان ذر
بائیں ہٹ کر ہے اور اس (لطیفہ) کا اصل الاصل شیونات ذاتیہ ہیں جو کہ صفات میں

Marfat.com

مزید ایک قدم حضرت حق سے قریب تر ہیں اس لطیفہ میں فنا کا حصول شیونات ذاتیہ کے تجلی سے ہوگا اور اس لطیفہ کے نور کو سفید نور بتایا گیا ہے اور اس لطیفہ کی والایت حضرت موسیٰ علیٰ نبینا علیہ الصلوٰۃ والسلام کے زیر قدم ہے اور جو کوئی موسوی مشرب ہو اس کا وصول جناب قدس تک اسی لطیفہ سے ہوگا البتہ یہ سابقہ لطائف کو طے کرنے کے بعد ہوگا اور اس مشرب والے کو (مراتب طے کرنے کے بعد) لطائف کے پانچ مراتب ہیں سے تین درجات کے حصول کی استعداد حاصل ہوتی ہے مگر یہ کہ کوئی قاسر قسر کرے۔

لطیفہ خفی یہ سرّ سے (بھی) الطف (لطیف تر) ہے اس کو روح اور وسط سینہ کے درمیان جگہ دی گئی ہے اور اس لطیفہ کی اصل الاصل صفات سلبیہ تنزیھیہ ہے جو کہ شیونات ذاتیہ سے بالا ہیں اور اس لطیفہ کے فنا کا حصول اسی صفت کی تنزیہ تک وصول سے ہوتا ہے اور اس لطیفہ کے نور کو نور سیاہ قرار دیا گیا ہے۔ اس لطیفہ کی ولایت حضرت عیسیٰ علیہ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے زیر قدم ہے اور جو کوئی اس مشرب کا ہو ذات اقدس کی طرف اس کا راستہ سابقہ لطائف طے کرنے کے بعد اسی لطیفہ سے ہوگا الا یہ کہ کوئی قاسر قسر کر دے۔ اس مشرب والے کو لطائف کے پنجگانہ مراتب میں سے چار مراتب کے حصول کی استعداد حاصل ہے۔

لطیفہ اخفی عالم امر کے لطائف میں سب سے زیادہ الطف، احسن، اجمل اور حضرت حق سے اُقرب ہے، اس کا مقام وسط سینہ میں ہے جو کہ مرکز ہے اور حضرت حق سے مناسبت تام رکھتا ہے اور اس لطیفہ کا اصل الاصل ایک مرتبہ ہے جو مرتبہ تنزیہی اور مقام احدیت کے درمیان برزخ کی طرح ہے اور اس لطیفہ کے فنا کا حصول بھی اسی مرتبہ مقدسہ کی تجلی سے مربوط ہے اور اس نفیس لطیفہ کے نور کی نشانی سبز نور بتائی گئی ہے اس

Marfat.com

لطیفہ کی ولایت حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زیر قدم ہے اور اس اعلیٰ مشرب والے کو ذاتاً تمام مراتب ولایت پنجگانہ کے حصول کی استعداد حاصل ہے اور میں نے حضرت قطب الاقطاب کی الہام ترجمان زبان سے سنا ہے کہ ایک روز حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا غلس (آخر رات کی تاریکی) میں نماز فنائے اخفی کے لیے ہوتا ہے۔

جاننا چاہیے کہ عالم امر کے ان پانچ لطائف کا عروج ولایت کبری، جو کہ تین دائروں اور ایک قوس پر مشتمل ہے، کے دائرہ اولیٰ، تک ہوتا ہے اور جب معاملہ اس دائرہ سے گزر جائے اور اصل الاصل کے سیر میں داخل ہو جائے تب واسطہ نفس کے ساتھ پڑتا ہے اور (اس وقت) نفس فنائے اتم و بقائے اکمل، شرح صدر اسلام حقیقی، حصول اطمینان و یقین اور مقام رضا سے مشرف ہو جاتا ہے۔ اس کے بعد اگر سیر ولایت علیا میں آ جائے تب معاملہ تین عناصر ناری ہوائی اور مائی (آتشی بادی اور آبی) سے پڑتا ہے اور اگر وہاں بفضل خدا تعالیٰ ترقی کا شرف حاصل ہو جائے تو کمالات نبوت میں سیر واقع ہو جائے گی اور پھر معاملہ اجزائے ارضی سے ہو جائے گا اور اگر وہاں (بھی) ترقی ہو جائے چاہے ترقی کمالات رسالت میں ہو چاہے حقائق ثلاثہ یعنی حقیقت کعبہ، حقیقت قرآن اور حقیقت صلوٰۃ میں ہو تمام کمالات فردا فردا حاصل ہونے کے بعد معاملہ ماہیت وحدانی سے ہو جاتا ہے جو کہ اجزاء عشرہ عالم خلق اور عالم امر کا مجموعہ ہے اس کے بعد معاملہ ہم اور آپ کے فہم و عقل سے برتر ہو جاتا ہے اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ محض اپنی بے انتہا عنایت سے تمام کمالات سے بطور اتم بہرہ مند فرما دیتا ہے انہ قریب مجیب۔

بحمد اللہ سبحانہ حضرات عالی درجات قدسنا اللہ باسرارھم العالیۃ کے طفیل ان

Marfat.com

مذکورہ معاملات میں جو دیگر معاملات سے اتنے بلند و عالی ہیں جتنا کہ زمین سے آسمان، بقدر استعداد بلکہ اس سے بڑھ کر کہیں زیادہ کرم ہوا اور اس ذرہ کو خاک ندامت و مذلت سے اٹھا کر آفتاب کے برابر بلند کر دیا اس کرم پر اگر ہزار سال لاکھ زبانوں سے انتہائی ادب سے شکریہ ادا کروں تو ایک ہزارواں حصہ بھی ادا نہیں ہوگا۔ قل الحمد اللہ و المنة کما یلیق بشانه و یجری و السلام علیٰ رسوله و اله و صحبه البررة التقیٰ۔

اس قسم کے اُمور کے ذکر سے اگرچہ فخر و مباہات کا ترشح ہوتا ہے لیکن شکر نعمت اور خاص مخلص احباء کے لیے جوان اسرار سے واقف ہیں اور ان آثار کے مشاق اور اخیار کے لیے ذکر کیا۔ ربنا لا تواخذنا ان نسینا او اخطانا بحرمت سیدنا محمدٍ النبی الامی العربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اس مکتوب کے آخر میں یہ فائدہ بھی تحریر فرمایا ہے کہ مشائخ کرام کی یہ عادت ہے کہ سالک مبتدی کو دل سے ذکر (ذکر قلب) کرنے میں لگا دیتے ہیں تا کہ اس میں ذکر کا جوہر اور ملکہ پیدا ہو جائے۔ اور اس کے بعد ذکر روح میں مصروف کر دیتے ہیں اور اس کے بعد ذکر اخفی پر اور اس کے بعد ذکر نفس پر جس کا محل دماغ ہے پھر اگر اس کے بعد چاہیں تو ذکر سرّ و خفی کی بھی تربیت فرما دیتے ہیں اور اس کے بعد تمام اعضاء سے ذکر کیا جاتا ہے جب تک کہ ذکر پر مکمل عبور اور تسلط حاصل ہو جائے بسا اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ ذکر قلب، ذکر روح اور اخفی پر اکتفاء کرتے ہیں اور بعض اوقات تو صرف ذکر قلب پر لیکن اس کے لیے شرط ہے کہ ذکر، قلب کا جوہر بن گیا ہو اور بسا اوقات یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ فقط ذکر قلب سے ذکر کا غلبہ ہو گیا ہے اور تمام اعضاء میں سرایت کر گیا ہے اور بالجملہ سلوک کی منزلیں مبتدی کی استعداد کے مطابق طے کرانی چاہئیں و السلام علی من اتبع الهدیٰ۔

اس رسالہ کے مصنف قطب الواصلین وقدوۃ الکاملین ولی اللہ الصمد حضرت

Marfat.com

شیخ عبدالاحد ملقب بدلیل الرحمن بن خازن رحمت محمد سعید بن الامام الربانی حضرت احمد الفاروقی السہرندی المجدد للالف الثانی قدس اللہ اسرارہم واطلع علینا انوارہم، ہیں جوکہ گیارھویں صدی ہجری میں دارفنا سے عالم بقا تشریف لے گئے اور سرہند کی معطر خاک میں اپنے بزرگوار چچا کے مزار میں آرام فرما ہیں۔

Marfat.com

رسالہ صاحبیہ

با مقدمہ و تصحیح سعید نفیسی

مؤلف

حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانی

Marfat.com

رسالہ صاحبیہ کے مؤلف حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانی نے اس رسالہ میں اپنے شیخ حضرت خواجہ یوسف ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ کے احوال، مقامات اور ملفوظات ذکر کئے ہیں، اس نقطۂ نظر سے یہ رسالہ نقشبندی طریقہ کی اہم کتب میں شمار ہوتا ہے۔ سعید نفیسی نے اس رسالہ پر لکھے گئے مقدمہ سلسلہ نقشبندیہ اور خواجگان نقشبندیہ کے بارے میں اہم معلومات فراہم کی ہیں، یہ متن ایران کے رسالہ فرہنگ ایران زمین جلد اول میں شائع ہوا۔ اسی کو بنیاد بنا کر اس کا اردو ترجمہ پیش خدمت ہے۔ ترجمہ میں ابھی اصلاح کی گنجائش موجود ہے۔ یہ ترجمہ مع حواشی عنقریب علیحدہ شائع کیا جائے گا۔

ان شاء اللہ

لندن سے جناب امجد جاوید کا شکریہ جن کے توسط سے یہ متن دستیاب ہوا۔

ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس

یکم محرم الحرام ۱۴۳۹ھ

۲۳ ستمبر ۲۰۱۷ء

Marfat.com

رساله صاحبیه

با مقدمه و تصحیح سعید نفیسی

مقدمه:

یکی از سنن بسیار پسندیدهٔ مشایخ تصوف ایران کتابهاییست که باصطلاح در مناقب و مقامات یک دیگر نوشته اند ـ کلمهٔ (مقامات) در اصطلاح ایشان یعنی شرح آنچه از شیخی دیده اند و یا از زبان او شنیده اند ـ گاهی این کتابها شرح احوال چند تن از مشایخ یک طریقه است و عدهٔ بسیاری از آنها داریم که در ایران و هندوستان بزبان تازی ولی بیشتر بزبان پارسی تألیف کرده اند ـ این کتابها با همهٔ اهمیت فوق العاده ای که دارند باز در برابر کتابهای نوع دوم که اینک برمی شمارم چیزی نیستند، زیرا که قهراً آنچه دربارهٔ هریک ازین مشایخ نوشته شده، بیشتر مختصر ست و نه تنها جزئیات زندگی او در آن کمتر هست و ازین حیث فایدهٔ آن برای تاریخ کمترست بلکه اقوال آن شیخ را کمتر در آن آورده اند و از نظر تاریخ فلسفه و تصوف که شعبه ای از آنست و تاریخ زبان فارسی فواید آن کمترست ـ

اما کتا بهای نوع دوم که قطعا مهم ترین ذخایر زبان فارسی وبزرگترین غنایمیست که از روزگاران گذشته بما رسیده کتابهاییست که مستقلا چه در زمان همان شیخ و چه بعدها در جزئیات احوال وی نوشته شده وبجز عبدالقادر بغدادی که دربارهٔ او چند کتاب بهمین روش بزبان تازی

Marfat.com

نوشته شده آنچه در بارهٔ صوفیهٔ ایران وهندوستان وماوراء النهر نوشته اند بزبان فارسیست۔ گاهی ابن کتا بها بسیار مفصل وگاهی هم رسالهٔ مختصریست۔ اگر بخواهم فهرستی ازین کتابها ورسایل اینجاضبط کنم سخن بسیار درازمی شود۔ روی همرفته برای عدهٔ کثیر از مشایخ تصوف ازین گونه کتابها هست که متأسفانه عده بسیار کمی از آنها چاپ شده وحال آنکه چاپ این کتابها واجبترین کارهای ادبی وتاریخی ما بوده است معروف ترین کتابهائی که درین زمینه داریم درمقامات ابوالحسن خرقانی وابوسعید ابوالخیر وروزبهان بقلی و عبدالقادر گیلانی و ابو اسحق کازرونی ومولانا جلال الدین بلخی وبهاء الدین نقشبندو ابویعقوب یوسف همدانی و مودود چشتی وعلاء الدولهٔ سمنانی و میرسیدعلی همدانی و عبیدالله احرار و احمد جام ژنده پیل و خواجه محمد پارسا وعلاء الدین عطار و شاه نعمة الله ولی وصفی الدین اردبیلی وسعد الدین کاشغری وامیر سید کلال بخاری و نورالدین عبدالرحمن جامی از مشایخ ایران و ماوراء النهر و معین الدین سکزی و فریدالدین گنج شکر یا شکر گنج و نظام الدین اولیا و میر سید محمد گیسو دراز و شاه ولی الله محدث دهلوی وامام ربانی مجدد الف ثانی و شرف الدین یحیی منیری وعده کثیر دیگر از مشایخ هندو ستانست و گاهی دربارهٔ یک تن کتابهای متعدد نوشته اند۔

فایدهٔ عظیم این کتابها برای تاریخ اینست که مؤلفان آنها زندگی عامهٔ مردم هر عصری را با کمال امانت و صداقت وبی آنکه کمترین تملق

Marfat.com

واغلاق و قلب و تغییری در آن راه داده باشند برای ما گذاشته اند۔ امروز دانشمندان جهان تاریخ هر عصر و دیاری را شرح زندگی عامهٔ مردم آن دیار می دانند و نه شرح جنگها و زندگی پادشاهان و حکومتها و دربارها۔ در هر عصری در برابر یک شاه و چند درباری هزاران و میلیونها مردم دیگر زندگی کرده اند و ما می خواهیم از زندگی آنها باخبر باشیم، زیرا آنها جامعه را و کشور را فراهم کرده اند نه یک تن مرد جابر و چند حاشیه نشین و مزاج گوی درباری۔ یگانه اسنادی که برای این نتیجهٔ عالی و مقدس لازم داریم همین کتابهاست که در راست گویی و حق پرستی نویسندگان آنها اندک شک و تردید در میان نیست۔

سود عظیم دیگری که از این کتابها میبریم سود ادبیست زیرا که این کتابها را تقریباً همیشه کسانی که در همان عصر می زیسته اند نوشته اند و ساده ترین زبان محاورات و مشافهات همان عصر را برای ما گذاشته اند و اینها بهترین اسناد دست نخورده و تباه نشدهٔ ادبیات ماست۔ اگر هم کسی در عصری که پس از زمان آن شیخ بوده است نوشته باشد باز از روی اسناد معاصر او ترتیب داده و این فایدت عظیم ادبی از آن بیرون نرفته است۔

از جملهٔ رسایل خردتری که درین زمینه بدستست رسالئیست (بنام صاحبیه) در مناقب و مقامات خواجه ابو یعقوب یوسف همدانی عارف مشهور که مرید و جانشین معروف او خواجه عبدالخالق غجدوانی نوشته است و در این صحایف انتشار می یابد۔

Marfat.com

ابو یعقوب یوسف همدانی و عبدالخالق غجدوانی هردو ازآن طریقهٔ معروفی هستند که بعدها بهاء الدین نقشبند آنرا تکمیل و تهذیب کرده واز آن زمان بنقشبندیان یا نقشبندیه معروف شده اند ویکی از بزرگترین حلقه هایِ تصوف را تشکیل داده و قرنها در آسیای مرکزی و ماوراء النهر وافغانستان و ترکستان و هندوستان وعراق وایران و ترکیه وشمال افریقا دستگاه بسیار وسیعی را گردانیده اند که قطعاً وسیع ترین دستگاه تصوف ایران بوده و هنوز هم عده کثیر از صوفیهٔ این کشورها از همان طریقه اند، منتهی درهندوستان در پایان قرن دهم و آغاز قرن یازدهم پیشوای بزرگی درین سلسله پیدا شده است که احمدبن عبدالاحد فاروقی نقشبندی کابلی سرهندی نام دانشته و در ۱۰۳۵ درگذشته وچون در آغاز هزاره دوم تاریخ هجری زیسته است اورا "مجددالف ثانی" لقب داده اند وازآن روز طریقه ای دیگر درمیان نقشبندیان پیدا شده که بمناسبت همین لقب آنها را (مجددی) گفته اند و اینک در پاکستان و هندوستان وافغانستان بسیارند۔ درپایان قرن دوازدهم درمیان کردان ایران وعراق و عثمانی نیز یکی از پیشوایان نقشبندیان می زیسته که ضیاء الدین خالد بغدادی سلیمانی عثمانی نام داشته وبیشتر ساکن دمشق بوده و اوهم طریقه ای دیگر رواج داده که بمناسبت نام وی بخالدی معروفندو امروز نقشبندیان کردستان ایران وعراق وسوریه وترکیه ازآن سلسله اند۔

درمیان مشایخی که پیش از بهاء الدین نقشبند آمده اند عده ای

Marfat.com

هستند که اسلاف او بوده اند و چون بعد ایشان را درین طریقه خواجه لقب داده اند مجموع آنهارا خواجگان و سوابق این طریقه را طریقهٔ خواجگان نام گذاشته اند۔ بهاء الدین محمد بن محمد بخاری نقشبند دردهی بنام قصر عارفان دربیرون شهر بخارا در محرم ۷۱۸ ولادت یافته و در همانجا در شب دوشنبه ۳ ربیع الاول ۷۹۱ در گذشته واینک مزارش درهمانجا معروفست۔ طریقهٔ وی بایزید بسطامی عارف مشهور ایران می رسد و در میان وی و بایزید بسطامی پانزده تن مشایخ بوده اند که جانشین یکدیگر شده اند و آنهارا خواجگان می گویند۔ بدین گونه: بایزید بسطامی، ابوالحسن خرقانی، ابوعلی رودباری، ابوعلی کاتب، ابوعثمان مغربی، ابوالقاسم گرگانی، ابوعلی فارمدی، ابویعقوب یوسف بن ایوب همدانی، حسن انداقی، احمد یسوی، عبدالخالق غجدوانی، عارف ریو گری، محمود الخیر فغنوی، علی رامتینی خواجه عزیزان، محمد بابا سماسی، امیر سید کلال، بهاء الدین نقشبند۔ از بایزید بسطامی طریقهٔ دیگری هم منشعب شده است که بمناسبت نام بایزید که طیفوربن عیسی بن آدم بن سروشان بوده است آنهارا طیفوریه گفته اند۔ دربارهٔ بایزید بسطامی وعصرزندگی اوسخن بسیار هست که باختصار نمی توان از عهدهٔ آن برآمد۔

خواجه ابو یعقوب یوسف بن ایوب همدانی که این رسالهٔ (صاحبیه) درمقامات وی نوشته شده چنانکه گذشت مرید و جانشین شیخ

Marfat.com

ابوعلی فضیل ابن محمد فارمدی طوسی در گذشته در ۴۷۷ بوده است و درضمن سفرهایی که کرده از ابو اسحق فقیه شیرازی و عبدالقادر گیلانی وعبدالله جوینی و حسن سمنانی نیز بهره مند شده است و بر طریقهٔ حنفی میزیسته، در ۴۴۰ بجهان آمده و درراه هرات بمرو در روز پنجشنبه ۸ محرم ۵۳۵ از جهان رفته وقبرش درمرو بوده است و وی چهار خلیفه داشته که پی در پی بجای او نشسته اند: خواجه عبدالله برقی، خواجه حسن انداقی، خواجه احمدیسوی و خواجه عبدالخالق غجدوانی۔ وی در ۱۸ سالگی از شهر خود بغدادرفته وسپس در اصفهان و آذربایجان و بخارا نیز دانش آموخته و مدتی هم در سمرقند و هرات زیسته است۔ درهمین رسالهٔ صاحبیه نسب وی بچهل و چهار پشت بکیومرث و بچهل و شش پشت بآدم و بشش بشت بابو حنیفه می رسد۔ حاجت بتاکید نیست که این گونه نسب نامه هاسست و ساختگیست۔

خواجه عبدالخالق بن عبدالجمیل غجدوانی ازمردم غجدوان، بوده (بضم غین و سکون جیم وضم دال وفتح واو) که قریهٔ بزرگی بوده است در شش فرسنگی بخارا وهفته بازار معروفی داشته، پدرش دانشمندی بزرگ و بعبدالجمیل امام معروف بوده و نسبش بامام مالک بن انس می رسیده، اما دربرخی از کتابها نامش رابخطا عبدالجلیل ضبط کرده اند۔ وی نخست در شهر ملاطیهٔ روم در آسیای صغیر می زیسته وگویند در آنجاخضر پیامبروی را بولادت این پسر مژده۔ داده واین

Marfat.com

دلیلست برینکه وی در ملاطبه ولادت یافته است۔ اماچنانکه پس ازین معلوم خواهدشد خضر نام یکی ازمعاصران پدرش بوده است۔

پدرش پس از چندی بما وراء النهر رفته و درآنجا ساکن شده است۔ اما برخی ولادت وی را در غجدوان و برخی در بخارا ضبط کرده اند۔ نخست در بخارا دانش آموخته و گویند بر استاد خود امام صدر الدین که از بزرگان دانشمندان بود تفسیر میخواند، چون بدین آیت رسید که: (ادعوا ربکم تضرعاو خفیة انه لایحب المعتدین) از استاد خود پرسید که حقیقت این خفیه و طریقهٔ آن چیست؟ اگر خواننده بلند بخواند ویا درهنگام خواندن اعضای خود را بجنباند دیگری از آن آگاه می شود و اگر در دل خود ادا بکند بحکم حدیث (الشیطان یجری من آدم مجری الدم) آگاه می شود۔ استاد گفت این علم لدنیست، اگر خدای خواسته باشد از اهل الله کسی بتو می رسد و ترامی آموزد و خواجه هم چنان منتظر بود تا اینکه خضر باورسید و وقوف عددی برو تلقین کرد۔ خواجه جلال الدین محمد پارسا پیشوای معروف نقشبندیان درگذشته در ۸۲۳ در کتاب معروف فصل الخطاب (چاپ تاشکند، ۱۳۳۱، ص ۵۱۸۔۵۲۰) دربارهٔ وی می گوید: (آن شیخ علی الاطلاق و آن قطب باستحقاق، آن مطلع انوار و آن منبع اسرار، آن مکاشف بحقایق معانی خواجه عبدالخالق غجدوانی، قدس الله روحه، روش ایشان در طریقه حجتست و مقبول همهٔ فرق اند، علی الدوام درراه صدق و صفاومتابعت شرع و سنت مصطفی، صلی الله علیه

Marfat.com

وسلم و مجانبت بدعت وهوی کوشیده اند وروش پاک خودرا ازنظر اغیار پوشیده، نقلست که روزی از ایام عاشورا جماعت انبوه درخدمت خواجه، قدس الله تعالی روحه، نشسته بودند و ایشان درمعرفت سخن میگفتند۔ ناگاه جوانی درآمد، برصورت زاهدان، خرقه دربروسجاده برکتف ودر گوشه ای بنشست۔ حضرت خواجه باو نظر کردند۔ بعداز ساعتی آن جوان که برصورت زاهدان درآمده بود برخاست و گفت: رسول الله، صلی الله علیه وسلم فرموده است که: (اتقوا فراسة المومن فانه ینظر بنورالله عزوجل)، سراین حدیث چیست؟ خواجه، رحمه الله، فرمودند که سراین حدیث آنست که زناربری و ایمان آوری۔ آن جوان گفت: نعوذ بالله که مرازنار باشد۔ خواجه، رحمه الله، بخادم اشارت کردند۔ خادم برخاست وخرقه از سرآن جوان برکشید، درزیر خرقه زناری پیداشد۔ آن جوان ترسادر حال زنار راقطع کردو ایمان آورد۔ خواجه، رحمه الله، فرمودند: ای یاران، بیائید تامانیزبرموافقت این نوعهد زنارها راقطع کنیم وایمان آوریم، چنانکه او زنار ظاهر قطع کرد مانیز زنار باطن را، که عُجب عبارت از آنست، ببریم، چنانکه او آمرزیده شدمانیز آمرزیده شویم۔ حالی عجیب بریاران ظاهر شد، درقدمهای خواجه میرفتند وتجدید توبه می کردند۔ نقلست که درویشی درنظر خواجه، رحمه الله، می گفت: اگر خداوندتعالی مرامخیر گرداندمیان بهشت ودوزخ، دوزخ اختیار می کنم که درهمهٔ عمر خود بمراد نفس خود نرفته ام و درآن حال

Marfat.com

بهشت مراد نفس من خواهد بود و دوزخ مراد حق سبحانه خواجه این سخن راردکردند و فرمودند که: بنده را باختیار چه کار؟ هر کجا گوید رو، رویم وهر کجا گوید باش، باشیم بندگی اینست، نه آنکه تومی گویی۔ آن درویش گفت: شیطان را بر روندگان راه هیچ دست باشد؟ خواجه، رحمه الله، فرمودند: هر رونده ای که بسر فنای نفس نرسیده باشد چون در خشم شود شیطان بروی دست یابد، اما آن رونده که بفنای معنی رسیده باشد اوراخشم نبود، غیرت بود وهر کجا که غیرت بود شیطان از آنجا گریزد و این چنین صفت آن کسی رامسلم شود که روی براه حق دارد و کتاب خدای، عزوجل، رابدست راست گیرد و سنت رسول را، صلی الله علیه وسلم، بدست چپ گیرد ودر میان این دوروشنایی راه را سلوک کند۔ نقلست که مسافری از راه دور بحضرت خواجه آمده بود۔ ناگاه جوانی خوب صورت پیش خواجه، رحمه الله، درآمد ودعادر خواست، خواجه، رحمه الله، دعافرمودند۔ آن جوان از پیش ایشان ناپیدا شد۔ آن مسافر، که از راه دور آمده بود پرسید: این جوان چه کسی بود، که از شما دعا درخواست وچون شمادعافرمودید ناپیدا شد؟ خواجه رحمه الله، فرمودند که آن جوان فرشته بود که مقام او در آسمان چهارم بود، بسبب تقصیری که ازو درو جود آمده بود حق تعالیٰ اورا ازمقام او دور کرده بود و بآسمان دنیا فرستاده، بافرشتگان دیگر گفت: چکار کنم که حق تعالی باز مرا بهمان مقام رساند؟ فرشتگان اورا باین جانشان دادند، بآن نشان آمده ازمادعادر

Marfat.com

خواست کرده، مانیز دعا گفتیم۔ حق تعالی دعای مارا درحق او اجابت فرمود و او را بمقام خود باز رسانید مسافر گفت که: خواجه مرا بدعای ایمان مدد کنید، باشد که از این زاد گاه شیطان جان بسلامت برم، خواجه رحمه الله، فرمودند وعده اینست که هر که بعد از ادای فرایض هر دعایی که گوید مستجاب شود، تو بر کار باش و مارا بعد از ادای فرایض بدعا یاد کن ومانیز ترا یاد کنیم، باشد که درین میان اثر اجابت ظاهر شود، هم درحق تو وهم درحق ما)۔

از کرامات دیگری که در بارهٔ وی آورده اند اینست که گویند که درجوانی خضروی رابفرزندی پذیرفته و اورا گفته است درحوض آب رود و دردل بگوید: لا اله الا الله، محمد رسول الله و چون وی چنین کرده وسبق را آموخته و بکار مشغول شده گشادی یافته است و از آغاز تاپایان کار در نزد همهٔ مردم مقبول بوده است، وپس از آن خواجه یوسف همدانی ببخارا رفته وعبدالخالق صحبت وی را دریافته است۔ خود در رسالهٔ صاحبیه که در سال ۶۰۰ تألیف کرده چنانکه پس ازین خواهد آمد مطالبی در این زمینه آورده است۔

جامی در نفحات الانس می گوید که عبدالخالق در ولایت بپایه ای رسید که دریک وقت نماز بکعبه می رفت و می آمد و در ولایت شام او را مریدان بسیار پدید آمد و خانقاه و آستانه پیدا شد و مدتی خلق را ارشاد می کرد۔ از آنچه وی دربارهٔ خویشتن گفته است معلوم می شود که درهمدان

Marfat.com

وهرات وسمرقند وبخارا زیسته است و درپایان زندگی درغجدوان بوده و همانجادر گذشته است۔ داراشکوه درسفینة الاولیاء رحلت وی را بسال ۵۷۵ نوشته ومؤلف خزینة الاصفیاء این قطعه را دربارهٔ وی سروده است:

عبد خالق غجدوانی شیخ حق رفت از دنیا بفردوس برین

انتحالش (آفتاب کامل) است هم بفرما (مطلع نور یقین)

باز (محبوب نبی مجتبیٰ) نیز (تاج الاولیاء مهدی دین)

جملهای (آفتاب کامل) و (مطلع نور یقین) و (محبوب نبی مجتبی) و (تاج الاولیامهدی دین) همه بحساب جمل ۵۷۵ می شوند امابایددر نظرداشت که مؤلف خزینة الاصفیا ازمتأخران بوده وازروی تاریخی که درکتابها یافته این قطعه راسروده است۔ دربرخی کتابهای دیگر تاریخ درگذشت او را ۶۱۷ نوشته اندوقطعاً این تاریخ درستست، زیرا که مرشد او ابویوسف همدانی در ۵۳۵ درگذشته وچون وی سالها پس ازو زنده بود و خلیفهٔ چهارم وی بود وپس ازمرگ ابویوسف حسن انداقی واحمد یسوی پیش ازو مقام شیخوخت داشته اندمی بایست مدت مدیدی پس ازو زنده مانده باشد، چنانکه حسن انداقی در ۵۵۲ واحمد یسوی در ۵۶۲ درگذشته اندومی بایست هردوپیش ازو رحلت کرده باشند تامقام ارشاد بوی رسیده باشد۔ ازهمه گذشته خود درهمین رسالهٔ صاحبیه دوجا تاریخ سال ۶۰۰ را آورده وپیداست که پس از سال ۶۰۰ هم زنده مانده است۔ خواجه عبدالخالق را چهار خلیفه بوده است: خواجه احمد صدیق،

Marfat.com

تمشیر دو رویہ می زنیم تادر روم

دوستوں کے لیے ہم مبارک ہیں اور دشمن کے لیے آفت، جنگ میں فولاد کی طرح (سخت) ہیں اور صلح کی جگہ موم کی طرح (نرم)، عجدوان کے پہاڑ میں ہمارا مسکن ہے، دورویہ تلوار چلاتے ہیں در روم تک۔

.....

درویشانیم نشستہ در کوہ ودرہ
آنجا کہ پلنگ و شیر از و درگذرہ
پیران قوی دارم و مردان سرہ
ہر کس کہ بما کج نگرہ جان نبرہ

ہم پہاڑ اور درہ میں رہنے والے درویش ہیں، جہاں شیر اور چیتے بھی گھبراتے ہیں گزرنے سے، پیر قوی اور مرد کامل والے ہیں، جو ہماری طرف ٹیڑھی آنکھ سے دیکھے گا وہ بچے گا نہیں۔

.....

Marfat.com

چون می گذرد عمر کم آزاری بہ
چون می دھدت دست نکو کاری بہ
چون کشتۂ خود بدست خود میدروی
تخمیکہ نکو ترست اگر کاری بہ

عمر کم آزادی میں گزرے بہتر ہے، اگر تجھ سے نیکی کے کام ہوسکیں تو بہتر اپنے ہاتھ سے بویا اپنے ہاتھ سے کاٹو گے اس لیے جتنا بہتر بیج بوسکو بہتر ہے۔

.....

م آخذ جن کی طرف رجوع کیا جا سکتا ہے۔ مجمع الفصحاء، ریاض العارفین، تذکرۂ روز روشن، سفینۃ الاولیاء، خزینۃ الاصفیاء، رشحات عین الحیوۃ، نفحات الانس، فصل الخطاب، ہفت اقلیم۔

[illegible] نے اپنے مرشد ابو یوسف [illegible] کے حالات پر لکھا ہے اس کا متن اس نسخہ کی بنیاد پر ہے جو منکل، ۴ صفر ۱۰۶۷ میں پورا ہوا ہے۔ اگلی جلد میں ایک اور رسالہ آئے گا جو کہ مقامات عبدالخالق غجدوانی اور خواجہ ریوگری ریوگر کے باشندوں میں کسی نے لکھا ہے جس کی وفات ۷۱۵ھ ہے اور لکھنے والا معلوم نہیں اور اس متن کا دارومدار اس نسخہ پر ہے جو شرح بیتین جامی کے ساتھ ہے۔ جیسا کہ خط اور کاغذ سے واضح ہے وسط ایشیاء میں لکھا گیا ہے اور میر عابدین میر عبید نے ۱۸ شعبان ۱۲۹۵ھ کو اس نسخہ سے لکھا جو جمعرات ۱۸ صفر ۱۲۳۳ کا ہے اور بہت غلطیوں سے پُر نسخہ ہے اس سے ظاہر ہے کہ اس کا کاتب ناسمجھ شخص تھا اور یہ نسخہ صفر ۱۳۳۰ھ میں، جب میں افغانستان میں تھا کابل میں میرے ہاتھ لگا اور شرح بیتین جامی سے میری مراد مثنوی کے پہلے دو کی شرح ہے بانسری کے بارے میں، جامی کے چھوٹے رسائل میں سے مشہور ہے اور ان دو بیتوں کی نظم ونثر میں شرح کی ہے۔ (۲۰ بھمن ماہ ۱۳۳۱)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الٰھی بأخص صفاتک وبعز جلالک وبعظمة انبیاء ک وبدم شھدائک و بنفس أصفیاء ک، نسألک زیادة فی العلم و برکة فی الرزق وتوبة قبل الموت و مغفرة عندالموت وراحة بعد الموت ونجاة من النار ودخولا فی الجنة وعافیة فی الدنیا والآخرة۔

بندگان بارگاہ احدیت میں کمزور ترین بندہ اور حضرت صمدیت کے شکستگان میں نحیف ترین بندہ عبدالخالق بن عبدالجمیل نزلہ اللہ بمقاصد السالکین و وصلہ بمقامات العارفین آمین یارب العالمین عرض کرتا ہے کہ جوانی میں جو غرور کا وقت تھا اور سرور اور خواہشات نفسانی کے غلبہ اور وساوس شیطانی کے دن تھے اچانک ''ان الفضل بید اللہ یوتیہ من یشاء'' کا جذبہ داعیہ طلب بن کر اس ضعیف کے ضمیر میں نمودار ہوا اور ''ان اللہ یحب معالی الامور'' کا تقاضا تھا تو عزم برادران ''اصحب مع اللہ'' کے تحت پکا ہو گیا۔ اور ملہم غیب اس بے چارہ کے دل کے صحیفے پر اپنے قلم رشد سے یہ نقش کرتا ہے کہ: ان کرامات اور اس سلطنت کا دریافت اور اس سعادت تک رسائی کسی سالک محقق کی اقتدیٰ اور مخدوم مرفق کی خدمت کے بغیر نہیں ہو سکتی۔ میرے قضیۂ صادقہ کے مطابق ''من طلب شیئا وجد وجد'' اور ''یھدی اللہ لنورہ من یشاء'' کی نشانی کے مطابق میں نے اس ولی قبۂ ولایت اور اس صفی کعبۂ ہدایت اس مرشد صمدانی شیخ ابو یوسف یعقوب ہمدانی کے قدم پر اپنا سر ارادت رکھا اس آستانہ کے معتکفین کیساتھ ارادت اور حقائق سے آگاہ خاندان کے آستانۂ رفیعہ کے خادمین سے محبت کا دم بھرنے لگا اور ایک مدت اس راہ مستقیم پر اس بیابان طریقت کے سیاح اور

Marfat.com

دریائے حقیقت کے غواص متابع شرع سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، مکاشف اسرار غیبی ابو یوسف یعقوب بن عبدالواحد بن عبدالباسط بن ظمظم بن باقر بن محمد بن اسمٰعیل بن ابوحنیفہ بن نعمان بن ثابت بن مرزبان بن شیت بن زید بن ہرمز بن پرویز بن دارا بن داراب بن کسری بن دارنوش بن اشکبوس ابن ایزدیار بن کلباد بن بہوش بن نیارام شاہ بن اردشیر بن بہمن بن اسفندیار بن کشتاسب بن لہراسب بن طہماسب بن کیکاوس بن کیقباد بن نوذر بن منوچہر ابن ایرج بن فریدون بن جم بن جمشید بن برد بن طہماس بن ھوشنک بن شیر ہند بن جرجیس بن سام بن احنوس بن گیومرث بن شیث بن آدم علیہ السلام، کی متابعت اور نیازمندی میں استقامت سے گذارا اور انہوں (حضرت سلطان اولیاء) نے اس بے بضاعت ضعیف اور اس بے استطاعت فقیر کو حضرت خواجہ خضر علیہ السلام کی سفارش سے تعلیم و تلقین ذکر قلبی سے مشرف کر دیا۔

اب بادشاہ، وزراء، علماء زہاد، درویش اور ہر خاص و عام تمام خلائق پر واجب ہے کہ اس خواجہ بزرگ عالم ربانی شیخ ابو یوسف یعقوب ھمدانی کے متابع اور مطیع ہو جائیں کیونکہ اس معزز (ہستی) نے کسی بھی طرح سے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شریعت کی مخالفت نہیں کی ہے۔ صحابہ اور تابعین و تبع تابعین و سلف کے مطابق زندگی گذاری ہے۔ محفوظ شہر ہمدان اور جہاں بھی ہوتے ہمیشہ یہ مبارک الفاظ دہراتے: ''سیدھا راستہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا راستہ ہے کیونکہ خواجہ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اے ابو ہریرہ لوگوں کو سکھاؤ میری سنت اور تم بھی عمل کرو تا کہ قیامت کے دن تمہارے لیے نور بن جائے۔'' چونکہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان یہ تھا تو شیخ بزرگ اپنے پاک روشن اصحاب، پیروکاروں اور سنگیوں خواجہ حسن انداقی، عبداللہ برقی، خواجہ احمد یسوی، خواجہ علیانہ اور یہ

Marfat.com

فقیر داعی عبدالخالق بن عبدالجمیل اور باقی درویش جو حاضر خدمت تھے کو شرع نبوی کے رستے پر چلنے کی تعلیم دیتے تھے اور ہوی و بدعت، مخالفتِ شریعت اور اہل فتنہ و بطلان کے رستے پر چلنے سے اور مقلدوں کی تقلید سے بچا رکھتے تھے۔ ان بزرگوار اور ان کے عزیزوں کا طریقہ تمام آفات سے پاک ہے نہ اس میں تعطیل کا رنگ ہے نہ تشبیہ کی بو بلکہ نور ہدایت اور معرفت ہے۔ ہمارے حضرت شیخ یہ مبارک الفاظ فرماتے کہ یہ حضرت ابوبکر صدیق کی روش ہے (رضی اللہ عنہ) قرن بہ قرن ہم تک پہنچی ہے اور قیامت تک باقی رہے گی۔ پس تمام مومنین اور اس راستے پر چلنے والوں پر واجب ہے کہ اس برگزیدہ کی رائے کے پیرو بن جائیں اور اس گھرانے کی صحبت اختیار کریں اور ان کے طریقہ کے مطابق سلوک طے کریں اور اس طائفہ کی مجالست و موانست سے دور نہ ہوں مقام شاہزادہ قثم بن عباس (زیارتگاہ) پر فرمایا کہ جو اس روش پر عمل کرے اور اس سے متمسک ہو جائے یقینا تمام گمراہیوں سے محفوظ ہو جائے گا اور دریائے بدعت کی موج سے نجات پائے گا۔

اس کے بعد یہ مبارک الفاظ فرمائے: اے عبدالخالق جان لو کہ راہ حق کا سلوک دو طرح ہے (۱) سلوک ظاہر (۲) سلوک باطن

سلوک ظاہر وہ ہے جس میں سالک بہر حال حدود شرعی کا خیال رکھے اور بقدر ممکن محافظت کرے، ہوائے نفس سے اجتناب کرے اور سلوک باطن وہ ہے جس میں تصفیۂ قلب کے لیے کوشاں رہے اور صفاتِ ذمیمہ نفسانی کو مٹانے کی سعی بلیغ کرے کیونکہ طہارت باطن کا مطلب یہی ہے۔ اور ذکر قلبی میں بے حد جدوجہد کرے تا کہ قلب ذکر حق سے گویا ہو جائے اس تلقینِ ذکر قلبی کی ابتداء حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ

Marfat.com

عنہ سے ہوئی ان سے سلمان فارسی کو پہنچا اور ان سے جعفر الصادق اور ان سے یہ فیض سلطان بایزید اور ان سے شیخ ابوالحسن خرقانی اور ان سے شیخ بزرگوار ابوعلی فارمدی طوسی اور ان سے ہم تک پہنچا ہے۔

یہ الفاظ ارشاد فرمائے اور سر کو جھکایا اتنے میں اذان ظہر ہوئی نماز ظہر ادا کی پھر یہ مبارک الفاظ ارشاد فرمائے کہ اے درویش اگرچہ اس سلسلہ میں ان معزز خادموں کے علاوہ اور بھی ہیں لیکن ان اکابر کی تخصیص اس اعتبار سے ہے کہ اس سلسلہ کے اساطینِ کشف اور بزرگان مشاہدہ یہی ہیں۔

اس کے بعد روئے مبارک اس فقیر کی طرف کیا اور یہ مبارک الفاظ ارشاد فرمائے: اے عبدالخالق جب شیخ بزرگوار خواجہ (ابو) علی فارمدی دار فنا سے دار بقا کی طرف کوچ فرما گئے مجھے شریعت وطریقت میں کوئی بھی مشکل پیش آتی میں ان کی روح سے التماس کرتا اور اسی لمحہ خواجہ رحمۃ اللہ علیہ کی روح اس واقعہ میں رہنمائی فرماتی اور اس راہ کے فوائد میں سے جو کچھ خواجہؒ علی کلاں سے مجھے پہنچتا اس راہ کے سالکین اور بارگاہ الٰہی کے نیاز مندوں تک پہنچا دیتا، اس کے بعد میری طرف چہرہ مبارک کیا اور یہ مبارک الفاظ ارشاد فرمائے: ''اے عبدالخالق جس طرح سے میں خواجہ علی کلاں کا خلیفہ چہارم تھا تم بھی ہمارے چوتھے خلیفہ ہو گے'' اور دیکھا کہ آپ کی چشم ہائے مبارک پرُنم ہو گئیں۔

اس کے بعد میں نے سوال کیا کہ آپ کے بعد خلیفہ کون ہو گا؟ شیخ نے یہ مبارک الفاظ ادا فرمائے: ''ہمارے بعد خواجہ عبداللہ برقی ہوں گے اور ان کے بعد خواجہ حسن انداقی اور ان کے بعد خواجہ احمد یسوی رحمۃ اللہ علیہم اور جب خواجہ احمد یسوی ترکستان سفر کریں گے تم خلیفہ ہو جاؤ گے پس راہ شرع حضرت محمد رسول

Marfat.com

اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ثابت قدم رہنا اور شرع کی حد سے ایک ذرہ تجاوز نہ کرنا اور جس کو بھی شرع کی مخالفت کرتے دیکھو منع کرنا (واللہ تعالیٰ اعلم)''

۱۱ رمضان سنہ ۵۰۴ بدھ کا دن تھا سنجر بن ملکشاہ نے قاسم بن جوکی کو سمرقند خط بھیجا اور اس خط میں لکھا تھا: ''حضرت شیخ الاسلام والمسلمین خواجہ علی بن محمد، قاضی علاؤ الدین عمر، خواجہ عماد الدین، امیر عبدالوہاب، خواجہ دھقان، شیخ بکرالدین عمر، شیخ عزالدین، شیخ ابوالقاسم بن یوسف، شیخ لالا چاکر اور شیخ محمد رحمہم اللہ شہر سمرقند کے بزرگان معلوم فرمائیں کہ سنا ہے وہ خواجۂ سبحانی، شیخ ابو یوسف ہمدانی بزرگی کو پہنچے ہیں ہمیں ان کی طرف جانے کی فرصت نہیں کیونکہ سلیمان شاہ ایک بڑے لشکر کے ساتھ ہمارے ملک کی طرف (حملہ کے لیے) روانہ ہوا ہے اس لیے ملک کو چھوڑ کر نہیں جا سکتا لہٰذا درویشوں کے خانقاہ کے خرچ کے لیے بڑی احتیاط اور حلال روزی سے قاسم بن جوکی کو پچاس ہزار دینار بھیج دیے گئے۔ فاتحہ پڑھ دی جائے پوری توقع ہے کہ حضرت شیخ کی سند لکھ کر ہمیں بھیج دیں کیونکہ سنا جاتا ہے حضرت شیخ کی روش، روش صحابہ جیسی ہے۔ (رضوان اللہ علیہم اجمعین)

تاکید کی جاتی ہے اس (کام) کو اہم جانیں اور طالب کو اس دولت سے مشرف فرمائیں۔ اس کے بعد حضرت شیخ الاسلام خواجۂ عبداللہ برقی کے کمرے میں احباب کی خدمت میں آئے اور خواجہ حسن انداقی خواجہ احمد یسوی (رحمۃ اللہ علیہم) خواجہ شاہ غاتفری، خواجہ علیانہ، شیخ محمد نظام الدین ماتریدی، خواجہ محمد، خواجہ کاروزن کلابادی، خواجہ محمود سوجی، خواجہ پل (؟) غاتفری، ابوموسیٰ، امام یحییٰ غاتفری، خواجہ اسحاق، امام سلمان عارف خواجہ محمد جہلہ؟؟ خواجہ قریش، خواجہ آدم شاوداری، خواجہ رباط (؟) اور

Marfat.com

اس فقیر عبدالخالق کو اکٹھا کر کے سلطان سنجر کا پیغام سنایا اور سب نے ملکر سنجر بن ملکشاہ کے نذر کو حضرت شیخ کے سامنے پیش کیا اور سورہ فاتحہ ان کے لیے پڑھ لی اس کے بعد حضرت شیخ نے یہ مبارک الفاظ ارشاد فرمائے: ''اے درویشو ہمارے پاس کونسی ایسی چیز (عمل) ہے جو سنجر کو بھیج سکیں سوائے بھول، خطا اور بدی کے''؟ اس کے بعد خواجہ علیانہ نے فرمایا: ''اے بزرگوار درویشو آپ سے یہ التماس ہے کہ اجازت فرمائیں پھر ہمارے شیخ نے یہ مبارک الفاظ فرمائے کہ ہر وہ چیز جو محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شرع کے مطابق ہم سے دیکھی ہو لکھ لو۔''

بروز منگل ۲۸ ذوالقعدہ سنہ ۵۰۴ھ ہمارے شیخ کی زندگی کے ایک ہزار نو ماہ اور ۲۶ روز گذرے ہیں اور ہمارے شیخ کی ولادت بروز پیر ۲ صفر المظفر تھی آپ نے ۳۸ حج پیدل کیے اور قراءت حفص پر ہزار ختم قرآن کیے۔ ۷۰۰ کتابیں تفاسیر، احادیث، فقہ، اصول، فروع اور کلام کی حفظ تھیں، ۲۱۳ مشائخ کو پایا تھا، اکثر اوقات روزہ دار ہوتے شب و روز حق تعالیٰ کی بندگی میں مشغول رہتے آٹھ ہزار بت پرستوں کو مسلمان کیا اور گناہوں سے توبہ کرنے والوں کی تعداد کوئی نہیں جانتا، انکا پائے مبارک ایک طرف سے چھوٹا تھا، چہرہ مبارک پر چیچک کے داغ تھے، داڑھی لمبی سرخی مائل تھی، آپ بہت کمزور تھے، جس کو بھی دیکھتے خواجہ کہہ کر بلاتے، بہت سفر کرتے ان کا لباس پشم اور کپاس کا ہوتا، ان کا کھانا جو اور باجرہ کی روٹی اور نباتی گھی ہوتا تھا۔ ۴۰ دنوں میں ایک بار مرغ کا گوشت کھاتے اونٹ اور گوسفند کا گوشت کبھی کبھی کھاتے موزہ دوزی اور دہقانی کرتے اور جو خدا تعالیٰ دیتا فقرا، یتیموں، بیواؤں، غریبوں، مسکین عیال داروں کو دیتے، زندگی میں کبھی گدائی نہیں کی، اپنے اصحاب کو بھی منع کرتے ہمیشہ متوکل تھے، دنیا

Marfat.com

کی تعمیر میں مشغول نہ ہوتے ،اگر کوئی دوسرا کرتا منع کرتے ، ہر سال چالیس دن میں احتساب کرتے ،اُمراء اور بادشاہوں کے گھر نہ جاتے ۷۵ سال مجرد (غیر شادی شدہ) رہے،ان کی ایک آنکھ کے کونے میں شوخی تھی ان کی وفات کے بعد اس میں اختلاف واقع ہوا تھا کہ وہ دائیں طرف میں تھی یا بائیں طرف ان کی چشم مبارک نمکین تھی ،کبھی نامحرم یا امرد (نابالغ لڑکے) کی طرف نہ دیکھا۔ ۱۰ رجب کو آپؒ (خواجہ ابو یعقوب ہمدانیؒ) حضرت خواجہ خضر علیہ الرحمۃ کی اجازت سے سمرقند آئے ،اچھی آواز رکھتے تھے ان کا قد میانہ ذرا اونچا تھا،ان کی انگلیاں لمبی تھیں ،ترکی نہیں جانتے تھے ،اکثر نعلین پہنتے ، پیوند لگے ہوئے پہنتے ،اصحاب میں سے جو بھی پیوند شدہ پہنتا اسے دوست رکھتے اور اس کی تعظیم وتوقیر کرتے ،اپنی مدت حیات میں کبھی ٹانگیں لمبی نہیں کیں اور خوف خدا سے گریان رہتے ،شیریں زبان تھے ،تبسم کے ساتھ گفتگو فرماتے ،بھوک اور ریاضت سے ان کی کمر جھک گئی تھی۔ ذکر جہری نہ کرتے بہت مرید کیے ان کے زمانہ میں ذکر جہری نہیں ہوتا تھا اپنے شیخ کے شیخ (ابوالحسن خرقانی) کو دیکھا تھا ،ان کی ولادت ہمدان میں ہوئی تھی محلہ غنمیہ سے پیدل بہت مرتبہ گئے ہیں جمعرات اور جمعہ کی رات اور عید کی راتیں بزرگان کی زیارت میں (جاگ کر) گزارتے ولایت سے آئے مسافر سے پوچھتے کہ کس علاقے سے ہیں اس علاقہ میں درویش کونسے ہیں ،جو پردہ فرما چکے ہیں ان کے نام کیا ہیں؟

ذکر قلبی کی وجہ سے ہمیشہ ان کے اعضاء پسینہ سے شرابور رہتے کیونکہ سانس روک کر کرتے تھے، ہر فرض نماز کے بعد قرآن کا پارہ پڑھتے علاوہ ان اوراد کے جوان کے تھے اس گھر سے ''جہاں ان کی آرام گاہ ہے جو کہ غاتفر کے محلات میں خوبصورت

Marfat.com

محلہ ہے'' جامع مسجد تک ختم قرآن کرتے، مسجد سے لیکر خواجہ حسن انداقی اور خواجہ احمد یسوی کے گھر تک سورہ بقرہ ختم کرتے اور ہمارے شیخ کی مسجد سے ان درویشوں کے کمرے تک ۱۰۷ قدم فاصلہ تھا، نماز کی ہر ایک رکعت میں ایک پارہ پڑھتے، کبھی کبھی ہمدان کی طرف رخ کرتے اور بہت گریہ فرماتے اور خداوند تعالیٰ سے اولاد نرینہ وصالح کی درخواست کرتے، ہمیشہ خواجہ عبدالرحمن کے وعظ میں بیٹھتے، سردیوں میں بال مبارکؐ کم ہی کٹواتے سلمان فارسی کا عصا اور جرسدان ان کے ساتھ ہوتے، جب نیا چاند دیکھتے سمرقند کے موالیوں کو بلاتے ان کو دعوت دیتے، ان کے ساتھ علم شریعت پر بحث کرتے، سمرقند کے بزرگان ان کی صحبت سے دور نہ ہوتے، خواجہ زندہ دلاں اور خواجہ خضر علیہ الرحمۃ کی صحبت میں ہوتے تیر اچھا چلاتے سامان وغیرہ نہ خریدتے بس اپنے ساتھ قرآن، سجادہ، مسواک، کنگھی، خوشبو اور رومال رکھتے آنکھ درد اور داڑھی کی دوا بناتے بخار کے لیے تعویذ دیتے، جب جتہ اور توقماق آتے (دشمن حملہ آور ہوتے) ان کے ساتھ جنگ کرتے ہمیشہ باطہارت رہتے۔ نماز جمعہ اور جماعت کسی عذر سے بھی نہ چھوڑتے، جس سے جتنا زیادہ جفا دیکھتے اس سے اتنا زیادہ وفا کرتے جو کاسوپ بناتے، اپنے کپڑے دھوتے اپنے پھٹے کپڑے خود رفو کرتے بازار کا کھانا نہ کھاتے بڑا عمامہ باندھتے، لباس کے آستین کھلے ا[illegible] رکھتے، کپڑے صابن سے کم ہی دھوتے، اونچی آواز سے نہ ہنستے نصیحت اور لقمہ سے کسی کو نہ روکتے اور بات نرمی سے کرتے اور نرم رفتار تھے استغفار اور درود بہت پڑھتے نماز وتر تہجد اور صلوٰۃ التسبیح ساتھ ادا کرتے اور دعا کرتے، اصحاب کے لیے بھی بہت دعا کرتے، ولایت وکرامت کا اظہار نہ کرتے مومنین میں سے جو بھی بلاتے چلے جاتے، کسی شخص کی اور کسی چیز کی تحقیر واہانت نہ

Marfat.com

کرتے، کسی بات پر فخر نہ کرتے، زیارت اہل قبور کے لیے بہت جایا کرتے، قبرستان برہنہ پا جاتے اور اہل قبور کو سلام کرتے، آیات اور دعائیں جو منقول ہیں پڑھتے اور زیادہ تر روٹی سرکہ سے کھاتے دعائے سیفی، قصیدہ بردہ، چہل اسم اعظم اور قرآنی آیات بہت پڑھتے، رات کو داڑھی پر کنگھی بہت کرتے اور بہت فوائد بتاتے، گھوڑے پر کم بیٹھتے، گدھے اور اونٹ پر بیٹھتے، بازار کم جاتے، خلفائے اربعہ کی بہت فضیلت بیان کرتے، ان کے مناقب بیان کرتے حلال کما کے کھانے والوں کو دوست رکھتے اور موت، قیامت، جان دینے، قبر کے سوال، دوبارہ زندہ ہونے، نامۂ اعمال پڑھے جانے، انصاف ہونے اور پل صراط سے گذرنے کو بہت یاد کرتے اور روتے، لوگوں کو حلال پہننے اور حلال کمانے کی ترغیب دیتے، مومنین کے ساتھ ایک برتن میں کھانا کھاتے، کھانے سے پہلے اور کھانے کے بعد ہاتھ دھوتے اور طعام کی ابتداء نمک سے کرتے اور اختتام بھی نمک پر کرتے، کفریہ کلمات کے متعلق بیان فرماتے اور ''اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَعُوْذُبِکَ مِنْ اَنْ اُشْرِکَ بِکَ شَیْئًا وَ اَنَا اَعْلَمُ بِہٖ وَ اَسْتَغْفِرُکَ لِمَا لَا اَعْلَمُ اِنَّکَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ'' بہت کہتے، نماز کے بعد ہمیشہ یٰس ختم کرتے جمادی الثانی کے آخری دن ماہ رجب سے پیوستہ روزے رکھنے ترک نہ کرتے، پیتل، چاندی، سونے کے برتن سے غسل وطہارت نہ کرتے۔

فاسق، مکار، بدگو، حیلہ گر، ظالم، لوگوں اور ماں باپ کو ایذا دینے والے، مبتدع، بدمذہب، بے نماز، فضول گو، چاپلوس، چالاک، سودخور، دروغ گو، لاابال، بازاری، حرام خور، بدی میں مشہور وحیلہ، تیز زبانی اور چالاکی سے حق کو ناحق ثابت کرنے والے، لوگوں میں خود کو نیک، زاہد، مومن، پارسا، درویش، عالم، متقی، عابد، امر بالمعروف

Marfat.com

اور نہی عن المنکر کنندہ ظاہر کرنے والے، اپنے ظاہر کو شرع کے مطابق سجانے اور اس طریقہ سے دنیا کی عزت وحرمت کے طالب کو اپنی صحبت میں توبہ کراتے اگر قبول نہ کرتا تو اس کو دشمن رکھتے اور اپنی مجلس سے نکال دیتے۔

روٹی، پانی کے ساتھ کم کھاتے، اکثر خشک روٹی کھاتے، لفظ من استعمال نہ کرتے ضرورت پڑنے پر ۱۴ سیر کہتے کسی کو اے کتے اے خنزیر، لعنتی، بدبخت کہہ کر نہ پکارتے۔ گرمی ہو سردی ہو نہ کہتے، کسی کو بددعا نہ کرتے، جو بھی مومن سامنے آتا سلام کرتے اور ہر کسی کے لیے اٹھ کھڑے ہوتے ہمیشہ فکرمند اور غمگین رہتے، علم حساب نہیں جانتے تھے (البتہ) خوشخط لکھتے تھے اپنی اور اصحاب کی مونچھیں پست رکھتے عزلت میں رہتے اور اکثر بغیر گھی سوپ استعمال کرتے ہمیشہ مجاہدہ وریاضت میں رہتے لوگوں کا کھانا نہ کھاتے اور خلق کی صحبت سے کنارہ کش رہتے کالے موزے پہنتے اور دستار دانشمندوں کی طرح باندھتے شملہ کو دونوں کندھوں کے درمیان رکھتے، گنٹی اچھی چلاتے، بے کار، مفت خور اور تن پرور کو پسند نہ کرتے، علم طب بیان کرتے، مجلس میں سبھی سے بات کرتے اور مجلس اور خانقاہ میں جب قدم رکھتے تو پہلے دایاں پاؤں رکھتے جب باہر آتے بایاں پاؤں رکھتے، کھانا دائیں ہاتھ سے کھاتے، برہنہ سر نماز نہ پڑھتے، نہ کھانا کھاتے، بلند آواز سے قراءت نہ کرتے اگر دن میں سو بار وضو ٹوٹ جاتا پھر وضو کرتے، ایک لمحہ بغیر طہارت نہ رہتے، مسجدوں، صحراؤں، محلوں، شہروں اور پہاڑوں میں بہت جاتے اور وہاں کے باشندوں اور ساکنوں کو چاہے وہ ترک ہوں یا تاجک، عرب، خواجہ، درویش، غلام، بازاری، گلہ بان، شتربان، آشنا، اجنبی جو بھی ہوں سب کو فرائض، واجبات، سنن مستحبات، آداب حلال وحرام، مباح ومکروہ اور حیض ونفاس، استحاضہ ومستحاضہ، معاملات

Marfat.com

خرید وفروخت بیان کرتے اور ان کو بقدر وسعت وطاقت سکھاتے ،جس کسی سے چھوٹی سی نیکی دیکھتے دگنا عوض دیتے ، ہمیشہ اپنے ساتھ کھجور، کشمش ، نان رکھتے جس تک بھی پہنچتے اسے دیدیتے ،اپنے شیخ کے سامنے بات نہ کرتے لوگوں کے کھیت سے نہ گزرتے ،نماز لمبی نہ کرتے اپنے گھر کے کام خود کرتے (آٹا پسوانے) چکی خود جاتے بہار کے موسم میں بہت سیر کے لیے جاتے ،صبح کی نماز اشراق اوابین تہجد اور استخارہ ترک نہ کرتے ،شہید ہونے کو پسند فرماتے ،صدقہ وزکوٰۃ دیتے ، اعتکاف میں بیٹھتے ،قربانی کرتے غلام آزاد کرتے ،وعید سے ڈرتے رہتے اور وعدہ کے امیدوار رہتے ،دلوں میں محبوب تھے اہل صدق وصفا تھے ، با اخلاص ، باحلم ،اسخا اور خداوند تعالیٰ کے شکر گذار تھے ،ہرگز خداوند متعال سے شکایت نہ کرتے ،حق تعالیٰ کی تقدیر پر راضی رہتے ، ہمیشہ موت کے لیے تیار رہتے ،تمام خلائق پر مہربان تھے۔ بزرگوں کی تعظیم کرتے اور نابالغوں کی دلجوئی کرتے ، امانت کی خوب حفاظت کرتے ۔صلہ رحم بجالاتے اور ہر خطر میں خدا کی پناہ مانگتے ۔ ہمیشہ آخرت کی طلب میں رہتے اور خدا تعالیٰ سے توفیق طاعت چاہتے ، ہمسایہ کی رعایت کرتے ،راستے کو موذیات سے پاک کرتے ، اپنے ایمان میں شک نہ کرتے اور کہتے ''میں سچا مومن ہوں'' ،مسلمانوں کی جماعت کے خلاف نہ کرتے ،نماز ہر نیک وبد کے پیچھے ادا کرتے ، کسی اہل قبلہ کو کافر نہ کہتے ،چھوٹے بڑے کا جنازہ پڑھتے اور فرماتے نیکی بدی سب خدا کی طرف سے ہے، بادشاہ کے فرمانبردار تھے ۔فرماتے: ''ایمان خدا کی عطا ہے''،فرماتے: ''بندہ تمام کرامات وجلالت کے باوجود مخلوق ہی ہے''،فرماتے: ''قرآن خدا کا کلام ہے''،فرماتے: ''قبر کا عذاب حق ہے، نکیر ومنکر کا آنا حق ہے''، فرماتے: ''زندوں کی دعا سے مردوں کو فائدہ پہنچتا ہے۔ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی

Marfat.com

شفاعت اور معراج حق ہے''، فرماتے: ''اعمال نامہ کا پڑھا جانا اور صراط حق ہے''، فرماتے: ''دس یار بہشتی ہیں کہتے کافر دائم عذاب میں ہوگا''، فرماتے: ''جو خدا تعالیٰ چاہے اور کہتے مردہ کی ہڈی میں آگ ایسے ہے جیسے پتھر میں''، فرماتے: ''خدا تعالیٰ کا دیدار حق ہے''، فرماتے: ''انبیاء کی عقل اولیاء کی عقل سے برتر ہے''، فرماتے: ''اولیاء کے کرامات حق ہیں''، فرماتے: ''انبیاء کا مرتبہ اولیاء کے مرتبہ سے برتر ہے''، فرماتے: ''مومنوں کی عقل کافروں کی عقل سے بہتر ہے حق تعالیٰ حقیقت سے دانا ہے اور قدرت سے توانا''، فرماتے: ''مخلوق پانچ گروہ ہیں مومن کافر منافق گنہگار مشرک ایمان حقیقت ہے نہ کہ مجاز''، فرماتے: '' توفیق فعل کے برابر ہے''، فرماتے: ''ایمان دو جوارح میں ایک چیز ہے اللہ تعالیٰ کسی چیز سے نہیں ہے اور کوئی چیز اللہ کے بغیر نہیں اور کسب کرنا فریضہ ہے اور نیک عمل ایمان کی نشانی ہے اور ایمان طاعت ہے، ہر طاعت ایمان ہے نہ ہی ہر معصیت کفر، انبیاء، اولیاء مومنین، صالحین، گنہگار اور جبرائیل کا ایمان یکساں ہے'' اور امام کے حدث کو حدث سمجھتے اور کہتے ''ایمان نہ کم ہوتا ہے نہ زیادہ اور محبوں پر سے محبت کے سبب حکم اُٹھ نہیں جاتا'' اور خاتمہ کے خوف سے ہمیشہ ترساں رہتے اور فرماتے سنت وہی ہے جو امام زفر نے فرمایا ہے اور جماعت وہ ہی ہے جس پر ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور ان کے اصحاب چلے ہیں، فقر و فاقہ کو پسند کرتے، کھانا کھانے سے پہلے بسم اللہ پڑھتے اور آخر پر الحمدللہ کہتے اور فرماتے دھیان سانس پر رکھو، نظر قدم پر، سفر وطن میں اور خلوت انجمن میں (نظر برقدم سفر در وطن وخلوت در انجمن) برادران صحبت کے ساتھ موافقت، خدمت کا شیوہ رکھتے، الحاح نہ کرتے، تمام خلق سے راضی رہتے، کسی سے حسد نہ کرتے، تونگری سے ڈرتے کبھی کبھی یہ مبارک لفظ فرماتے: ''یہ باعظمت بادشاہ،

Marfat.com

لذت و حلاوت سے بے نیاز درویش ذکر قلبی سے سب جان لیتے ہیں۔'' فرماتے :''نفس اور دل کی شناخت کے لیے کوشاں رہنا چاہیے'' فرماتے :''اے عبدالخالق خاطر کی شناخت تمہارے حوالہ ہوا'' فرمایا :'' اپنے ظاہر کو انتشار ذہنی سے بچائے رکھنا'' فرماتے :''جتنا ظاہر میں پریشان ہیں باطن میں اس سے زیادہ پریشان ہیں یہ اعلیٰ درجہ کی ہستیاں خوش گفتار اور نیک کردار ہوتے ہیں'' اور یہودی، مسیحی اور زردشتوں کے گھروں میں جاتے ان کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فضائل بتاتے اور وعدہ و وعید کے بارے اتنا کچھ کہتے کہ وہ اسلام قبول کر لیتے اور اس کے بعد ان کے لیے چندہ جمع کرتے اور خود بھی کچھ ان کو دیدیتے ان کو شریعت کے احکام سکھاتے اور اصحاب سے کہتے کہ ان کی تعظیم کریں، کثیر تعداد اصحاب کے ساتھ جانا پسند کرتے۔ اور فرماتے :''عقل کے موافق رہو اور نفس کے مخالف ہو جاؤ اور عقل و نفس ضد ہیں ایک دوسرے کی جو جمع نہیں ہو سکتے ''فرماتے :''اطاعت میں فریفتہ ہو جاؤ اور دنیا کی زینت کی طرف مائل نہ ہوں''، اور نماز شیخ کے پیچھے پڑھتے، شیخ کے ساتھ میں کھڑے نہ ہوتے اور مسجد سے (نکلتے وقت) بایاں پاؤں جوتے میں رکھتے اور ایڑھی اٹھا رکھتے اور پہلے دایاں پاؤں پہنتے اور بعد میں بایاں پہنتے اور بعد نماز کے بیٹھ جاتے اور فرض ادا کرنے کے بعد جلد اٹھ جاتے اور آیۃ الکرسی، آمن الرسول، اللھم مالک الملک پڑھتے۔ اور سنت پڑھنی شروع کرتے نماز وقت پر پڑھتے اور تاخیر نہ کرتے، بڑھاپے میں سردیوں میں تکیہ رکھتے تھے اور گرمیوں میں بوریا پر سو جاتے اور یہ مناجات کرتے الٰہی ہمیں ہم پر نہ چھوڑ اور اس دار میں جہاں تیری رضا ہے ہماری عاقبت بخیر فرما اور انسان شکل شیطان صفت افراد سے دور رکھ۔ اصحاب کو عزیز رکھتے جو بھی اصحاب میں غائب ہو یا حاضر جب ایک

Marfat.com

دوسرے کی شکایت لاتا تو دوسرے کو بلا لیتے اور دونوں میں تصفیہ کرتے، کسی کی بات پر کسی سے ناراض نہ ہوتے اور جو کوئی کہتا کہ فلاں نے آپ کی توہین کی ہے کہتے ''میں اسی کے قابل ہوں'' اور قاضیوں، مفتیوں، حکام، ائمہ، مؤذنوں اور مجتہدوں کی فضیلت بیان کرتے، ان کو حق کی طرف ہونے کو فرماتے اور ان کو ثواب کی طرف راغب کرتے اور سمرقند کے بزرگوں سے فرماتے فصیل بناؤ۔ ہانڈی پر رکھے چمچ سے انہ کھاتے۔ بیماروں کی عیادت کے لیے جاتے قرض دیتے واپسی کا مطالبہ نہ فرماتے، شاہزادہ قثم بن عباس کی زیارت کو جاتے، جب اصحاب میں سے کسی کا سنتے کہ وہ جنگ جتہ، تو قماق یا اوروس میں مارے گئے ہیں نماز شروع کرتے۔ کسی (چیز کو یا کسی انسان) کو لعنت نہ کہتے، کسی کے لیے بددعا نہ کرتے۔

اصحاب کو زیادہ گوشت کھانے اور زیادہ باتیں کرنے سے منع کرتے خود بھی زیادہ باتیں نہ کرتے، ان کے کمرے میں سوائے ایک بوریا، کھیس، کیتل، چوغہ اور دو تکیوں کے کچھ نہ ہوتا، امیر کو درویش (فقیر) پر اس کی تونگری کی بنا پر ترجیح نہ دیتے، ہمیشہ فقرائے صحابہ کے سردار اور اغنیاء صحابہ کے متعلق گفتگو کرتے رہتے، اصحاب کو ان کی متابعت اور موافقت کرنے کا کہتے، فصد کرواتے اور حجامت کرواتے، درس دیتے ہمیشہ طہارت سے رہتے، باطہارت کھانا کھاتے، کاموں میں جلدی نہ کرتے، رنج و مصیبت میں صبر کرتے اور ہر کسی کو راز نہ بتاتے، اپنے وظائف ترک نہ کرتے اور اس کے فوت ہونے پر غمگین ہو جاتے، استغفار کرتے اور ہر رات اپنا محاسبہ کرتے، روزے بہت رکھتے، اصحاب کو جن و انس کی دشمنی سے خبردار کرتے اور فرماتے ''ان دشمنوں کا دفعیہ ذکر قلبی اور وضو کی مداومت سے ہے'' اور جو کچھ اپنے شیخ سے دیکھتے یا سنتے اپنے

Marfat.com

اصحاب کو بیان کرتے ،رفع حاجت کے لیے ہر جگہ کو استعمال نہ کرتے ، خاص مقام اور خاص پودے ہی ان کی پسند ہوتے ، پودوں کی جگہ پیشاپ نہ کرتے ،حق کی بات بہت کرتے ،کھانا اللہ کے ذکر کے بغیر نہ کھاتے اور فرماتے لقمہ کھانا بیج بونا ہے اور بیج سوچ سمجھ کر بونا چاہئے تا کہ اس سے قوت طاعت بن جائے ،لباس کو پیشاب سے بچا رکھتے ،جس سے وعدہ کرتے پورا کرتے ہاتھ ،زبان کو مسلمان (کو نقصان پہنچانے) سے روکے رکھتے ، جو کوئی ان سے کوئی حاجت طلب کرتا پوری کر دیتے ۔ جب خوشبو سونگھتے لَااِلٰہَ اِلَّا اللہ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ کا ورد فرماتے اور سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہِ اور کلمہ سُبْحَانَ اللّٰہِ بہت کہتے اور آخر تک ہمیشہ دردسر سے پریشان رہتے ایک دن خواجہ حمید الدین ملتانی کے قیام گاہ میں فرمایا ''۴۳ سال سے یہ ورد عطا ہوا ہے اور یہ مبارک الفاظ ادا کیے کہ صحابہ میں بھی ایسے بزرگ تھے کہ ہمیشہ اس ورد میں مبتلا رہتے تھے اور خلق سے پوشیدہ رکھتے تھے ۔ بیوہ ، غریب ،یتیم اور مسافروں کا پوچھتے ، ہمدان سے حضرت شیخ کے ساتھ جو گیارہ افراد آئے تھے ان میں پہلے ابوموسیٰ خادم دوسرے بندہ ضعیف عبدالخالق تیسرے امام یحییٰ غاتفری چوتھے خواجہ اسحاق پانچویں خواجہ رباط چھٹے برادر زادہ خواجہ زکریا (غزنی میں) ساتویں آدم شاوداری آٹھویں خواجہ محمد حکیم بلخی نویں خواجہ محمد جہلہ دسویں خواجہ قریش گیارھویں بابا سلمان عارف ترک ہیں ۔

ہمارے بزرگ شیخ یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے سمرقند آنے کا سبب یہ تھا کہ خواجہ حمید الدین ملتانی ولایت چلے گئے اور ۶ سال گذر گئے حضرت خواجہ خضر علیہ الرحمۃ ملاطبہ میں تھے وہاں امام مالک کی نسل سے ایک مرد تھے ان کا نام عبدالجمیل ان کی

Marfat.com

عمر ایک سو تیرہ سال ہوئی تھی، ان کی اولاد نہ تھی اور اللہ تعالیٰ سے فرزند چاہتے تھے القصہ بادشاہ کا ایک دشمن آیا اور اس نے اس بادشاہ کو ملک بدر کر دیا، اس کی بادشاہت پر قبضہ کر لیا، وہ بادشاہ ملاطبہ کے پہاڑ، صحرا اور دشت میں در بدر پھرتا اس نے اپنے ابرو اور داڑھی تراشی ہوئی تھی قسمت سے وہ بادشاہ خواجہ عبدالجمیل کے گھر جا پہنچا کئی دن گذر گئے تھے کچھ کھایا نہ تھا سوچا کہ اس صاحب خانہ سے کہوں جب گھر کے دروازے پر پہنچا اسے آشنائی کی خوشبو محسوس ہوئی اس نے دیکھا ایک بوڑھا آدمی ہے اسے سلام کیا اور رومی زبان میں کہا۔ اس ملک کے لشکر میں سے ہوں کئی دنوں سے کھانا نہیں کھایا ہے خواجہ عبدالجمیل نے فرمایا گھر کے اندر آؤ جب بادشاہ اندر آیا اس کی بڑی تعظیم کی اور کہا بیٹھ جاؤ پانی لایا اور فرمایا طہارت کرو بادشاہ نے طہارت کیا اس کے بعد فرمایا شکرانہ کا وضو کرو بادشاہ نے شکر کا وضو کیا اس کے بعد ایک دسترخوان لایا طرح طرح کے کھانوں کا اور بادشاہ کے سامنے رکھا بادشاہ نے جتنا چاہا کھا لیا پھر فرمایا اس کے کپڑے دھوئے جائیں اور بال کاٹے جائیں اس کے بعد اسے فرمایا اب کچھ دیر سو جاؤ اور بادشاہ سو گیا جب بادشاہ نیند سے بیدار ہوا اسے رونا آیا اور وہ خوب رویا اتنے میں خواجہ عبدالجمیل گھر آئے دیکھا بادشاہ بہت رو رہا ہے خواجہ نے اس سے پوچھا کیوں رو رہے ہو بادشاہ نے کہا ''میں بتا نہیں سکتا'' خواجہ عبدالجمیل نے قسم دی کہ بتاؤ شرماؤ مت کیونکہ بادشاہ نے ان کا التفات دیکھا تھا کہا کیا آپ مجھے نہیں جانتے؟ فرمایا آپ ملاطبہ کے بادشاہ نہیں ہیں؟ کہا ہاں! خواجہ عبدالجمیل نے فرمایا کہ کیا تم چاہتے ہو کہ اپنی بادشاہت دوبارہ حاصل کر لو؟ بادشاہ نے کہا کیوں نہ چاہوں میرے بال بچے سب پریشان حال ہیں پھر خواجہ نے فرمایا اگر تمہیں بادشاہت مل جائے اپنی بیٹی مجھے دیدو گے؟ بادشاہ نے قبول کیا

Marfat.com

تب خواجہ نے فرمایا تم میرے پدر بزرگوار کی قبر پر جاؤ اور چلہ پورا کرو بادشاہ نے قبول کیا اور امام مالک کی قبر پر چلا گیا اس طرف اس بادشاہ کی کہانی ملاحظہ کریں کہ جس نے ملاطبہ کی بادشاہت پر قبضہ کیا تھا وہ ظلم کرنے لگا چنانچہ مسلمانوں کے اموال وفرزندان پر تصرف اور من مانی کرتا اس قوم کی طرف سے شوروفغان برپا ہوا اور وہ بے بس ہو گئے اور اب پہلے والے بادشاہ کو ڈھونڈ رہے تھے مگر وہ نہیں ملتا ولایت کے اکابرین خواجہ عبدالجمیل کے پاس آئے اور قصہ حال بیان کیا خواجہ نے کہا کہ میں نے پہلے ہی تمہیں کہا تھا کہ اس کے ساتھ ایک دل ہو کر رہیں اور جنگ کے لیے کوشاں رہیں مگر تم نے لاپرواہی کی اس کا بدلہ اب چکھ رہے ہو بزرگوں نے مطالبہ کیا کہ ہمیں وہی بادشاہ چاہئے آپ اپنی باطنی طاقت لگائیں'' خواجہ نے فرمایا اچھا جب رات ہو جائے سب زرہ پہن کر اسلحہ اٹھائیں اور اس بادشاہ کو اور اس کے امراء کا محاصرہ کریں میں جا کر تمہارے بادشاہ کو لے آتا ہوں'' یہ کہا اور لوگوں کو بھیج دیا اور امام مالک کی قبر کی طرف رخ کیا جب امام کی زیارت گاہ کے قریب پہنچے بادشاہ کو دیکھا کمزور ہو چکا تھا جب بادشاہ کی نظر خواجہ پر پڑی اٹھا اور تعظیم کی بادشاہت کے متعلق پوچھا خواجہ نے فرمایا ہم نے بادشاہت تمہیں دے دی اٹھو اور سواری پر سوار ہو جاؤ، جب بادشاہ نے یہ بات سنی خواجہ سے کہا میری بیٹی کو قبول کیجئے۔ خواجہ نے ملک کے معززوں کو بلوایا اور بادشاہ کی بیٹی سے نکاح کر لیا اور روم کا رخ کیا روم کے بزرگان اور اکابر استقبال کے لیے باہر آ گئے اور جیسا خواجہ نے کہا تھا ویسا ہی کیا گیا تھا اور منتظر تھے کہ بادشاہ کے آنے کی خبر ملی فوراً سب باہر آ گئے اور بادشاہ کو تخت پر بٹھا دیا اور دشمنوں کو ایک ایک کر کے (باندھے ہوئے) ان کے سامنے پیش کیا اور بادشاہ کے کہنے پر سب کو ہلاک کر دیا پھر حکم دیا کہ شہر کو سجائیں اور

Marfat.com

بیٹی کو خواجہ کے سپرد کر دیا۔ خداوند تعالیٰ نے خواجہ عبدالجمیل کو اس میں سے ایک بیٹا دیا خواجہ عبدالخالق نام رکھا۔

میرے والد گرامی نے حضرت خواجہ خضر علیہ الرحمۃ کے متعلق بتایا کہ یہ نام (عبدالخالق) خواجہ (خضر علیہ الرحمۃ) نے رکھا ہے پھر جب میں ۲۲ سال کا ہوا تو حضرت خواجہ خضر علیہ الرحمۃ مجھے شیخ کی خدمت میں لے گئے اور شیخ بزرگوار نے خواجہ کی موجودگی میں مجھے تلقین ذکر فرمائی اس کے بعد خواجہ خضر نے شیخ سے فرمایا کہ آپ کو سمرقند جانا چاہیئے اس کے بعد شیخ سمرقند آئے ان عزیزوں (بزرگوں) کے ہمراہ جن کے نام پیچھے ذکر ہوئے۔ جب سمرقند آئے غاتفر کے محلہ خوشرود میں 3 ماہ رہے خواجہ حسن انداقی اور خواجہ احمد یسوی ان کی خدمت میں رہے اور تلقین ذکر قلبی حاصل کیا اور ۹ ماہ بعد خواجہ عبداللہ برقی آئے اور مرید ہوئے اور ان بزرگوں کے دور میں سمرقند اس طرح ہوا تھا کہ دریائے آموی کے کنارے سے لیکر خواجہ کے شہر خوارزم تا بدخشاں کوئی بدعتی اور گمراہ نہیں رہا تھا۔

حضرت شیخ قدس اللہ روحہ نے ۲۸ محرم الحرام بروز جمعرات وفات پائی ظہر کی نماز ادا کی اور محراب کی طرف پشت کر کے اصحاب کو مخاطب ہو کر فرمایا پانی گرم کریں اصحاب پر گریہ طاری ہوا۔ اس کے بعد خواجہ عبداللہ برقی، خواجہ حسن انداقی، خواجہ احمد یسوی اور بندہ ضعیف عبدالخالق اور باقی اصحاب جو اس وقت موجود تھے، کی طرف رخ کیا اور یہ مبارک الفاظ ارشاد فرمائے۔ ہم نے خواجہ عبداللہ برقی کو اپنا قائم مقام بنا دیا ان کی موافقت کرنا مخالفت نہ کرنا اور جب خلافت تم تک پہنچے اچھی زندگی گذارنا اور اصحاب سے کہنا کہ ذکر قلبی کریں اور اونچی آواز سے کریں اور جو کچھ آداب وغیرہ بادشاہ

Marfat.com

سنجر بن ملک شاہ کے لیے لکھا ہے اپنے مریدوں اور اصحاب کو کہیں'' اس کے بعد خواجہ احمد یسوی کی طرف رخ کیا اور فرمایا ''سورۃ فاطر، سورۃ یس اور سورہ والنازعات پڑھیں'' جب ختم پورا ہوا اس کے بعد یہ لفظ ارشاد فرمائے ''خدا کے کچھ ایسے بندے ہیں کہ ان کے جان دینے (کی کیفیت) کو سوائے خداوند کوئی نہیں جانتا'' پھر یہ بیت پڑھا

درکوئے تو عاشقاں چناں جان بدھند
کانجا ملک الموت نگنجد ھرگز

(تیرے کوچے میں عاشق اس طرح جان دیتے ہیں کہ ملک الموت کی وہاں پہنچ ہی نہیں ہوتی۔)

اس کے بعد چہرے پر ایک تغیر آیا اور خواجہ عبداللہ برقی نے یاران طریقت کی طرف دیکھا اور فرمایا آپ باہر آئیں پھر شیخ نے فرمایا کہ ''مجھے اسی گھر میں دفن کرنا اور میری نماز جنازہ جامع مسجد میں پڑھنا اور بیٹی، سید شرف الدین کے بیٹے کو (نکاح میں) دینا'' اور شیخ سے چالیس روز پہلے ان کی اہلیہ فوت ہوئیں تھیں، ان کو چاکر دیزہ میں دفنا دیا تھا۔ پھر فرمایا ''مجھے غسل خواجہ عبداللہ برقی دیں گے اور مجھے قبر میں خواجہ حسن انداقی اتاریں گے'' یہ فرمارہے تھے کہ حضرت خواجہ خضر، خواجہ الیاس، ابدال وغوث وقطب آئے اور ہر ایک نے حضرت خواجہ کو وداع کیا۔

پھر خواجہ خضر علیہ الرحمۃ نے دست مبارک دراز کیا اور ایک سفید سیب حضرت شیخ کو دیا جب ہمارے شیخ نے سیب کو سونگھا غوث کو دیا جب غوث نے سونگھا ہمارے شیخ نے ارشاد فرمایا ''اے دوستو نماز قائم کرو اور خلق خدا پر مہربان رہو اور غوث کو میرے پہلو میں دفن کردو'' جب وصیت پوری کی ہمارے شیخ کی روح عالم بالا کی طرف پرواز کر

Marfat.com

گئی اور ہمارے شیخ کے ساتھ غوث کے قالب سے بھی روح نکل گئی اس کے بعد بزرگان حاضر ہوئے اور شیخ کی وصیت کو بجالایا انہوں نے بھی نماز جنازہ ادا کی پھر قبر میں دفن کر دیا قالوا انا اللہ و انا الیہ راجعون اور حضرت غوث کو بھی گھر میں دفن کر دیا اور اس گھر کو کشادہ کیا اور صفہ تعمیر کیا، ہمارے حضرت شیخ نے فرمایا ہے کہ ذکر کے وقت توجہ وذہن حاضر کرنے کے بعد زبان کا کنارہ اوپر لگائیں اس طرح کہ حرکت نہ کرے اور اپنے تمام اعضاء کو برقرار رکھے اور سانس روک دے بغیر تکلیف کے کلمہ ''لا الہ'' کہتے وقت دائیں طرف اشارہ کرے اور ''الا اللہ'' کہتے وقت دل کی طرف اشارہ کرے اور سانس ٹوٹنے لگے تو ''محمد رسول اللہ'' کہے اس طرح سے ذکر کرنا انشراح صدر واطمینان قلب کا ذریعہ ہے۔

بروز جمعہ ۴ شعبان سنہ ۶۰۰ ھ تھا قدم بوسی کی سعادت حاصل کی خواجہ ناصح الدین قلتی اور خواجہ حمید الدین ناگوری کے بیٹے اور مولانا حمید الدین شاشی حاضر خدمت تھے ہمارے شیخ سے التماس کیا کہ ذکر قلبی کے شرائط کے باب میں کچھ بیان فرمائیں ہمارے شیخ نے یہ مبارک الفاظ القا فرمائے: ''ہر سالک جو اس راہ میں قدم رکھے اس پر لازم ہے کہ وہ اپنے دل کو غفلت کے غبار اور زنگِ طبیعت سے صاف و پاک کرے اور مذموم صفات سے دل کو صاف کر لے، دل کا تصفیہ کلمہ طیبہ طاہرہ سے ممکن ہے مگر شرط یہ ہے کہ شیخ کامل کی تلقین وتعلیم سے پڑھے تا کہ اس راہ پر چلنا اس پر آسان ہو جائے۔''

ایک دن بابا سلمان عارف ترک نے پوچھا کہ شیخ برہان الدین قلیج کہتے ہیں کہ ذکر کے لیے کتنی طہارتیں شرط ہیں؟ شیخ نے یہ مبارک الفاظ فرمائے: ''پانچ طہارتیں (۱) طہارت چشم، کہ آنکھ نامحرم کو دیکھنے سے پاک رہے (۲) کانوں کی طہارت کہ کان حرام آوازوں کے سننے سے پاک ہو، (۳) طہارت زبان، کہ زبان غیبت، جھوٹ،

Marfat.com

فضول باتوں اور بہتان سے پاک رہے (۴) طہارت شکم، پیٹ پاک ہو حرام ماکولات و مشروبات ومشتبہ چیزوں سے (۵) غافلوں، کاہلوں اور جاہلوں کی صحبت میں نہ رہے کیونکہ انسان کی فطرت ہے کہ جس کے ساتھ صحبت رکھتا ہے اس سے اثرات لیتا ہے پس لازم ہوا کہ صحبت اہل معرفت کے ساتھ رکھے اور اپنے احوال کو نامحرم سے پوشیدہ رکھیں بلکہ محرم سے بھی اور کہا

رازِ خود با یار خود چند انکہ بتوانی مگوی
باررا یاری بود از یار یار اندیشہ کن

(حتی الامکان اپنا راز اپنے یار سے نہ کہو۔ یار کے لیے یاری ہے یار سے ہوشیار رہو)"

پھر فرمایا "اور چار چیزیں ہیں جو ذکر قلبی کے لیے شرط معتبر ہیں۔ (۱) اخلاص (۲) تعظیم (۳) مٹھاس (۴) حرمت، کیونکہ ذکر بغیر اخلاص ذکرِ منافقین ہے اور بغیر تعظیم کے ذکر بدعتیوں کا ذکر ہے اور ذکر بغیر حلاوت فاسقوں کا ذکر ہے اور بغیر حرمت کا ذکر شبہہ رکھنے والوں کا ذکر ہے۔ اور ایک اور شرط بھی بیان فرمائی کہ "شیخ" کو چاہئے کہ طالب کو اس راہ کی مشکلات سے آگاہ کرے اور اس کے منازل کی دشواریوں کو بیان کرے اور طریقت کے مہلکات وخطرات سے مرید کو باخبر کرے تاکہ اگر وہ از راہ مجاز آیا ہو یا ہوائے نفس سے آیا ہو تو لوٹ جائے اور بعض نے ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ توقف کے ساتھ کہے تاکہ وہ از راہ حقیقت آئے اور طریقت کی تکلیف کو دل وجان سے قبول کرے اور سچی ارادت سے ہاتھ دے۔

ماہ مذکورہ بالا تاریخ سنہ ۶۰۰ ھ تھی کہ قدم بوسی سے مشرف ہوا شیخ جمال الدین

Marfat.com

ہانوسی مولانا شمس الدین نبیرہ قاضی حمید الدین ناگوری اور خواجہ عین الدین حاضر تھے کہ کاشغر کا بادشاہ یوسف بن قرا خان ایک مرید کے ساتھ آیا تھا شیخ سے سوال کیا کہ توبہ نصوح کی علامات کتنی ہیں؟ ہمارے شیخ نے فرمایا کہ چھ ہیں۔

(۱) غفلت کے سبب تلف شدہ عمر پر پشیمانی (۲) گناہ کی طرف واپس نہ جانے کا عزم (۳) فرائض کی ادائیگی جو اس کے اور اس کے خداوند کے درمیان ہیں (۴) لوگوں کے حقوق لوٹانا جتنا ممکن ہو سکے (۵) اس گوشت کو پگھلانا جو اس کے جسم پر حرام سے بنا ہے (۶) اپنے بدن کو مشقت چکھانا راہ طاعت میں اور نفسانی خواہش کی مخالفت کرنا جس طرح سے معصیت کی لذت چکھی تھی اب طاعت کی لذت بھی چکھے واللہ اعلم۔

مکمل ہوا رسالہ شریفہ صاحبیہ از مؤلف قطب الاقطاب خواجہ جہان خواجہ عبدالخالق غجدوانی قدس سرہ بروز منگل ۴ صفر سنہ ۱۰۶۷ھ

Marfat.com

مکاتیب

Marfat.com

Marfat.com

مکاتیب ڈاکٹر پروفیسر محمد مسعود احمد

بنام

محمد اقبال مجددی

راجع بہ تحقیقات امام ربانی

Marfat.com

مکاتیب ڈاکٹر محمد مسعود احمد مرحوم

بنام محمد اقبال مجددی

ڈاکٹر محمد مسعود احمد مرحوم کے چند مکاتیب اس سے قبل ارمغان امام ربانی کی جلد چہارم کے ساتھ بطور ضمیمہ شامل کر دیئے تھے۔

اب مزید مکاتیب ہم دست ہوئے ہیں ان میں کچھ ایسے بھی ہیں جو پہلے شائع ہو چکے ہیں لیکن انہیں یکجا رکھنے کی ضرورت سے یہاں دوبارہ طبع کیا جارا ہے۔

اس سے پہلے کی ارمغان امام ربانی کی مجلدات میں حضرت شیخ ابوالحسن زید فاروقی (سابق سجادہ نشین درگاہ مظہری، دہلی اور ڈاکٹر غلام مصطفی خان (سابق صدر شعبہ اردو سندھ یونیورسٹی کے خطوط جو احقر کے نام صادر ہوئے تھے اس لیے شامل ارمغان کئے گئے تھے کہ ان میں تمام تر مباحث کا تعلق حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی کی شخصیت اور اس کے مختلف پہلوؤں پر تھے، امید ہے اہل علم ان سے استفادہ کریں گے۔

مخلص

لاہور

۲۰/اکتوبر ۲۰۱۷ء

محمد اقبال مجددی

Marfat.com

بملاحظہ گرامی برادرم پروفیسر محمد اقبال مجددی زید مجدہٗ

معرفت محترم حکیم محمد موسیٰ امرتسری زید عنایتہ۔

۵۵ ریلوے روڈ، لاہور

گورنمنٹ کالج، مٹھی (ضلع تھرپارکر سندھ)

۱۰/ مئی ۱۹۷۵ء

۷۸۶

برادر مکرم زید مجدکم

وعلیکم السلام۔ امید ہے کہ مزاج گرامی بخیر ہوں گے۔ نوازش نامہ نظر نواز ہوا۔ یہ معلوم ہوا کہ اطمینان ہوا کہ حیات مظہری کے نسخے مل گئے۔ آپ اس کے تنقیدی نظر سے دیکھیں اور جو غلطی ہو مطلع کریں۔

انشاء اللہ ایک نسخہ جناب سید شرافت نوشاہی زید عنایتہ کے لیے بھیج دیا جائے گا، اس وقت میرے پاس صرف ذاتی نسخہ ہے۔

اس حصہ کو دیکھنے کی زیارت کا اشتیاق رہے گا۔

آپ کے علمی کام اور ذوق وشوق کو دیکھ کر حسرت ہوتی ہے۔

زیادہ کیا عرض کروں، محترم حکیم صاحب زید لطفہ اور دیگر احباب کو سلام کہہ دیں، فقط والسلام

احقر محمد مسعود احمد

☆☆☆

Marfat.com

بملاحظہ گرامی برادرم پروفیسر محمد اقبال مجددی زید مجدہٗ

معرفت محترمی حکیم محمد موسیٰ امرتسری مدظلہ

۵۵۔ ریلوے روڈ، لاہور

گورنمنٹ کالج، مٹھی (ضلع تھرپارکر سندھ)

۴/نومبر ۱۹۷۵ء

۷۸۶

برادرم زید مجدکم

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

نوازش نامہ موصول ہوا۔ یاد آوری کا ممنون ہوں۔ خیال تھا کہ تعطیلات میں فتاویٰ مسعودی مکمل ہو جائے گا مگر ایسا نہ ہو سکا۔ نہج شریف کے بارے میں عرض کروں گا۔

سخت افسوس ہے کہ آپ پنڈی سے لاہور تشریف لائے اور احقر ملاقات سے محروم رہا، کئی احباب سے ملاقات نہ ہو سکی جس کا سخت قلق ہو اس ہجر و فراق میں مولیٰ تعالیٰ کی کوئی حکمت ہوگی۔

سیرت حضرت مجدد الف ثانیؒ مسنون کتابت کے مرحلے میں ہے۔ شائع ہوتے ہی پیش کی جائے گی۔ انشاء اللہ

تشریف آوری کی خبر باعث مسرت ہے ممکن ہے کہ دسمبر کے آخر میں احقر کراچی میں ہو کیوں کہ موسم سرما کی تعطیلات ہی ان دنوں میں ہوتی ہیں، گمان غالب یہ ہے کہ جنوری کے پہلے ہفتے میں کراچی ہوں گا۔ حیدآباد سے مٹھی ۱۵۰ میل ہے۔ لیکن یہ

Marfat.com

فاصلہ ۱۴ گھنٹے میں طے ہوتا ہے ورنہ آپ کو تکلیف دی جاتی۔

زیادہ کیا عرض کروں، محترم حکیم صاحب و دیگر احباب کو سلام کہہ دیں۔

فقط والسلام

احقر محمد مسعود احمد

☆☆☆

Marfat.com

برادر مکرم محمد اقبال مجددی زید مجدہٗ

معرفت محترم حکیم محمد موسیٰ امرتسری زید مدظلہ

۵۵۔ ریلوے روڈ، لاہور

گورنمنٹ کالج، ٹنڈو محمد خاں

۷/ اگست ۱۹۷۴ء

۷۸۶

برادرم زید مجدہٗ

سلام مسنون۔ امید ہے مزاج گرامی بخیر ہوں گے۔ استاد محترم سے متعلق جو مطبوعہ مضمون ارسال کیا تھا۔ نہیں ملا انتظار ہے ایک صاحب اس کو کتابی صورت میں چھپوانا چاہتے ہیں اس لیے ضرورت پیش آئی ورنہ تقاضا نہیں کیا جاتا۔

احقر نے جو خود نوشت حالات ارسال کئے تھے اس کی نقل بھیجنے کا بھی آپ نے فرمایا تھا اگر ممکن ہو تو اس کی نقل بھی ارسال فرمادیں۔

اپنی علمی مصروفیات سے مطلع فرمائیں۔ احباب کو سلام کہہ دیں خصوصاً قبلہ حکیم صاحب کو۔ والسلام

احقر محمد مسعود احمد

☆☆☆

Marfat.com

بملاحظہ گرامی برادر مکرم محمد اقبال مجددی زید عنایتہ

معرفت محترم حکیم محمد موسیٰ امرتسری زید مدظلہ

۵۵۔ ریلوے روڈ، لاہور

گورنمنٹ کالج، ٹنڈو محمد خاں

۲۱ / اجولائی ۱۹۷۴ء

۷۸۶

برادرم زید مجدہٗ

سلام مسنون۔ دونوں نوازش نامے ملے۔ محترم حکیم صاحب کا شکریہ ادا کردیں اور سلام عرض کریں۔

۲۲ / جولائی سے کالج کھل رہے ہیں اس لیے یہ احقر آج واپس جا رہا ہے حکیم صاحب سے فرمائیں کہ کتابت شدہ کاپیاں ٹنڈو محمد خاں کے پتے پر ارسال فرمائیں تراشے اسی پتے پر ارسال فرمائیں۔

زیادہ کیا عرض کروں، تمام احباب کو سلام کہہ دیں۔ فقط والسلام

احقر محمد مسعود احمد

نوٹ: مولانا محمد مختار عالم صاحب واحقر نے نظر ثانی کے لیے ایک مقالہ بھیجا تھا اگر یہ دورے سے واپس تشریف لے آئے ہیں تو ان سے فرمادیں کہ کالج کے پتے پر مقالہ ارسال فرمادیں احقر کا سلام بھی عرض کردیں فقط

☆☆☆

Marfat.com

بملاحظہ گرامی برادر مکرم محمد اقبال مجددی

معرفت محترم حکیم محمد موسیٰ امرتسری زید مدظلہ

۵۵۔ ریلوے روڈ، لاہور

گورنمنٹ کالج، ٹنڈو محمد خاں (سندھ)

۱۵/ اپریل ۱۹۷۲ء

۷۸۶

برادر محترم

سلام مسنون۔ امید ہے مزاج گرامی بخیر ہوں گے گشتی مراسلہ موصول ہوا۔ نوازش کرم کا ممنون ہوں۔ دوری کی وجہ سے تعارفی اجلاس میں شرکت سے محروم رہا جس کے معذرت بہرکیف یہ دیکھ کر بہت مسرت ہوئی کہ اہل علم نے اس تصنیف کی قدر کی۔ مولی تعالیٰ آپ کی تحقیقات سے تشنگان علم کر بہرہ ور فرمائیں۔ آمین۔ محترمی حکیم صاحب کو سلام کر دیں فقط والسلام

احقر محمد مسعود احمد

☆☆☆

Marfat.com

برادرم محمد اقبال مجددی زید عنایتہ

معرفت محترم حکیم محمد موسیٰ امرتسری مدظلہ

۷۸۶

برادر محترم

سلام مسنون۔ غم نامہ۔ محترم حکیم صاحب کی والدہ مرحومہ کی وفات کی خبر وحشت اثر سن کر ہمیں افسوس ہوا۔ اناللہ و انا الیہ راجعون۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور درجات بلند فرمائے۔ آمین۔ احقر نے آج تعزیت ارسال کر دیا ہے

یہ معلوم ہو کر اطمینان ہوا کہ مسودہ مل گیا۔ ضیائے حرم مل گیا ہے۔ کراچی آتے ہوئے۔ شمارہ ٹنڈو محمد خاں میں بھول آیا۔ انشاء اللہ واپسی پر تبصرہ پڑھوں گا۔

اپنی خیریت اور علمی سرگرمیوں سے مطلع فرمادیا کریں محترم حکیم صاحب اور دوست برادرم اسلم صاحب کو اسلام کہیں۔ فقط والسلام

احقر محمد مسعود احمد

☆☆☆

Marfat.com

بملا حظہ گرامی برادر مکرم محمد اقبال مجددی
معرفت محترم حکیم محمد موسیٰ امرتسری زید مدظلہ
۵۵۔ ریلوے روڈ، لاہور
گورنمنٹ کالج،
ٹنڈو محمد خاں
۲۱/جنوری ۱۹۷۳ء

۷۸۶

برادرم زید مجدکم

سلام مسنون۔ امید ہے کہ مزاج گرامی بخیر ہوں گے۔

اس سے قبل ایک عریضہ ارسال کیا ہے۔ پیر حسام الدین مجددی سے ملاقات ہوئی۔ آپ کی طرف سے سفارش کر دی ہے۔ اب آپ ان کو میرے حوالے سے خط لکھ دیں اور ساتھ ہی سارے کاغذ بھیج دیں۔ وہ بہت مصروف رہتے ہیں۔ انشاء اللہ آپ کے لیے لکھیں گے۔

محترم حکیم صاحب کو سلام کہہ دیں۔ فقط والسلام

احقر محمد مسعود احمد

☆☆☆

Marfat.com

بملاحظہ گرامی برادر مکرم محمد اقبال مجددی زید مجدہٗ
معرفت محترم حکیم محمد موسیٰ امرتسری مدظلہ
۵۵۔ ریلوے روڈ، لاہور
گورنمنٹ کالج، ٹنڈو محمد خاں (سندھ)
۱۰/اپریل ۱۹۷۳ء

۷۸۶

برادرم زید مجدکم

سلام مسنون۔ امید ہے کہ مزاج گرامی بخیر ہوں گے۔ یوحنا فریڈین کی تالیف شیخ احمد سرہندی کے افسانوں پر ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں مدظلہ نے تبصرہ تحریر فرمایا ہے جو اسلامک اسٹڈیز کے مارچ ۱۹۷۳ء میں شمارے میں شائع ہوا ہے اس میں آپ کی تالیف عبداللہ خویشگی قصوری کا حوالہ ہے۔

آپ نے اپنی تالیف میں جو عربی استفسار نقل فرمایا ہے اس سے تو محمد ہاشم جان مجددی مدظلہ العالی سخت ناراض ہیں، اس احقر سے بھی کچھ کبیدہ خاطر ہے کہ اس کا سب پر پیش لفظ لکھا ہے۔ احقر نے آپ کی طرف سے بھی صفائی کی کوشش کی مگر ان کی خفگی میں کمی محسوس نہیں ہوتی۔ اپنی صفائی پیش کرتے ہوئے احقر نے عرض کیا کہ جو مبیضہ میرے پاس آیا تھا اس میں ضمیمہ ثانی نہ تھا، فرمایا اس کا اندازہ مبیضہ کے مطالعہ کے بعد ہوسکتا ہے اگر ممکن ہو تو یہ مبیضہ ارسال فرمائیں۔ ہمارے اس نیاندان کے تبدیلی برمراسم ہیں مولانا اس تصویر بڑی شفقت فرماتے ہیں لیکن اس کبیدگی نے احقر کو پرشان کر دیا۔ محترم حکیم صاحب کو سلام کہہ دیں فقط والسلام

احقر محمد مسعود احمد

☆☆☆

Marfat.com

بملاحظہ گرامی برادرم محمد اقبال مجددی
معرفت محترم حکیم محمد موسیٰ امرتسری
۵۵۔ ریلوے روڈ، لاہور
ٹنڈو محمد خاں (سندھ)

۲۱/جنوری ۱۹۷۴ء

۷۸۶

برادرم زید مجدکم

سلام مسنون۔ امید ہے کہ مزاج گرامی بخیر ہوں گے۔نوازش نامہ محررہ ۳ دسمبر ۱۹۷۳ء موصول ہو گیا تھا۔کوئی بات جواب طلب نہ تھی اس لیے یہ غیر معمولی تاخیر ہوگئی ماہنامہ ارشاد کے متعلقہ شمارے بھیج دیئے تھے۔امید ہے کہ مل گئے ہوں گے

محترم اسلم صاحب کے مقالے کے لیے آپ نے جو کچھ لکھا صحیح ہے عرصہ دراز سے ان کا خط نہیں آیا، بیمار تو نہیں؟

احقر نے جو خودنوشت حالات ارسال کئے تھے اگر اس کی ایک نقل ارسال فرما دیں تو ممنون ہوں گا احقر کے پاس اس کی کوئی نقل نہیں، جلدی نہیں اطمینان سے بھیج دیں۔

امید ہے کہ محترم حکیم صاحب تشریف لے آئے ہوں گے ان کی خدمت میں ہدیہ تبریک پیش کریں اور سلام کہہ دیں، دیگر احباب کو سلام کہہ دیں۔فقط والسلام

احقر محمد مسعود احمد

☆☆☆

Marfat.com

محترمی محمد اقبال مجددی
معرفت مکرمی حکیم محمد موسیٰ امرتسری
۵۵۔ ریلوے روڈ، لاہور
معرفت محمد رفیع رضا صاحب
خوجک روڈ
کوئٹہ چھاؤنی
۳ر ستمبر ۱۹۷۱ء

۷۸۶

برادرم

امید ہے کہ مزاج گرامی بخیر ہوں گے۔ احقر تبدیلی آب ہوا کے لیے ٹھٹہ آیا ہوا ہے۔ آپ کا مبیضہ اس سفر میں میرے ساتھ ہیں مطالعہ کر رہا ہوں۔ جو باتیں عرض کرنی ہیں وہ نوٹ کر لی ہیں۔ کوشش کروں گا کہ یہ مبیضہ جلد ارسال کر دوں اس کے بعد اطمینان سے اپنی معروضات پیش کروں، یہ خط اس لیے لکھ رہا ہوں کہ آپ کو زحمت انتظار نہ ہو۔

محترم حکیم صاحب برادرم محمد عارف رضوی کو سلام کہہ دیں۔ فقط والسلام

نوٹ: برادرم محمد عارف صاحب سے کہہ دیں کہ آپ کا مکتوب مل گیا ہے، فاضل بریلوی اور ترک موالات شائع ہو گئی ہو۔ تو درج بالا پتے پر جلد از ۵ نسخے ارسال فرمائیں، فقط

نوٹ: ۱۲/ ستمبر تک یہاں قیام رہے گا اس کے بعد ٹنڈو محمد خان واپسی ان شاء اللہ

احقر محمد مسعود احمد

☆☆☆

Marfat.com

برادرم محمد اقبال مجددی
معرفت محترم حکیم محمد موسیٰ امرتسری
۵۵۔ ریلوے روڈ، لاہور
(پنجاب پاکستان)
گورنمنٹ کالج
ٹنڈو محمد خاں
۲۰/ اگست ۱۹۷۱ء

۷۸۶

برادر محترم

سلام مسنون مرسلہ مبیضہ مل گیا ہے۔ عنایت وکرم کا ممنون ہوں۔ یہاں آ کر کچھ بیمار ہو گیا۔ دعا کریں کہ طبیعت روبہ صحت ہو جائے اور پھر مبیضہ پر نظر ثانی کر کے تقریظ جلد پیش کر سکوں۔ ابھی سرسری طور پر دیکھا ہے، ماشاء اللہ خوب لکھا ہے جزاکم اللہ احسن الجزاء، فقط والسلام

احقر محمد مسعود احمد

☆☆☆

Marfat.com

بملاحظہ گرامی برادرم محمد اقبال مجددی
معرفت محترم حکیم محمد موسیٰ امرتسری
۵۵۔ ریلوے روڈ، لاہور
ٹنڈو محمد خاں
۳۰/ستمبر ۱۹۷۱ء

۷۸۶

برادرم محترم

سلام مسنون یہ احقر کوئٹہ جا کر بیمار ہو گیا اور اس حالت میں یہاں پہنچا۔ کافی کمزوری ہو گئی۔ سر چکراتا رہا آپ دعا فرمائیں۔

مراسلہ مبیضہ کے متعلق چند باتیں نوٹ کی تھیں جو غیر مرتبہ حالت میں ہیں۔ چاہتا تھا کہ مرتب کر کے ارسال کریں۔ لکھنے بیٹھا تو سر چکرانے لگا، دعا فرمائیں اللہ تعالیٰ صحت وقوت عطا فرمائے، والسلام

محترم حکیم صاحب کو سلام کہہ دیں۔

احقر محمد مسعود احمد

☆☆☆

Marfat.com

بملاحظہ گرامی برادرم محمد اقبال مجددی
معرفت محترم حکیم محمد موسیٰ امرتسری
۵۵۔ ریلوے روڈ، لاہور
ٹنڈو محمد خاں
۳۰/ستمبر ۱۹۷۱ء

۷۸۶

برادر محترم

سلام مسنون یہ احقر کوئٹہ جا کر بیمار ہو گیا اور اس حالت میں یہاں پہنچا۔ کافی کمزوری ہو گئی۔ سر چکرا تا رہا آپ دعا فرمائیں۔

مرسلہ مبیضہ کے متعلق چند باتیں نوٹ کی تھیں جو غیر مرتبہ حالت میں ہیں۔ چاہتا تھا کہ مرتب کر کے ارسال کریں۔ لکھنے بیٹھا تو سر چکرانے لگا۔ دعا فرمائیں اللہ تعالیٰ صحت وقوت عطا فرمائے۔ والسلام

محترم حکیم صاحب کو سلام کہہ دیں۔

احقر محمد مسعود احمد

☆☆☆

Marfat.com

بملاحظہ گرامی برادرم محمد اقبال مجددی زید مجدہٗ
معرفت محترمی حکیم محمد موسیٰ امرتسری
۵۵۔ ریلوے روڈ، لاہور
گورنمنٹ کالج
ٹنڈو محمد خاں
۲۴/ اکتوبر ۱۹۷۱ء
اخی المکرم ۷۸۶
وعلیکم السلام

مکاتیب موصول ہوئے۔ مجھے افسوس ہے کہ مسلسل علالت کی وجہ سے دو ماہ گزر جانے کے باوجود اپنی معروضات پیش نہیں کر سکا۔ جو کچھ لکھا ہے غیر مرتب حالت میں ہے۔ ترتیب کے لیے ذہن پر زور دینا پڑتا ہے۔ چونکہ آپ کو عجلت ہے اس لیے اسی غیر مرتب صورت میں ارسال کر دوں گا۔

مطلوبہ مبیضہ بند یور جسٹرڈ پارسل آج ارسال کر دیا ہے۔ وصول فرما کر مطلع کریں تا کہ اطمینان ہو۔ محترم حکیم صاحب کو سلام کہہ دیں۔ فقط والسلام

احقر محمد مسعود احمد

☆☆☆

Marfat.com

بملاحظہ گرامی برادمحترم جناب اقبال مجددی
معرفت مکرمی حکیم محمد موسیٰ امرتسری
۵۵۔ریلوے روڈ، لاہور
گورنمنٹ کالج
ٹنڈو محمد خاں (سندھ)
۲/جولائی ۱۹۷۳ء

۷۸۶

برادرمحترم
وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ
نوازش نامہ مل گیا تھا۔عنایت کا ممنون ہوں۔
۸/جولائی سے تعطیلات ہورہی ہیں۔آیندہ مندرجہ ذیل پتے پر مراسلت فرمائیں۔

فرحت منزل 2/N-44۔ای۔سی۔ایچ سوسائٹی
کراچی نمبر 29

امید ہے کہ قبلہ حکیم صاحب کابل سے واپسی تشریف لے آئے ہوں گے۔ احقر کا سلام کہہ دیں۔
انشاءاللہ تعطیلات میں آپ کی فرمائش پوری کردی جائے گی۔بشرط زندگی
احباب کو سلام کہہ دیں، فقط والسلام

احقر محمد مسعود احمد

☆☆☆

Marfat.com

بملاحظہ گرامی برادرم محمد اقبال مجددی زید

معرفت محترمی حکیم محمد موسیٰ امرتسری

۵۵۔ ریلوے روڈ، لاہور

این ۴۴/۲

پی۔ای۔سی۔ایچ سوسائٹی

کراچی نمبر ۲۹

ٹنڈو محمد خاں (سندھ)

۶/ستمبر ۱۹۷۳ء

۷۸۶

برادرم زید عنایتکم

سلام مسنون

نوازش نامہ اور پھر رجسٹری ملی۔ عنایت وکرم کا ممنون ہوں کہ تبصرہ غالباً مارچ ۱۹۷۳ء کے شمارے میں شائع ہوا ہے۔ اس کو دیکھ کر معلوم کرلیں۔

برادرم حکیم صاحب کا مضمون سرسری طور پر دیکھا ہے۔ انشاء اللہ شعبہ تاریخ کے صدر اسلم صاحب سے یہاں ملاقات ہوئی تھی بڑی محبت اور خلوص سے پیش آئے۔ بڑی مسرت ہوئی۔ ملاقات ہو تو سلام کہہ دیں۔ مرسلہ کاپیاں اگر لاہور ہی میں مکرم فاضل دیکھتے تو زیادہ بہتر تھا۔ تعطیلات میں بہت مصروف رہا ہوں۔ یہی وجہ ہے کہ آپ سے جو وعدہ کیا تھا وہ بھی پورا بیان کرنے سے قاصر رہا شرمندہ ہوں لیکن ان شاء اللہ کسی نہ کسی دن یہ پورا ضرور ہوگا۔

Marfat.com

۱۴/شعبان کو حضرت والد ماجد علیہ الرحمہ کا عرس تھا۔اس سلسلے میں مصروفیات زیادہ ہوگئیں۔انشاء اللہ عرس سے فارغ ہوکر کاپیوں کی تصحیح کر کے ارسال کروں گا۔

سیلاب کی وجہ سے لاہور آنے کا ارادہ کر رہا ہوں، محترم حکیم صاحب کو سلام کہہ دیں۔

احقر محمد مسعود احمد

☆☆☆

Marfat.com

گورنمنٹ کالج ٹنڈو محمد خاں

۷ /فروری ۱۹۷۴ء

۷۸۶

برادر مکرم زید عنایتکم

سلام مسنون۔ نوازش نامہ محررہ ۱۲ /فروری موصول ہوا۔ امید ہے کہ محترمی قبلہ حکیم صاحب مدظلہٗ العالی تشریف لے آئے ہوں گے۔ ہدیہ تبریک اور سلام مسنون پیش کر دیں۔

محمد امین بدخشیؒ کے متعلق احقر کو زیادہ معلومات نہیں۔ اگر کوئی حوالہ نظر سے گزرا تو ضرور تحریر کر دیا جائے گا۔

یہ معلوم ہو کر افسوس ہوا کہ مرسلہ شمارے آپ کو نہیں ملے۔ اب اپنے ذاتی فائل سے یہ دونوں قسطیں ارسال کر رہا ہوں۔ استفادے کے بعد واپس فرما دیں۔ علمی خدمات سے متعلق جو قسط ہے وہ ماہنامہ ضیائے حرم میں اشاعت کے لیے بھیجنے کا ارادہ ہے۔

زیادہ کیا عرض کروں اپنے حالات وکوائف سے مطلع فرماتے رہا کریں۔

پروفیسر محمد اسلم صاحب نے حضرت مجدد الف ثانیؒ پر جو مقالہ شائع کیا تھا اس کی ایک کاپی ارسال فرما دیں تو ممنون ہوں گا۔ ان سے آجکل مراسلت نہیں، غالباً وہ احقر کی نئی تالیف کو پڑھ کر چراغ پا ہو گئے ہوں گے۔ ان کے تاثرات کا علم نہ ہو سکا۔ والسلام اللہ تعالیٰ انہیں خوش رکھے۔

احقر محمد مسعود احمد

☆☆☆

Marfat.com

۲ / ۴۴۔این
پی۔ای۔سی۔ایچ سوسائٹی
کراچی نمبر ۲۹
۱۹ / جولائی ۱۹۷۱ء

۷۸۶

محترم المقام

سلام مسنون

مکتوب گرامی محررہ ۶ / جولائی موصول ہوا۔ احقر موسم گرما کی تعطیلات میں جون کے آخر میں یہاں آ گیا ہے۔ ۱۰ / اگست تک قیام رہے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ نوازش نامہ ٹنڈو محمد خان سے ہوتا ہوا یہاں پہنچا۔

احقر نے مقالہ حضرت مجدد الف ثانی کے سلسلے میں جو کتابیات مرتب کی ہے اس میں آپ کے موضوع سے متعلق کچھ کتابیں ہوں گی مگر یہ ٹنڈو خاں میں ہے۔ واپسی پر کچھ عرض کر سکوں گا۔

سر دست جو باتیں اس وقت ذہن میں آ رہی ہیں عرض کرتا ہوں۔

(۱) بعض تذکروں اور تاریخوں کے مقدمے میں بھی متقدمین اور معاصرین کی تالیفات کا ذکر ہوتا ہے۔ کتابیات کی تدوین میں ان کو پیش نظر رکھیں۔

(۲) جو تذکرے اور تاریخیں از سر نو مدون کی گئیں ہیں یا جن کے ترجمے کئے گئے۔ مثلاً تذکرۂ علمائے ہند (ترجمہ اردو) وغیرہ، ان پر جامع اور مرتب کی طرف سے بعض سیر حاصل مقدمے مل جاتے ہیں اس طرف بھی توجہ کریں۔

Marfat.com

(۳) مختلف اشخاص کے حالات کے ذیل میں بھی ان کی تصانیف کا ذکر کیا جاتا ہے۔ یہاں سے بھی مواد فراہم کیا جاتا ہے۔

(۴) محترم ڈاکٹر غلام مصطفی خاں صاحب نے حضرات مجددیہ کے بعض مجموعہ مکاتیب شائع کئے ہیں۔ شاید آپ کی نظر سے گزرے ہوں گے۔

(۵) پنجاب یونیورسٹی اور پنجاب پبلک لائبریری میں دنیا کے مختلف کتب خانوں کی فہرستیں مل جائیں گی۔ مثلاً انڈیا آفس لائبریری، لندن، برٹش میوزیم، لندن، خدا بخش لائبریری، پٹنہ، سنٹرل اسٹیٹ لائبریری، حیدر آباد، دکن، آزاد لائبریری، علی گڑھ، وغیرہ وغیرہ یہ مجموعے تو غالباً آپ نے مطالعے فرما لیے ہوں گے۔

(۶) محترم ڈاکٹر غلام مصطفی خاں صاحب سے ملاقات فرمائیں وہ اس سلسلے میں کافی معلومات فراہم کر سکیں گے اور پیر حسام راشدی سے ہمارا سلام فرمائیں۔

محترم حکیم صاحب اور مکرمی محمد اسلم صاحب کی خدمت میں سلام نیاز پیش کریں۔ والسلام

احقر محمد مسعود احمد

☆☆☆

Marfat.com

گورنمنٹ کالج ٹنڈو محمد خاں (سندھ)

۸/نومبر ۱۹۷۳ء

۷۸۶

برادرم زید مجدکم

سلام مسنون، امید ہے کہ مزاج گرامی بخیر ہوں گے، خودنوشت حالات کے لیے آپ سے وعدہ کیا تھا جس کو ابھی تک پورا نہ کر سکا، بیحد قلق ہے، مصروفیات نے مہلت نہ دی، اب اس طرف متوجہ ہوا ہوں، آپ نے صرف دس صفحات کے لیے کاغذ فراہم کیا تھا، لیکن میرا خیال ہے کہ اجمال کے باوجود تیس چالیس صفحات ہو جائیں گے، بہرکیف آپ کے مطلوبہ سائز پر خیبر بانڈ کاغذ پر حالات لکھ کر بھیج دوں گا اگر مزید اختصار مطلوب ہو تو پھر حاشیے پر مطلوبہ مواد و معلومات کے لیے نشانات لگا دیجئے گا، اسی کے مطابق دوبارہ، نقل کر کے بھیج دیئے جائیں گے۔

ان شاء اللہ اسی ہفتے یا پھر آئندہ ہفتے ارسال کر دوں گا، محترم حکیم صاحب کا نوازش نامہ آیا ہو تو مطلع فرمائیں ان کو احقر کا سلام لکھ دیں، برادرم ظہور صاحب کو سلام کہہ دیں، فقط والسلام

احقر محمد مسعود احمد

☆☆☆

Marfat.com

گورنمنٹ کالج

ٹنڈو محمد خاں (سندھ)

۱۷/ مارچ ۱۹۷۲ء

۷۸۶

برادرم زید مجدکم

سلام مسنون۔ تحفۂ جاں نواز موصول ہوا باعث فرحت وانبساط ہوا، اس کرم نوازی کے لیے تہہ دل سے ممنون ہوں۔ ظاہر و باطن دونوں ایک سے ایک بڑھ کر، جلد نظر نواز، سرورق دل نواز اور انتساب جاں نواز، مولوی شمس الدین مرحوم کی روح بھی خوش ہوگئی ہوگی۔

ضمیمہ ثانی نہایت اہم ہے آپ نے یہ کتاب لکھ کر اہل علم پر احسان فرمایا، اللہ تعالیٰ اس محنت کو قبول فرمائے اور وہ شوق وذوق عطا فرمائے جو کبھی سرد نہ پڑ سکے۔

ہر لحظہ نیا طور نئی برق تجلی
اللہ کرے مرحلہ شوق نہ ہو طے

اس شاندار پیشکش پر دلی مبارک باد پیش کرتا ہوں، قبول فرمائیں۔

مکتوب گرامی آج ہی ملا ہے، شکریہ

محترمی حکیم صاحب سلام کہہ دیں والسلام

احقر محمد مسعود احمد

☆☆☆

Marfat.com

گورنمنٹ کالج

ٹنڈو محمد خاں (سندھ)

۲۷/نومبر ۱۹۷۱ء

۷۸۶

برادر محترم

سلام مسنون۔ تعزیت نامہ محررہ ۲۵ رمضان المبارک موصول ہو گیا تھا۔ ہمدردی اور غمخواری کے لیے تہہ دل سے ممنون ہوں۔ دعا فرمائیں کہ مولیٰ تعالیٰ اپنی رضا پر راضی رکھے۔ آمین

محولہ بالا مکتوب گرامی سے پہلے دو مکاتیب گرامی ملے تھے۔ کوئی بات جواب طلب نہ تھی اس لیے عریضہ ارسال نہیں کیا گیا۔

آپ کی معلومات افزا تالیف ''احوال و آثار سید شرافت نوشاہی'' موصول ہوئی جزاکم اللہ۔ آپ نے بہت اچھا کیا کہ ایسے محقق اور صاحب تصنیف بزرگ کا زندگی میں تعارف کروا دیا۔ اس تالیف نے اشتیاق ملاقات کو دو چند کر دیا۔ مولی تعالیٰ شرف ملاقات سے شرف فرمائے۔ آمین۔

امید ہے کہ مزاج گرامی بخیر ہوں گے۔ احقر کو دعاؤں میں ضرور یاد رکھیں والسلام۔

احقر محمد مسعود احمد

☆☆☆

Marfat.com

گورنمنٹ کالج

ٹنڈو محمد خاں (سندھ)

۱۴ / مارچ ۱۹۷۲ء

۷۸۶

اخی المکرم دام مجدکم

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

نوازش نامہ محررہ ۷ /نومبر ۱۹۷۲ء موصول ہو۔ یہ معلوم ہوا کہ مسرت ہوئی کہ آپ م آثر المعاصرین مرتب فرمارہے ہیں۔ ایسے ماحول میں جہاں اسلاف سے بے خبر ہوتے جارہے ہیں آپ کی یہ باخبری قابل صد تحسین وآفریں ہے، مولی تعالیٰ مدد فرمائے۔ آمین۔

کیا خودنوشت حالات کا عکس شائع کرنے کا ارادہ ہے یا اس کی نقل شائع کریں گے؟ بعض حالات ایسے ہوتے ہیں جن کو بیان کرنا خودستائی سمجھا جاتا ہے ایسے حالات اگر مؤلف کے قلم سے لکھے جائیں تو زیادہ مناسب ہے بہرکیف جہاں تک تحدیث نعمت کا جذبہ ساتھ دے گا حالات عرض کیئے جائیں گے۔

صرف موٹی موٹی باتیں بیان کرنا ہیں جیسا کہ نوازش نامے سے انداز ہوتا ہے یا جزئیات کا ذکر بھی کردیا جائے؟ فہرست تصانیف میں مطبوعہ مضامین ومقالات کا ذکر کیا۔ اگر حالات لکھ کر ٹائپ کروائے جائیں تو کوئی حرج تو نہیں اس طرح ایک نقل میں بھی رکھ سکوں گا۔

آج کل مصروفیت زیادہ ہے استاد محترم قبلہ ڈاکٹر غلام مصطفی خاں مدظلہ العالی

Marfat.com

کے حالات لکھ رہا ہوں۔ مسودہ تیار ہو گیا ہے۔ فل اسکیپ سائز کے ۷۰ صفحات پر مشتمل ہے انشاء اللہ تبییض کا کام جلد شروع کر دوں گا۔ ایک رسالے میں اشاعت کا وعدہ کر لیا ہے لیکن اگر یہ مقالہ کسی علمی ادارے کی طرف سے شائع ہو تو زیادہ مناسب ہے۔ اس مقالے کی تبییض کی وجہ سے تاخیر کا امکان ہے غالباً آپ کو عجلت نہ ہو گی، اطمینان سے حالات کو پیش کر دیے جائیں گے۔

معاصرین میں علماء، ادباء، شعراء، اساتذہ وغیرہ سب کو شامل کیا ہے یا مخصوص حضرات کو؟ اس کے علاوہ یگانوں اور بیگانوں میں تمیز تو نہیں رکھی؟ جواب آنے پر چند حضرات کے اسماء گرامی اور پتے ارسال کروائے جائیں گے لیکن ان میں سے بعض کا اپنے حالات لکھ کر بھیجنا مشکل نظر آتا ہے تو پس ایسے معاصرین کو تذکرے میں نظر انداز کر دیا جائے گا؟

محترم حکیم صاحب، برادرم پروفیسر محمد اسلم صاحب اور برادرم محمد عارف رضوی صاحب کو سلام کہہ دیں، فقط والسلام

احقر محمد مسعود احمد

☆☆☆

Marfat.com

گورنمنٹ کالج

ٹنڈو محمد خاں (سندھ)

۱۲/جنوری ۱۹۷۳ء

۷۸۶

برادرم محترم

وعلیکم السلام نوازش نامہ محررہ ۳۰ / دسمبر ۱۹۷۲ء موصول ہوا، نہایت مصروف ہوں، مولانا محمد حسن جان علیہ الرحمۃ کے کتب خانہ ٹنڈو سائین داد کے باوجود کام نہیں ہوا۔

احقر محمد مسعود احمد

☆☆☆

Marfat.com

گورنمنٹ کالج

ٹنڈو محمد خاں (سندھ)

۲۵/اپریل ۱۹۷۳ء

۷۸۶

برادرم زید عنایتکم

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ ،نوازش نامہ باعث طمانیت ہوا۔ یہ معلوم ہوکر مسرت ہوئی کہ آپ ایم۔اے (تاریخ) کا امتحان دے رہے ہیں۔مولیٰ تعالیٰ شاندار کامیابی عطا فرمائے۔آمین!

ڈاکٹر غلام مصطفیٰ مدظلہ نے تبصرے کی ایک کاپی احقر کو عنایت فرمائی تھی، بہت تلاش کیا مگر وہ نہ ملی مندرجہ ذیل پتے پر خط لکھ کر منگوالیں۔

ڈاکٹر شرف الدین اصلاحی ادارہ تحقیقات اسلامی ، پوسٹ بکس نمبر ۱۰۳۰

اسلام آباد

خط میں احقر کا حوالہ دے دیں،مولانا احمد رضا خاں بریلوی علیہ الرحمہ پر احقر کا مقالہ انسائیکلو پیڈیا آف اسلام اردو کی جلد نمبر ۱۰ کراسہ نمبر ۵ میں شائع ہوگیا ہے، ایک کاپی مکرمی حکیم صاحب کی خدمت میں ارسال کی ہے دریافت کرلیں، اور سلام عرض کریں، دوسرے احباب کو بھی سلام کہہ دیں۔

آپ اپنے مقالے کا مبیضہ ارسال نہ فرمائیں، آپ کا مکتوب گرامی ارسال کردیا جائے گا تاکہ مولانا ہاشم جان مدظلہ کو آپ کی نیک نیتی کا حال معلوم ہوجائے گا اور آپ سے اور اس احقر سے جو بدگمانی ہے دور ہوجائے گی۔فقط والسلام

احقر محمد مسعود احمد

☆☆☆

Marfat.com

گورنمنٹ کالج

ٹنڈو محمد خاں (سندھ)

۹/مئی ۱۹۷۲ء

۷۸۶

برادر محترم زید عنایتہ

سلام مسنون۔ عنایت نامہ نظر نواز ہوا۔ خدانخواستہ دل آزاری کیوں ہوتی، محترم اسلم صاحب احقر کے دوست ہیں، اس تنقید کو کرشمہ محبت سمجھتا ہوں۔

جفا جو عشق میں ہوتی ہے وہ جفا ہی نہیں
ستم نہ ہو تو محبت میں کچھ مزا ہی نہیں

جو مصنف حق وصداقت کا متلاشی ہے اس کو سخت سے سخت تنقید کے لیے تیار رہنا چاہیے اور کشادہ پیشانی اور فراخ حوصلگی کے ساتھ ان تنقیدات سے استفادہ کرنا چاہیے، احقر کو تنقید سے مسرت ہوتی ہے، مدلل ومعقول ہو تو مسرت دوبالا ہو جاتی ہے۔ اپنے پچھلے خط میں جو رنج وغم کا اظہار کیا تھا وہ اس تنقید کی وجہ سے ہرگز نہ تھا بلکہ اس کی شدت سے جو بیگانگی محسوس ہوئی اس سے تکلیف پہنچی اور یہ محبت ویگانگ کا تقاضا تھا۔

محترم اسلم صاحب سے ملاقات ہو تو سلام کہہ دیں اور مناسب سمجھیں تو احقر کی جانب سے یہ شعر سنا دیں۔

نشود نصیب دشمن کہ شود ہلاک تیغت
سر دوستاں سلامت کہ تو خنجر آزمائی

نوٹ: اشتہار مل گیا، شکریہ

احقر محمد مسعود احمد

☆☆☆

Marfat.com

گورنمنٹ کالج ٹنڈو محمد خاں (سندھ)
۱۰ / مارچ ۱۹۷۴ء

۷۸۶

برادر محترم

سلام مسنون۔ نوازش نامہ موصول ہوا۔ عنایت پیہم کے ممنون ہوں۔ اس سے قبل ایک عریضہ ارسال کیا ہے ملا ہوگا۔ آپ نے احقر کی معذوری پر تعجب کا اظہار فرمایا، اگر احقر کی مجبوریوں کا علم ہوتا تو شاید آپ کو تعجب نہ ہوتا۔ اپنی مجبوریوں کا اظہار نہیں کرنا چاہتا لیکن آپ فرمائیں گے تو اظہار کر دیا جائے گا۔

شہر لاہور مرکز علم و فضل ہے، وہاں ایسے حضرات کی کمی نہ ہوگی جو حق پسند اور حق گو ہیں۔ یہ احقر کی لائن نہیں آپ حضرات کے حسن ظن نے کسی لائق بنا دیا ہے۔ اس میں شک نہیں کہ شیخ محمد اکرام کی تصانیف نے طلباء کے ذہن کو مسموم کر دیا ہے مگر اس کا صحیح علاج ایک ایسی تحقیقی تصنیف ہے جس نے شیخ مرحوم کی خیانت ظاہر ہو جائے۔ بحمد اللہ احقر نے اس سلسلے میں اپنی ہی کوشش کی ہے۔ قبلہ ڈاکٹر صاحب نے بھی شیخ مرحوم پر سخت تنقید کی ہے جو کتابچہ کی صورت میں عرصہ ہوا شائع ہو چکی۔ یہ کتابچہ منگا کر حاضرین میں تقسیم کر دیں۔

قبلہ ڈاکٹر صاحب نے ۱۷ / مارچ کو حیدر آباد یاد فرمایا ہے۔ ان کے پاس ہونا ہے ۲۳ کو کراچی میں ہوگا۔ اس لیے ۱۱- ~ نے سے وہ بھی معذور ہیں غالباً آپ کو جواب لکھ دیا ہوگا۔

آپ کے ذوق وشوق کی میرے دل میں بڑی قدر ہے مگر کیا کروں مجبور ہوں جس کا مجھے قلق ہے حضرت صاحب دام مدظلہ اور محترم حکیم صاحب زید عنایتہ کو سلام کہہ دیں۔

احقر محمد مسعود احمد

☆☆☆

Marfat.com

گورنمنٹ کالج
ٹنڈو محمد خاں (سندھ)
۲۴/نومبر ۱۹۷۱ء

۷۸۶

محترمی
وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

مکتوب گرامی موصول ہوکر کاشف احوال ہوا۔ جو معلومات آپ نے فراہم کی ہیں ان کے لیے شکر گزار ہوں۔ طبقات شاہجہانی میں حضرت مجدد علیہ الرحمہ سے متعلق اقتباس کی ضرورت تھی، اگر ممکن ہو تو کبھی نقل کر کے بھیج دیں۔

شواہد التجدید کا احقر کو علم نہیں، خواجہ محمد نقشبند ثانی کا سنہ وفات ڈاکٹر غلام مصطفیٰ صاحب کی تالیف سے نقل کیا ہے جو اس وقت ذہن میں نہیں، ممکن ہے کہ ۱۱۱۴ھ صحیح ہو۔

''فاضل بریلوی اور ترک موالات'' کی بیس کاپیاں احقر کو ملی ہیں۔ کتابت تو اچھی تھی، معلوم ہوتا ہے کہ سیاہی بہتر استعمال نہیں کی گئی یا چھاپتے وقت لاپرواہی سے کام لیا ہے آفسٹ کی کاپیاں لیتھو کی پلیٹوں پر شاید نہیں لگائی جاسکتیں۔ اس کے لیے تو کاغذ اور روشنائی بھی علیحدہ ہوتی ہے۔ بہرکیف مجھے بھی افسوس ہوا۔

امید ہے کہ مزاج گرامی بخیر ہوں گے۔ حکم صاحب اور برادرم اسلم صاحب کو احقر کی طرف سے سلام مسنون کہہ دیں۔ اپنی خیریت اور حالات وکوائف سے مطلع کرتے رہیں، فقط والسلام

احقر محمد مسعود احمد

☆☆☆

Marfat.com

گورنمنٹ کالج

ٹنڈو محمد خاں

(ضلع حیدر آباد سندھ)

۱۷/ دسمبر ۱۹۷۰ء

۷۸۶

صدیق محترم دام عنایتکم

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ .....نوازش نامہ موصول ہوا کہ باعث مسرت ہوا۔ کرم فرمائی کا ممنون ہوں۔ یہ آپ نے صحیح فرمایا کہ جس نے معاندانہ جذبے کے تحت اعتراضات کئے ہوں شاہ غلام علی کا ارشاد اس پر صادق نہیں آتا مگر پھر بھی یہ بات اپنی جگہ مسلّم ہے کہ فقیہانہ اور عارفانہ زاویہ نگاہ میں بڑا فرق ہے۔ دونوں میں امتزاج وہی پیدا کرسکتا ہے جو بیک وقت عارف وفقیہ تھے اس احقر نے عبداللہ خویشگی کی تصنیفات کا بالاستیعاب مطالعہ نہیں کیا، آپ کی تحقیقات سے استفادہ کیا جائے گا۔

مولانا عبدالحکیم سیال کوٹی کے متعلق بھی علماء نے کہا تھا کہ انہوں نے معترضین کے رد میں ایک مختصر رسالہ تصنیف فرمایا تھا۔ البتہ یہ بات اس لیے قابل یقین ہے کہ حضرت شیخ عبدالحق علیہ الرحمہ نے اسی زمانے میں اختلاف فرمایا تھا۔ البتہ یہ بات کہ آپ نے محمد البرزنجی کا جواب لکھا سراسر غلط ہے۔ غالباً احقر نے یہ بات نہیں لکھی۔

عہد شاہجہانی کے جن محدثین کی طرف احقر نے ارشارہ کیا تھا ان سے وہ مورخین مراد تھے۔ جنہوں نے شاہی نگرانی یا سلطنت کے زیر اثر کتب تاریخ مدون کیں۔ مجمع الاولیاء کا عکس راقم کے پاس محفوظ ہے بیشک اس میں مجدد الالف الثانی لکھا

Marfat.com

ہے۔طبقات شاہجہانی میں حضرت مجدد اور آپ کے صاحب زادگان کا ذکر ہوتو اقتباس نقل کر کے ارسال فرمادیں۔ یہ میری معلومات میں اضافہ ہوگا، جزاکم اللہ۔ نیز کلمات صادقین کا اقتباس نقل کر کے ارسال فرمادیں۔ یہ میری معلومات میں اضافہ ہوگا، جزاکم اللہ، نیز کلمات صادقین کا اقتباس اگر مختصر ہوتو نقل کروا کر ارسال فرمادیں۔

محمد البرزنجی کے فتاویٰ کفر اور اس کے جوابات پر مشتمل ایک قلمی مجموعہ احقر کے پاس ہے جو نہایت خستہ حالت میں ہے یہ نسخہ ۴ /شوال ۱۱۹۴ھ کو شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کے حکم سے حضور اللہ نے نقل کیا تھا۔

ابتداء اُن سوالات سے ہوئی جو حضرت مجدد کے متعلق ہندوستان سے حجاز بھیجے گئے کل ۳۳ سوالات ہیں، محمد البرزنجی نے ان کے جوابات اور ۱۷ کفر کے فتوے صادر فرمائے۔ آخر میں خود لکھتے ہیں:

وقد بینا ادلة ذلک کله مفصلة فی رسالتنا قدح الزند وقدح الرند فی رد جهالات سرهند ودفع التعویل علی نفع التاویل وغیرهما من رسالتنا۔

پھر آگے چل کر لکھتے ہیں:

والحمدالله قاله بفمه وکتبه بقلمه فقیر رحمة ربه وراجی ثوابه العظیم محمد بن عبدالرسول الحسینی الشهاوذی الباز نجی المدنی الشافعی الخ

محمد البرزنجی کے جوابات پر ان علماء نے تصدیقات لکھی ہیں:

(۱) محمد عبداللہ القورسی المغربی المالکی

(۲) شیخ قاسم رضوی الرومی الحنفی

Marfat.com

(۳) شیخ محمد ربی السروری البہوی الحنبلی

پھر اس فتوے کا مختصر رد شیخ محمد بیگ نے تحریر فرمایا ہے جس کے لیے جامع نے یہ عنوان قائم کیا ہے۔

هذا الجواب رد اجمالاً لكلام السيد محمد البرزنجی من الشيخ محمد بيک

اس مختصر رد کے بعد جامع نے شیخ محمد بیگ کا وہ رسالہ نقل کیا ہے جس کا احقر نے ذکر کیا تھا۔ یعنی ''عطبۃ الوہاب الفاصلۃ بین الخطاء والصواب'' اس پر دس علماء حجاز کی شاندار تصدیقات ہیں جو آپ کے علم میں ہوں گی۔

حضرت مجدد علیہ الرحمہ پر ''دعویٰ نبوت'' کا الزام سراسر اتہام ہے۔ جس طرح مکتوبات شریف کی غلط تعبیرات سے لوگوں نے یہ مطلب نکالا کہ آپ نے ''دعوی تجدید دین'' فرمایا تھا (چنانچہ صاحب قاموس المشاہیر نے لکھا ہے کہ آپ نے مجدد ہونے کا دعویٰ فرمایا) دعویٰ نبوت، کا الزام بھی مکتوبات شریف کے سطحی مطالعہ کا نتیجہ ہے بلکہ محمد البرزنجی کے سامنے تو مکتوبات کے محرب اقتباسات تھے۔ سیاق وسباق سے بے خبر۔ ایسی حالت میں جو کچھ لکھتا کون ٹوک سکتا تھا۔ مکتوبات شریف کی تینوں جلدات کا عربی ترجمہ بہت بعد میں ہوا ہے، ممکن ہے اس ترجمے کا ایک مقصد غلط فہمیوں کا ازالہ بھی ہو۔ معترضین کے اعتراضات پر بحث کرتے ہوئے۔ یہ حقیقت بھی سامنے کرنے میں رہے تو مناسب ہے کہ بعد مکاں، بعد زماں اور بعد فکر وخیال کو صحیح رائے قائم نہ کرتے ہو بڑا دخل ہے۔

کاسر المخالفین کے مصنف کا احقر کو علم نہیں، رسالہ رد شبہات کا ذکر حضرت

Marfat.com

مولانا محمد ہاشم جان سرہندی نے کیا، یہ رسالہ ان کے پاس ہے۔

مکتوب گرامی کل موصول ہوا، فرصت میسر تھی اس لیے جواب پیش کر رہا ہوں۔ محترم حکیم صاحب کی خدمت میں سلام عرض کر دیں۔ آپ حضرات سے ملاقات کا اشتیاق پیدا ہو گیا ہے۔ مولی تعالیٰ آپ کی علمی تحقیقات سے سب کو مستفیض فرمائے۔ آمین۔ والسلام

احقر محمد مسعود احمد

☆☆☆

Marfat.com

حضرت شاہ محمد غوث گوالیاریؒ از محترم پروفیسر محمد مسعود احمد صاحب طبع اوّل ص ۷۲ ''غالبا'' بیل کام آخذ نظامی بدایونی کی قاموس المشاہیر ہے۔ نظامی نے جو کچھ لکھ ہے بیل نے ہو بہو نقل کر دیا ہے''۔ ص ۷۲

ص ۱۰۳ جواہر خمسہ قلمی نسخہ پشاور کے متعلق لکھا ہے۔

''ابو المعارف عنایت اللہ نے خط نستعلیق میں اس پر جا بجا حواشی بھی لکھے ہیں۔''

یہ محشی بزرگ معروف صوفی بابا بلھے شاہ قصوریؒ کے مرشد اور سلسلہ شطاریہ کے پنجاب میں اصل مروج تھے حال عام متعارف کتابوں خزینۃ الاصفیاء نزھت الخواطر وغیرھما میں مل جاتے ہیں۔

ص ۱۱۳ ''شاہ ولی اللہؒ نے جواہر خمسہ کے اعمال کی اجازت اپنے استاذ محترم شیخ ابو طاہر سے حاصل کی تھی بحوالہ رودِ کوثر''

آپ نے اس باب میں شیخ اکرام کی رود کوثر کا سہارا لیا ہے۔ شیخ اکرام نے لکھا ہے۔

''آپ (شاہ ولی اللہؒ) کی اپنی تصانیف سے پتہ چلتا ہے۔ کہ آپ اس سلسلہ (شطاریہ) کے بعض اشغال اپنے محترم استاد شیخ ابو طاہر مدنی اور شیخ محمد سعید لاہوریؒ سے سیکھے تھے۔''

اول تو شیخ اکرام نے شاہ صاحب کی کسی تصنیف کا حوالہ نہیں دیا ہاں انتباہ فی سلول اولیاء اللہ میں شاہ صاحب نے اپنے ورود لاہور اور شیخ المعمر حاجی محمد سعید لاہوریؒ سے جواہر خمسہ کی اجازت کی سند نقل کی ہے۔

Marfat.com

معراج نامہ شاہ محمد غوث گوالیاریؒ کے کسی خطی نسخے کی آپ نے اطلاع نہیں دی ہے۔ اور نہ ہی بحر الحیات کے نسخوں کے بارے میں وضاحت فرمائی ہے۔ معراج نامہ سے متعلق تو سر دست احقر کو معلوم نہیں البتہ بحر الحیات کے تین قدیم خطی نسخے پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں موجود ہیں۔ اور بحر الحیات آج سے قریباً اسی سال قبل دہلی سے شائع ہو چکی ہے۔ پیر محمد شاہ کی لائبریری احمد آباد میں بھی بحر الحیات کے خطی نسخ موجود ہیں یہیں اس کا مذکورہ مطبوعہ نسخہ بھی موجود ہے۔

کلید مخازن۔ کے بھی کسی خطی نسخ کا ذکر نہیں کیا گیا۔

احقر نے پنجاب پبلک لائبریری میں اس کا ایک عمدہ قلمی نسخہ عرصہ ہوا دیکھا تھا اس کا سال تصنیف ۱۸ / رمضان ۹۴۲ھ ہے ۹۳۲ھ میں پہلے پہل اس کی تصنیف کا خیال شیخ محمد غوثؒ کو ہوا۔ یاد آ رہا ہے کہ یہ خطی نسخہ محشی بھی تھا اور غالباً محمد غوثی نے اس شیخ بدر الدین سمرقندی جیلانی کے حواشی کا جو ذکر کیا ہے۔ وہ انہیں سمرقندی بزرگوں کے ہوں۔

شاہ وجیہ الدین گجراتی کے ملفوظات کا قلمی نسخہ رائل ایشیاٹک سوسائٹی کلکتہ میں محفوظ ہے۔ نمبر ۱۳۴۳

ابتداء اس طرح سے ہے:

این چند کلمہ از ملفوظات بحر الحقائق ومعدن جواہر اسرار الخ

ملفوظات مذکورہ کے ابتدائی جملہ کی نقل کا مقصد یہ ہے کہ آیا آنجناب نے اسلامیہ کالج پشاور کے جس قلمی نسخے کا ذکر فرمایا ہے یہ نسخہ وہی ہے یا اس سے مختلف ہے اگر نسخہ پشاور کا ابتدائی ورق کی نقل آپ کے پاس ہو تو مقابلہ کی زحمت فرمائیں؟ ان

Marfat.com

ملفوظات کا جامع کون ہے؟

خواجہ محمد سعید لاہوری نقشبندیؒ مذکور نے اپنا سلسلہ شطاریہ اس طرح تحریر فرمایا ہے۔ محمد سعید لاہوری مرید شیخ محمد اشرف شطاری لاہور کی آپ مرید بایزید ثانی اور آپ مرید فرید ثانی اور آپ مرید شاہ وجیہ الدین گجراتی''

اس شجرہ طریقت میں سے شیخ بایزید ثانی اور شیخ فرید ثانی رحمہما اللہ کے حالات احقر کو کہیں نہیں مل سکے اگر آنجناب مدد فرمائیں تو بہت خوب ہے۔

آپ نے تکمیل الایمان سے شاہ محمد غوث کے خلفاء کی جو فہرست نقل کی ہے ص ۱۲۸ اس میں ایک شیخ ابوالحسن لاہوری کا نام بھی ہے، حضرت مجدد الف ثانیؒ پر تکفیر کے جو فتوے میری نظر سے گذرے ہیں ان میں ایک مفتی کا نام ابوالحسن لاہوری بھی ہے۔ کیا ان دونوں کے ایک ہی یا مختلف ہونے کے باب میں آپ کچھ مدد فرمائیں گے۔

آپ کی کتاب شاہ محمد غوث گوالیاری کے باب خلفاء میں بعض اہم حضرات کا تذکرہ شامل نہیں ہو سکا مثلاً شاہ عبدالحمید عرف قادر ولی متوفی ۹۷۸ھ کا کہیں ذکر نہیں ہے۔ اس کے حالات پر ایک مستقل منظوم کتاب ہدیہ مرغوب مطبع شگوفہ اودھ لکھنو ۱۲۹۰ھ شائع ہو چکی ہے۔

پروفیسر خلیق احمد نظامی صاحب کا ایک مقالہ بعنوان

The Shattari Saints and their Attitude towards the State, Medieval India, Aligarh, oct. 1950.

میں شائع ہوا تھا جو بعض امور پر عمدہ طریقہ سے روشنی ڈالتا ہے۔ آپ یہ مذکورہ

Marfat.com

مقالہ ضرور ملاحظہ فرمائیں۔

یہ تمام معروضات ایک خط کی صورت میں پروفیسر محمد مسعود احمد مدظلہ العالی کی خدمت میں آج ۲۸/۱/۷۱ ارسال کردی گئیں۔

محمد اقبال مجددی

۲۸/جنوری ۱۹۷۱ء

☆☆☆

Marfat.com

گورنمنٹ کالج

ٹنڈو محمد خاں

(ضلع حیدرآباد سندھ)

۸/دسمبر ۱۹۷۰ء

۷۸۶

محترم المقام دام زید عنایتکم

وعلیکم اسلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

نوازش نامہ موصول ہوکر باعث فرحت وانبساط ہوا، یہ معلوم ہوکر مزید خوشی ہوئی کہ آپ حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ کے مخالفین پر کام کررہے ہیں، یہ احقر بھی حضرت مجدد علیہ الرحمہ پر تقریباً آٹھ سال سے مواد فراہم کررہا ہے، دوسرے علمی کاموں کی وجہ سے اس طرف ہمہ تن متوجہ نہ ہوسکا، بہرکیف آپ سے بھی مدد حاصل لی جائے گی۔

عبداللہ خویشگی قصوری کے سلسلے میں مندرجہ ذیل کتابوں کو ملاحظہ فرمالیں شاید کوئی نئی بات مل جائے، حدائق الحنفیہ (فقیر محمد جہلمی)، ابجد العلوم (نواب صدیق حسن خاں)، نزھۃ الخواطر (عبدالحی لکھنوی) ھدیۃ العارفین واسماء المولفین وآثار المصنفین (اسماعیل بغدادی)، عربی ادب میں ہندوستان کا حصہ (ڈاکٹر زبیر احمد)، تذکرۂ علمائے ہند (رحمان علی) وغیرہ۔

حضرت شاہ غلام علی علیہ الرحمۃ نے جو بات شیخ عبدالحق دہلوی کے اعتراضات کے متعلق کہی ہے وہی عبداللہ خویشگی کے متعلق کہی جاسکتی ہے، انہوں نے

Marfat.com

تحریر فرمایا ہے۔

حضرت شیخ عبدالحق رحمۃ اللہ علیہ کہ بتحریر اعتراضات زبان بیصرفہ گویاں درطعن دلیر ساختہ، سخن بطور علماء ظاہر فرمودہ اند، کلام حضرت مجدد بطور علماء باطن است آں از عالمے دیگر وایں از مقامے دیگر، اعتراض کجا است؟

غالباً مکتوبات شریف پر اسی قسم کے اعتراضات کے اندیشے کے تحت ۱۰۰۹ھ ام میں حضرت مجدد علیہ الرحمۃ کو رخصت کرتے ہوئے خواجہ باقی باللہ علیہ الرحمۃ نے فرمایا تھا:

اگر سخن گوئید بطور علماء گوئید نہ بطور صوفیہ واگر احیانا بطور صوفیہ گفتہ شود بہ اغلاقے بگوئید کہ جز مخاطب دیگرے نہ فہمد وازاں جا چیزے فرانہ گیرد کہ موجب ذلت اونہ گردد۔

عبداللہ خویشگی کے آخری دور میں ۱۰۹۳ء میں حضرت مجدد علیہ الرحمۃ سے متعلق علماء حجاز کے سامنے ایک فتوے پیش کیا گیا، محمد البرزنجی نے خوب دل کھول کر کفر کے فتوے لگائے مگر شیخ محمد بیگ مکی نے ایک رسالہ لکھ کر مسکت جواب دیا، رسالے کا نام تھا ''عطیۃ الوھاب الفاصلۃ بین الخطاء والصواب'' یہ باتیں ضرور آپ کے علم میں ہوں گی، احقر نے احتیاطاً لکھ دیا ہے۔

مجھے اس کا صحیح اندازہ نہیں کہ اورنگ آباد حضرت مجدد علیہ الرحمۃ کے مخالفین کا مرکز تھا اگر دیکھا جائے تو مخالفین وموافقین ہر بڑے شہر میں موجود تھے مثلاً دہلی آگرہ، احمد آباد، لاہور وغیرہ یہ مخالفت مخلصانہ بھی تھی اور معاندانہ بھی مخالفت کی گئی تھی۔

تبادلے کی وجہ سے تمام کتابیں بند پڑی ہیں، ورنہ اس مسئلے پر تفصیل سے

Marfat.com

عرض کرتا، کتابیں کھولنے پر ان شاء اللہ مزید کچھ عرض کرسکوں گا، احقر حال ہی میں کوئٹہ سے یہاں آیا ہے۔

چونکہ آپ مخالفین پر کام کررہے ہیں اس لیے بعض چیزیں جو میرے علم میں ہیں عرض کردوں ممکن ہے کوئی کام کی چیز نکل آئے اور یہ بھی ممکن ہے کہ آپ مطالعہ فرما چکے ہوں۔

حضرت شاہ غلام علی علیہ الرحمۃ نے فرمایا ہے کہ حضرت مجدد علیہ الرحمۃ کے صاحب زادے خواجہ محمد یحییٰ، آپ کے پوتے خواجہ فرخ، اور عبدالاحد علیہم الرحمۃ نے بھی مخالفین کے رد میں تحریر فرمایا تھا، سندھ کے مشہور عالم مخدوم معین تتوی نے بھی شیخ عبدالحق دہلوی کے اعتراضات کے جواب میں ایک ضخیم کتاب تصنیف فرمائی ہے جو قلمی صورت میں مولانا محمد ہاشم جان مدظلہ کے پاس موجود ہے، پیر نظام الدین شکارپوری نے بھی ایک رسالہ بعنوان ردشبہات تحریر کیا تھا، مخالفین میں جو یہ لکھنے والوں میں ڈاکٹر اطہر عباس رضوی ہیں جنہوں نے اپنی انگریزی کتاب میں بہت کچھ لکھا ہے جس کا مسکت جواب مختصراً معارف میں شائع ہوگیا ہے، امریکہ سے بھی ایک صاحب کا مقالہ شائع ہوا تھا جس میں حضرت مجدد کو شیعہ سنی رقابت کا ذمہ دار ٹھہرایا ہے۔

حضرت مولانا عبدالحکیم سیال کوٹی نے رد مخالفین میں ایک رسالہ لکھا تھا احقر کو جس کی تلاش تھی، اب تک نہ مل سکا اس کے علاوہ حضرت مجددؒ کی ایک تصنیف اثباۃ الواجب کی تلاش ہے اس کا ذکر اسماعیل پاشاہ بغدادی نے کیا ہے یہ بھی نہ مل سکی۔ آپ کے علم میں ہو تو ضرور مطلع فرمائیں، ایک بات اور دریافت کرنی ہے عہد شاہجہانی کے مورخوں نے صوفیہ وعلماء کی فہرست میں نہ حضرت مجدد کا ذکر کیا ہے نہ آپ کے صاحب

Marfat.com

زادگان اور خلفاء کا، بلکہ اگر کسی ایسے شخص کا ذکر کیا ہے جس کا تعلق حضرت مجدد سے رہا ہے تو اس تعلق کو ظاہر نہیں کیا گیا، مورخین کی اس خاموشی کی بظاہر کوئی وجہ نظر نہیں آتی شاہجہاں کو حضرت مجدد علیہ الرحمۃ کا عقیدت مند بتایا جاتا ہے، یہ بات شہزادگی کے زمانے تک تو ٹھیک ہے لیکن دور شاہی میں یہ عقیدت نظر نہیں آتی گو اس وقت حضرت مجدد وصال فرما چکے تھے مگر آپ کے صاحبزادوں وخلفاء سے تعلق خاطر اس عقیدت کی توثیق کر سکتا تھا، اس کے برخلاف شیخ آدم بنوری کے ساتھ جو کچھ ہوا وہ آپ کے علم میں ہوگا۔

آج ذرا فرصت تھی تو یہ طویل عریضہ پیش کر رہا ہوں ورنہ عدیم الفرصتی کی وجہ سے تاخیر کا اندیشہ تھا، امید ہے کہ علمی راستے جاری رکھیں گے، مجھے خود آپ سے ملاقات اور آپ سے مکاتبت کا اشتیاق تھا، خدا نے یہ صورت پیدا کر دی، فالحمد للہ علی ذالک، احباب کو سلام کہہ دیں، فقط والسلام

احقر مسود احمد

☆☆☆

Marfat.com

۲/۴۴۔این
پی۔ای۔سی۔ایچ۔سوسائٹی
کراچی نمبر ۲۹
۳/اگست ۱۹۷۱ء

۷۸۶

محترم المقام
وعلیکم اسلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

نوازش نامہ محررہ ۳۱/جولائی موصول ہوا۔عنایت وکرم ممنون ہوں، محترم حکیم صاحب کواس احقر سے حسن ظن ہے اس لیے آپ کو یہ مشورہ دیا ہے ورنہ احقر اس لائق نہیں کہ آپ کے فاضلانہ مقالے کو بنظر تنقید مطالعہ کرے، البتہ استفادے کے خیال سے یہ جی چاہتا ہے کہ ایک نظر دیکھ لوں، تقریظ لکھنے کی بھی اہلیت نہیں لیکن اگر آپ کی خواہش ہوتو ان شاء اللہ تحریر کردی جائے گی اگر اپنے کچھ حالات اور علمی خدمات کے تعارف کے طور پر کچھ تحریر فرمادیں تو احقر ممنون ہوگا۔

کراچی میں ۱۵/اگست تک قیام ہے، آج کل کچھ مصروفیت زیادہ ہے، اس لیے مناسب یہ ہے کہ جب احقر ٹنڈو محمد خاں پہنچ جائے تو اس وقت مبیضہ ارسال فرمائیں، لیکن اس طرح تعویق کا اندیشہ ہے، عجلت ہوتو پھر طباعت کرالیں، ورنہ احقر ہر خدمت کے لیے حاضر ہے۔

ان شاء اللہ ٹنڈو محمد خاں پہنچ کر آپ کے مقالے سے متعلق بعض کتابوں کے نام تحریر کروں گا ممکن ہے کہ یہ آپ کی فہرست میں پہلے سے موجود ہوں۔

محترم حکیم صاحب اور مکرمی پروفیسر محمد اسلم صاحب کو سلام کہہ دیں، دوسرا مکتوب برادرم محمد عارف رضوی صاحب کو عنایت فرمادیں، فقط والسلام

احقر محمد مسعود احمد

☆☆☆

Marfat.com

گورنمنٹ کالج ٹنڈو محمد خاں (سندھ)

۹/مئی ۱۹۷۳ء

۷۸۶

برادر محترم

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

نوازش نامہ موصول ہوا، کرم فرمائی کا ممنون ہوں، رسالہ آستانہ پاک بھی مل گیا، آپ نے اپنے نوٹ میں جس طرف اشارہ فرمایا ہے احقر نے اپنی کتاب میں اس کا ازالہ کر دیا ہے۔

عدیم الفرصتی کی وجہ سے حالات نہ لکھ سکا، موسم گرما کی تعطیلات میں کچھ فرصت میسر آئے گی تو ان شاء اللہ تحریر کر کے ارسال کر دوں گا، مطمین تہیں۔

یہ معلوم ہو کر اطمینان ہوا کہ کتاب ''فاضل بریلوی علماء حجاز کو نظر میں'' کا تب کے حوالے کر دی گئی ہے میں خیال کر رہا تھا کہ شاید کتابت ہو چکی ہو گی کیوں کہ ایک سال کا طویل عرصہ ہو چکا ہے خیر اس تاخیر میں خدا کی کوئی مصلت پوشیدہ ہو گی۔

عرصہ دراز سے جناب عارف رضوی صاحب کا خط نہیں ان کے متعلق تفصیلات سے ضرور مطلع کریں جواب دینے میں بہت مستعد تھے، اللہ ان کو جزائے خیر دے۔

محترم حکیم صاحب کی خدمت میں سلام عرض کر دیں، فاضل بریلوی اور ترک موالات، کے چند نسخوں کی ضرورت ہے اگر باقی بچے ہوں تو ارسال فرما دیں۔ ممنون ہوں گا۔

Marfat.com

زیادہ کیا عرض کروں احباب کو سلام کہہ دیں ہاں یاد آیا جناب اسلم صاحب نے لکھا تھا کہ انہوں نے وحید مسعود کی کتاب سید احمد کی اصلی تصویر، کا جواب لکھا ہے جو چھپ رہا ہے وہاں ان کو سلام کہہ دیں، یہ جواب شائع ہو گیا ہو تو ایک نسخہ ارسال فرما دیں، فقط والسلام

احقر محمد مسعود

☆☆☆

Marfat.com

روداد

Marfat.com

Marfat.com

روداد

محمد ناظم بشیر نقشبندی مجددی

حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے مخاطب غیر مسلم نہیں تھے، مسلمان تھے آپ نے خود بھی لکھا کہ میں بغاوت نہیں کر رہا ہوں کیونکہ مسلمان حکومت ہے، حکومت کے مسلمان ہونے کا اعتراف بھی کر رہے تھے، جب جہانگیر کے خلاف مہابت خان نے بغاوت کر دی اور وہ کامیاب ہونے والا تھا تو شدت سے اسے منع کر دیا کہ اس کی اصلاح کی ضرورت ہے بغاوت کی ضرورت نہیں۔

ان خیالات کا اظہار ممتاز مذہبی سکالر پروفیسر ڈاکٹر محمد اسحاق قریشی نے امام ربانی مجدد الف ثانی بین الاقوامی کانفرنس منعقدہ ۲۶ رنومبر ۲۰۱۶ء بمقام ایوان اقبال لاہور میں صدارتی خطبہ ارشاد فرماتے ہوئے کیا۔

امام ربانی مجدد الف ثانی بین الاقوامی کانفرنس کا آغاز زینت القراء حافظ قاری محمد رفیق نقشبندی نے کلام الٰہی کی آیات بینات کی خوبصورت تلاوت سے کیا، اس کے بعد علامہ قاری نصیر شرقپوری نے بارگاہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں (فاضل البریلوی الشاہ امام احمد رضا خان ؒ کے کلام سے منتخب) نعت شریف پیش کرنے کا شرف حاصل کیا۔

تلاوت کلام مجید کے بعد مجدد الف ثانی سوسائٹی لاہور کے صدر، روزنامہ جرأت/تجارت اور دی بزنس کے چیف ایڈیٹر جناب جمیل اطہر سرہندی نے افتتاحی کلمات پیش کیے۔ آپ نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حضرت امام ربانی مجدد

Marfat.com

الف ثانیؒ نے برصغیر میں دوقومی نظریے کی بنیاد رکھی اور یہ واضح کر دیا کہ ہندو اور مسلم میں کوئی قدر مشترک نہیں ہے۔ اسی فکر و فلسفہ سے شاعر مشرق متاثر ہوئے اور اس خطے کے لوگوں کو تعلیمات حضرت مجدد الف ثانیؒ کی روشنی میں بیدار کرتے ہوئے فلسفہ خودی پیش کیا۔ افتتاحی کلمات کے بعد شعبہ اردو گورنمنٹ اسلامیہ کالج سول لائنز سے وابستہ ڈاکٹر محمد نوید ازہر نے ''حضرت مجددؒ کا فکری احیاء'' کے حوالے سے اپنا مقالہ پیش کرتے ہوئے کہا کہ حضرت مجددؒ نے عوام اور علماء کو خود پسندی ترک کر کے خدا پسندی اختیار کرنے کی تعلیم دی اور دلوں کی کائنات کو آباد کر دیا۔ قُلِ اللّٰہ ثُمَّ ذَرْھم کی نصیحت کی طرف لوگوں کو متوجہ کیا اور انہیں ذکر الٰہی کی لذت وحلاوت سے آشنا کیا، جب لوگوں کی فکر ونظر میں انقلاب برپا ہو گیا، تو انہیں نیت کی درستی اور اخلاص فی العمل کی نعمت میسر آ گئی۔ ڈاکٹر نوید ازہر کی گفتگو کے بعد ملک کے ممتاز سکالر اور Lums Uiniversity میں گورمانی مرکز زبان وادب کے ڈائریکٹر جناب ڈاکٹر معین نظامی نے ''حضرت مجدد الف ثانی کی ایک جماعت (جرگہ ممدانِ دولت اسلام) کی تشکیل اور اس کی خدمات کے نتائج واثرات'' کے موضوع پر گفتگو کرتے ہوئے فاضل مقالہ نگار نے کہا حضرت مجدد الف ثانی کی جماعت جرگہ ممدان دولت اسلام یعنی اسلام کی حکومت کے لیے معاونوں کا ایک گروہ آپؒ کی بہت کامیاب تحریک ثابت ہوئی۔ محترم نظامی صاحب نے کہا کہ کسی بھی تحریک کی کامیابی کے کچھ تو دنیوی پیمانے ہوتے ہیں اور کچھ فکری اور کچھ علمی اور کچھ روحانی۔ حضرت مجدد الف ثانیؒ کی تحریک میں یہ تمام پہلو باتمام وکمال دکھائی دیتے ہیں۔ سب سے بڑھ کر وہ اخلاص اور وہ سوز وگداز جو کسی بھی

Marfat.com

تحریک کو کامیابی سے ہم کنار کرتا ہے جتنا حضرت کے سینہ اقدس میں ودیعت کیا گیا تھا شاید کسی کو کیا گیا ہو۔ یہ سوز و گداز محبت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وجہ سے کسی مصلح اور کسی مجدد کو عطا ہوتی ہے اور وہ حضرت مجدد الف ثانیؒ کو عطا ہوا تھا، یہی وجہ ہے آج بھی پورے عالم اسلام میں ان کا چراغ جل رہا ہے۔

گورنمنٹ ڈگری کالج فار بوائیز (مریدکے) کے پرنسپل ڈاکٹر محمد اکرم ورک نے اپنے مقالہ بعنوان ''درگاہ حضرت باقی باللہؒ کا نظام تعلیم و تربیب'' کی تلخیص پیش کرتے ہوئے کہا کہ حضرت باقی باللہؒ کے مقام و مرتبہ کو جاننے کے لیے آپؒ کے مریدین اور بعد میں آنے والے وابستگان کی سیرت و کردار سے پتہ چلتا ہے اور یہ کہ انہوں نے کیسے لوگ تیار کیے کہ جنہوں نے برصغیر کی تاریخ کو تبدیل کر کے رکھ دیا۔

حضرت باقی باللہؒ کی تعلیم و تربیت کے حوالے سے چند باتیں غور طلب ہیں ان میں یہ کہ آپ نے کوئی محاز آرائی قائم نہیں کی حالانکہ مغلوں دور عروج ہے، شریعت کی اہمیت کو تسلیم نہیں کیا جا رہا تھا، تصوف کے نام پر صوفیائے خام گمراہیاں پھیلا رہے تھے، ان حالات میں حضرت باقی باللہؒ نے کوئی مسلح جدو جہد کی کوشش نہیں فرمائی بلکہ انہوں نے معاشرے کی اصلاح کا بیڑا اٹھایا۔ عدم تشدد کی تحریک کی جب بات کی جاتی ہے تو اس کے اوّلین بانی شاید حضرت خواجہ باقی باللہؒ ہیں، انہوں نے افراد تیار کیے۔

حضرت خواجہ باقی باللہؒ نے اقتدار کو ہدف بنانے کی بجائے اہل اقتدار کو حدف بنایا اور ان کی اصلاح کے حوالے سے ارباب اقتدار تک پیغام کو پہنچانے کا منظم اور موثر طریقہ اختیار کیا اور اسی حکمت عملی کے نتیجے میں بالآخر احیائے اسلام ہوا۔

Marfat.com

حضرت مجدد الف ثانیؒ کا جن امراء و وزراء کا خطوط کے ذریعے رابطہ ہوا ان ہی امراء و وزراء سے ابتداء احضرت باقی باللہؒ کا رابطہ تھا اور ان کے نام آپ کے خطوط بھی ملتے ہیں۔ ان کے بعد شعبہ عربی و اسلامیات، گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد سے وابستہ ڈاکٹر افتخار احمد نے ''ارمغان امام ربانی جلد ششم اور جلد ہفتم'' کا تعارف پیش کرتے ہوئے ان میں شائع ہونے والے وقیع مقالات اور دیگر تحقیقات پر بہترین انداز میں فاضلانہ تجزیہ پیش کیا۔ ان کی گفتگو کے فوراً بعد حافظ محمد شاہد نے انتہائی خوبصورت آواز میں بدیہ نعت پیش کی، نعت شریف کے بعد عظیم روحانی و علمی شخصیت حضرت سید صفدر علی (برمنگم یوکے) نے اپنے خیالات عالیہ کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اگرچہ ابوجہل مرگیا ہے، یزید بھی مر چکا ہے، اکبر بادشاہ بھی دفن ہو چکا ہے لیکن اس کے مشن اور نظریات کو پھیلانے والے لوگ آج بھی ہمارے درمیان موجود ہیں ان حالات میں ایسی تقاریب کا انعقاد انتہائی ضروری ہے تا کہ ان باطل قوتوں کا مقابلہ کیا جا سکے۔ قبلہ نے اپنی گفتگو کے اختتام پر پُرسوز دعا بھی فرمائی۔ ان کے بعد مجدد الف ثانی سوسائٹی لاہور کے نائب صدر اور جی سی یونیورسٹی فیصل آباد میں ڈین فیکلٹی آف اسلامک اینڈ اورینٹل لرننگ کے عہدہ پر فائز ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس نے اپنے مقالہ بعنوان ''حضرت مجدد الف ثانیؒ کا فقہی ذوق اور اس کے اثرات'' کے حوالے سے انتہائی اختصار سے کام لیتے ہوئے اپنے خیالات کا اظہار فرمایا (مفصل مقالہ زیر نظر کتاب میں مقالات کے باب میں ملاحظہ کیا جا سکتا ہے)۔

ترکی سے تعلق رکھنے والے اور ہمارے ملک کی معروف درس گاہ پنجاب

Marfat.com

یونیورسٹی کے شعبہ اورینٹل سٹڈیز میں رومی چیئر پر فائز ڈاکٹر ڈرمش بُلگُر نے اپنے مقالہ بعنوان ''ترکی میں فکر مجدد کے اثرات'' اپنا وقیع مقالہ پیش کیا۔

فخر المحققین پروفیسر محمد اقبال مجددی نے کانفرنس کے موقع پر شائع ہونے والی کتاب ''خلاصۃ المعارف'' کا تعارف پیش کیا جس کی تفصیلات زیر نظر کتاب میں مقالات کے باب میں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں۔آپ کی گفتگو کے بعد ممتاز ریسرچ سکالر ڈاکٹر مجیب احمد چیئر مین شعبہ تاریخ انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد ''حضرت مجدد الف ثانی یورپ میں'' کے عنوان پر اپنا وقیع مقالہ پیش کیا۔اس کے بعد محمد احمد نقشبندی مجددی نے کلام اقبال بحضور حضرت امام ربانی انتہائی خوش الحانی سے پیش کیا جس سے اہل مجلس کو خاص کیف وسرور حاصل ہوا۔منقبت کے بعد جسٹس ریٹائرڈ نذیر احمد غازی نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حضرت مجدد الف ثانیؒ کی تعلیمات کا نچوڑ جوان کے مکاتیب کی روشنی میں اخذ کیا جا سکتا ہے وہ یہ ہے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دشمنوں سے دشمنی رکھنا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلاموں سے محبت رکھنا یہی اسلام ہے۔نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ناموس کی حفاظت یہی مجدد الف ثانیؒ کا درس تھا۔غازی صاحب نے مقام مجدد کو واضح کرتے ہوئے ان خیالات کا بھی اظہار کیا کہ اگر مجدد الف ثانیؒ نہ ہوتے تو مولانا فضل خیر آبادی نہ ہوتے،اگر مجدد الف ثانیؒ نہ ہوتے تو کفایت علی کافی نہ ہوتے،اگر مجدد الف ثانیؒ نہ ہوتے تو امام احمد رضا اس طرح جنگ نہ لڑتے۔

محترم نذیر غازی صاحب کے بعد ڈاکٹر محمد اسحاق قریشی صاحب صدر مرکز تحقیق فیصل آباد نے صدارتی خطبہ ارشاد فرمایا اور آخر میں افغانستان سے تعلق رکھنے والی

Marfat.com

عظیم روحانی شخصیت حضرت محمد لعل المعروف استاد صاحب مبارک مدظلہٗ العالی نے خاص انداز میں دعا فرمائی۔

اس تقریب سعید کے موقع پر امام ربّانی پبلی کیشنز کی تازہ ترین مطبوعات ارمغانِ امام ربّانی (جلد ششم) (جلد ہفتم) اور دو جلدوں پر مشتمل خلاصۃ المعارف کی رونمائی بھی کی گئی۔ سوسائٹی کی طرف سے فاضل مقالہ نگاران کو یادگاری شیلڈز اور مذکورہ بالا کتب بطور تحفہ پیش کی گئیں۔

ہال سے باہر مختلف ناشرین نے اپنے اپنے بک سٹالز بھی لگائے تھے جہاں بالخصوص تصوف کے موضوعات پر اہم کتب رکھی گئیں تھیں۔

آخر میں شرکائے مجلس کی تواضع کا اہتمام بھی تھا۔ اس طرح یہ علمی فکری اور روحانی تقریب بحسن خوبی پایا تکمیل کو پہنچی۔

Marfat.com

{1}

نام مجموعہ مقالات: شیخ سرہند

ترتیب وتدوین: جمیل اطہر

نمبر شمار	عنوان مقالہ	نام مقالہ نگار
۱۔	اللہ والوں کی سرزمین	جمیل اطہر سرہندی
۲۔	حضرت امام ربّانی	جمیل اطہر سرہندی
۳۔	صاحب اسرار	جمیل اطہر سرہندی
۴۔	بے تیغ بھی لڑتا ہے سپاہی	جمیل اطہر سرہندی
۵۔	مسلم قومیت کا داعی	جمیل اطہر سرہندی
۶۔	اکبر کا دین الٰہی	جمیل اطہر سرہندی
۷۔	وحدت الوجود سے وحدت الشہود تک	جمیل اطہر سرہندی
۸۔	مجدد سے قائد تک	جناب زیڈ اے سلہری
۹۔	سرمایہ ملت کا نگہبان	پروفیسر ڈاکٹر بشیر احمد صدیقی
۱۰۔	نفس گرم کی تاثیر	پروفیسر ڈاکٹر مسعود احمد رحمۃ اللہ علیہ
۱۱۔	گرمیٔ احرار	ڈاکٹر ظہور احمد اظہر
۱۲۔	مکتوبات کے آئینے میں	صاحبزادہ میاں جمیل احمد شرقپوری
۱۳۔	احیائے دین کا نور	سید انور علی ایڈووکیٹ

Marfat.com

۱۴۔	زالی شان کا مجدد	صوفی غلام سرور نقشبندی مجددی
۱۵۔	دانائے راز	پروفیسر انیس احمد شیخ
۱۶۔	ولولہ حق	عبدالکریم ثمر
۱۷۔	تجدید دین	پروفیسر محمد عارف اظہر
۱۸۔	خواجہ باقی باللہ کی نظر میں	پروفیسر ڈاکٹر غلام سرور
۱۹۔	آفتاب درخشاں	ڈاکٹر سرفراز احمد نعیمی
۲۰۔	اقبال کی نظر میں	ڈاکٹر رحیم بخش شاہین
۲۱۔	بہترین جہاد	پروفیسر سعید احمد خاں
۲۲۔	صراط مستقیم	پروفیسر حافظ اعتبار احمد خاں
۲۳۔	مرید سے مراد تک	پروفیسر عبدالعزیز خان نیازی

{2}

نام مجموعہ مقالات: افکار حضرت مجدد الف ثانی اور عصر حاضر

ترتیب وتدوین: سرور ملت حضرت صوفی غلام سرور نقشبندی مجددی رحمۃ اللہ علیہ

تاریخ انعقاد و مقام: ۱۷۔اپریل ۲۰۰۴ بروز ہفتہ بوقت ۴ بجے سہ پہر کانفرنس ہال ہمدرد مرکز لٹن روڈ لاہور

نمبر شمار	عنوان مقالہ	مقالہ نگار
۱۔	حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ	صوفی غلام سرور نقشبندی مجددی

Marfat.com

۲۔	دوقومی نظریہ اور تحریک حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ	پروفیسر قاری مشتاق احمد
۳۔	حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ پاکستان کے اولین بانی	مجیب الرحمن شامی
۴۔	فکر حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ مکتوبات کے آئینے میں	مفتی محمد صدیق ہزاروی
۵۔	حضرت امام اعظم رضی اللہ عنہ حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ کی نظر میں	ڈاکٹر محمد اشرف آصف جلالی
۷۔	اللہ والوں کی سرزمین	جمیل اطہر سرہندی

نام مجموعہ مقالات: ارمغانِ امام ربانی (جلد اول)

ترتیب وتدوین: سرور ملت حضرت صوفی غلام سرور نقشبندی مجددی رحمۃ اللہ علیہ

تاریخ انعقاد ومقام: ۲۴۔اپریل ۲۰۰۵ بروز اتوار بوقت ۱۰ بجے دن ایوان اقبال ایجرٹن روڈ لاہور

نمبر شمار	عنوان مقالہ	مقالہ نگار
۱۔	حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد فاروقی سرہندی قدس سرہٗ	حضرت مولانا شاہ ابوالحسن زید فاروقی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

۲۔	جہان امام ربانی مجدد الف ثانی قومی کانفرنس کا اجمالی جائزہ، اظہار تشکر و امتنان	صوفی غلام سرور نقشبندی مجددی
۳۔	تعارف امام ربانی فاؤنڈیشن (انٹر نیشنل) کراچی	مولانا جاوید اقبال مظہری مجددی
۴۔	تعارف جہان امام ربانی	علامہ محمد رضوان احمد خان نقشبندی
۵۔	امام ربانی مجدد الف ثانی	صاحبزادہ ابوالسرور محمد مسرور احمد
۶۔	حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کا لاہور سے رابطہ	پروفیسر محمد اقبال مجددی
۷۔	شریعت، طریقت اور حقیقت امام ربانی کی نظر میں	پروفیسر قاری مشتاق احمد
۸۔	حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ اور ترویج شریعت	پروفیسر محمد احسان ہاشمی
۹۔	امام ربانی مجدد الف ثانی حضرت شیخ احمد فاروقی سرہندی رحمۃ اللہ علیہ بحیثیت فقیہ اسلام	علامہ مفتی صدیق ہزاروی
۱۰۔	حضرت مجدد الف ثانی کے تفسیری نکات	ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس
۱۱۔	حضرت مجدد رحمۃ اللہ علیہ اور عشق رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	ڈاکٹر محمد اشرف آصف جلالی
۱۲۔	عقیدہ ختم نبوت اور حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ	پروفیسر سید شبیر حسین شاہ زاہد

Marfat.com

۱۳۔	نقشبندی مشائخ اور تحفظ ناموس رسالت	ڈاکٹر سید ریاض الحسن گیلانی
۱۴۔	حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کی عربی نگارشات	پروفیسر ڈاکٹر محمد اسحاق قریشی
۱۵۔	بلوچستان میں سلسلہ نقشبندیہ مجددیہ کی ممتاز خانقاہیں	ڈاکٹر سلطان الطاف علی
۱۶۔	خانوادۂ مجددیہ سے قائداعظم کے اجداد کی عقیدت	سید صابر حسین شاہ بخاری
۱۷۔	حضرت شیخ احمد سرہندی رحمۃ اللہ علیہ اور مستشرقین	ڈاکٹر سلطان شاہ
۱۸۔	شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کی تحریک احیاء دین	پروفیسر محمد اقبال مجددی
۱۹۔	سرہند شریف، اللہ والوں کی سرزمین	جمیل اطہر سرہندی
۲۰۔	خطبہ صدارت	مفتی اعظم ہند علامہ ڈاکٹر محمد مکرم احمد

نام مجموعہ مقالات: فکر امام ربّانی

ترتیب وتدوین: سرور ملت حضرت صوفی غلام سرور نقشبندی مجددی رحمۃ اللہ علیہ

تاریخ انعقاد ومقام: ۱۸۔ مارچ ۲۰۰۷ بروز اتوار بوقت ۲ بجے بعد دوپہر کانفرنس ہال ہمدرد مرکز لٹن روڈ لاہور

نمبر شمار	عنوان مقالہ	مقالہ نگار

Marfat.com

۱۔	آئینہ فاروق اعظم (امام ربانی مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ)	مولانا جاوید اقبال مظہری مجددی
۲۔	دوقومی نظریہ اور امام ربانی مجدد الف ثانی.....	پروفیسر قاری مشتاق احمد
۳۔	حضرت مجدد الف ثانی .....کا نظام تبلیغ	علامہ مفتی محمد صدیق ہزاروی
۴۔	حضرت امام ربانی .....کے تجدیدی کارنامے اور عصر حاضر	پروفیسر ڈاکٹر محمد اسحاق قریشی
۵۔	حضرت مجدد الف ثانی .....اور حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی .....کے روابط	پروفیسر محمد اقبال مجددی
۶۔	حضرت مجدد کا تصور اجتہاد	ڈاکٹر سید ریاض الحسن گیلانی
۷۔	حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ اور سرمایہ ملت کی نگہبانی	ڈاکٹر محمد اشرف آصف جلالی
۸۔	اشاعت مسلک اہل سنت اور حضرت مجدد رحمۃ اللہ علیہ کے اولاد و احفاد	صاحبزادہ سید محمد نوید الحسن شاہ المشہدی
۹۔	صدارتی خطبہ	صاحبزادہ ابوالسرور محمد مسرور احمد

{5}

نام مجموعہ مقالات: نذر مجدد

ترتیب وتدوین: سرور ملت حضرت صوفی غلام سرور نقشبندی مجددی رحمۃ اللہ علیہ

تاریخ انعقاد و مقام: ۹ مارچ ۲۰۰۸ء بروز اتوار بوقت ۲ بجے بعد دوپہر سماع ہال دربار حضرت داتا گنج بخش لاہور

Marfat.com

نمبر شمار	عنوان مقالہ	مقالہ نگار
۱۔	دربار رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حضرت مجدد الف ثانی کی مقبولیت	مولانا جاوید اقبال مظہری مجددی
۲۔	حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے مقامات عالیہ	صاحبزادہ ابوالسرور محمد مسرور احمد
۳۔	مکتوبات امام ربانی میں عقائد اہل سنت	صوفی غلام سرور نقشبندی مجددی
۴۔	حضرت مجدد علیہ الرحمہ کے اہداف ۔نظریات یا شخصیات	پروفیسر قاری مشتاق احمد
۵۔	حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ نے ملت اسلامیہ کو تفرقہ میں مبتلا نہیں کیا	علامہ مفتی محمد صدیق ہزاروی
۶۔	حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کا نظریہ جہاد	پروفیسر ڈاکٹر محمد اسحاق قریشی
۷۔	مجاہدین اسلام کو حضرت مجدد کے نصائح	پروفیسر راغب الیاس شاہ
۸۔	حضرت مجدد علیہ الرحمہ کی مجاہدانہ تبلیغ سے جہانگیر کے رویے میں تبدیلی	علامہ ڈاکٹر محمد اشفاق جلالی
۹۔	حضرت مجدد کے خسر شیخ تھانیسری کی جلاوطنی اور شہادت	پروفیسر محمد اقبال مجددی
۱۰۔	وحدۃ الشہود گرہ کشائے وحدۃ الوجود	ڈاکٹر محمد اشرف آصف جلالی
۱۱۔	مکتوبات امام ربانی کے مآخذ	ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس

Marfat.com

۱۲۔	شیخ سلطان اور مجددیت	محمد خلیل مجددی
۱۳۔	صدارتی خطبہ	مفتی محمد معظم احمد

{6}

نام مجموعہ مقالات: ارمغان امام ربانی (جلد دوم)

ترتیب وتدوین: پروفیسر ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس

تاریخ انعقاد و مقام: ۲۲ر فروری ۲۰۱۰ء بروز اتوار سماع ہال دربار حضرت داتا گنج بخش لاہور

نمبر شمار	عنوان مقالہ	مقالہ نگار
۱۔	حضرت مجدد علیہ الرحمۃ اور دو قومی نظریہ	ڈاکٹر ظہور احمد اظہر
۲۔	تعلیمات مجددیہ کی ضرورت اور عصر حاضر	ڈاکٹر محمد اسحاق قریشی
۳۔	حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے اپنی طرف دعوت نہیں دی، اتباع سنت اور اکابر اہلسنت کی طرف متوجہ کیا	پروفیسر قاری مشتاق احمد
۴۔	عالمی سطح پر سلسلہ نقشبندیہ مجددیہ کا اثر ورسوخ	پروفیسر محمد اقبال مجددی
۵۔	تکفیر مسلم میں حضرت مجددؒ کا ربط	ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس
۶۔	حضرت مجدد علیہ الرحمۃ کے اوراد و وظائف	پروفیسر راغب الیاس شاہ
۷۔	معارف (اعظم گڑھ) میں تذکارِ مجدد	ڈاکٹر حافظ محمد سجاد

Marfat.com

۸۔	حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کا دعوتی منہج واسلوب	ڈاکٹر محمد اکرم ورک
۹۔	حضرت مجدد علیہ الرحمۃ کے تعلیمی نظریات	ڈاکٹر محفوظ احمد
۱۰۔	حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ کا عربی اسلوب نگارش (عربی مکاتیب کی روشنی میں)	ڈاکٹر حافظ افتخار احمد خان
۱۱۔	رسالہ تہلیلیہ کا اسلوبِ نگارش	ڈاکٹر ممتاز احمد سدیدی
۱۲۔	مکتوباتِ امام ربانی کے فکری اور عملی پہلو	پروفیسر محمد عظیم فاروقی
۱۳۔	روداد	محمد ناظم بشیر نقشبندی مجددی

{7}

نام مجموعہ مقالات: ارمغان امام ربانی (جلد سوم)

ترتیب وتدوین: پروفیسر ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس

تاریخ انعقاد ومقام: ۱۴ر فروری ۲۰۱۱ء بروز اتوار ایوان اقبال ایجرٹن روڈ لاہور

نمبر شمار	عنوان مقالہ	مقالہ نگار
۱۔	علوم شرعیہ کی ترویج میں حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کی کوششیں اور ان کے ثمرات	ڈاکٹر محمد اسحاق قریشی
۲۔	عوارف المعارف: مکتوبات امام ربانی کی روشنی میں	پروفیسر قاری مشتاق احمد

Marfat.com

۳۔	لطائف المدینہ: حضرت خواجہ محمد معصوم سرہندیؒ کے احوال کا ایک اہم ماخذ	پروفیسر محمد اقبال مجددی
۴۔	عمدۃ الاسلام: حضرت مجدد الف ثانیؒ کی پسند فرمودہ کتاب	ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس
۵۔	اصلاح باطن وتزکیہ نفس مکتوبات امام ربّانی کی روشنی میں	ڈاکٹر حافظ محمد سجاد
۶۔	اثباۃ النبوۃ کے ادبی محاسن	ڈاکٹر حافظ افتخار احمد خان
۷۔	میر نعمانؒ کے نام خطوط میں تعلیم وتربیت اور اصلاح احوال کے حوالے سے حضرت مجدد علیہ الرحمۃؒ کا منہج واسلوب	ڈاکٹر محمد اکرم ورک
۸۔	حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کا طریق تربیت	پروفیسر راغب الیاس شاہ
۹۔	ایصال ثواب: مکتوبات امام ربّانی کی روشنی میں	پروفیسر محمد عظیم فاروقی

مکاتیب

۱۰	ڈاکٹر محمد مسعود احمدؒ کے مکاتیب میاں محمد صادق قصوری کے نام

Marfat.com

۱۱	ڈاکٹر محمد مسعود احمدؒ کے مکاتیب صاحبزادہ بدر السلام صدیقی کے نام

{8}

نام مجموعہ مقالات: ارمغان امام ربانی (جلد چہارم)

ترتیب وتدوین: پروفیسر ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس

تاریخ انعقاد ومقام: ۳۰ر جنوری ۲۰۱۱ء بروز اتوار ایوان اقبال ایجرٹن روڈ لاہور

نمبر شمار	عنوان مقالہ	مقالہ نگار
۱۔	حضرت مجدد الف ثانیؒ کی تعلیمات، کمالات واحسانات	پروفیسر آغا پیر نثار احمد جان سرہندی
۲۔	دور حاضر میں صوفیہ کا کردار	ڈاکٹر محمد اسحاق قریشی
۳۔	ابن عربیؒ مکتوبات امام ربانیؒ کی روشنی میں	پروفیسر قاری مشتاق احمد
۴۔	مجددی تحریک اور اس کے اثرات	پروفیسر محمد اقبال مجددی
۵۔	پاکستان میں حضرت مجدد الف ثانیؒ کی تعلیمات پر عمل کی ضرورت	ڈاکٹر سلطان الطاف علی
۶۔	مقام نبوت کا تحفظ: حضرت مجددؒ کی خدمات	ڈاکٹر محمد اشرف آصف جلالی

Marfat.com

۷۔	مقام صحابہؓ: حضرت مجددؒ کے افکار کی روشنی میں	ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس
۸۔	سماجی فلاح و بہبود حضرت مجددؒ کے افکار کی روشنی میں	ڈاکٹر حافظ محمد سجاد
۹۔	حضرت مجددؒ بحیثیت خادم قرآن	ڈاکٹر عبدالحمید عباسی
۱۰۔	رسالہ تہلیلیہ کے ادبی محاسن	ڈاکٹر حافظ افتخار خان
۱۱۔	خان خاناںؒ کے نام حضرت مجدد الف ثانیؒ کے خطوط کی دعوتی، سماجی اور سیاسی اہمیت	ڈاکٹر محمد اکرم ورک

مکاتیب

۱۲۔	ڈاکٹر محمد مسعود احمدؒ کے مکاتیب پروفیسر محمد اقبال مجددی کے نام

{9}

نام مجموعہ مقالات: ارمغان امام ربانی (جلد پنجم)

ترتیب وتدوین: پروفیسر ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس

تاریخ انعقاد ومقام: ۱۵ر جنوری ۲۰۱۲ء بروز اتوار ایوان اقبال ایجرٹن روڈ لاہور

نمبر شمار	عنوان مقالہ	مقالہ نگار

Marfat.com

۱۔	پاکستانی خانقاہوں میں تعلیمات مجددیہ کے احیاء کی ضرورت	ڈاکٹر محمد اسحاق قریشی
۲۔	مکتوبات امام ربّانی کے درس کی اہمیت عصر حاضر کے تناظر میں	پروفیسر محمد اقبال مجددی
۳۔	نقشبندی حضرات اور ترویج شریعت	پروفیسر قاری مشتاق احمد
۴۔	حضرت مجدد الف ثانی اور عقائد اہل سنت	ڈاکٹر محمد شریف سیالوی
۵۔	مطالعہ فکر مجدد کی عصری اہمیت	علامہ رضاء الدین صدیقی
۶۔	مقام اہل بیت: حضرت مجددؒ کے افکار کی روشنی میں	ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس
۷۔	مبدأ و معاد: موضوعاتی جائزہ	ڈاکٹر حافظ افتخار احمد خان
۸۔	نقشبندی سلسلے کے اصل مآخذ کی اشاعت اور اس کی ضرورت	محمد ناظم بشیر

مکاتیب

۹۔	مولانا ابوالحسن زید فاروقی کے مکاتیب پروفیسر محمد اقبال مجددی کے نام (مع حواشی)

Marfat.com

۱۰۔	پروفیسر محمد اقبال مجددی کے مکاتیب پروفیسر ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان کے نام
۱۱۔	پروفیسر ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان کے مکاتیب پروفیسر محمد اقبال مجددی کے نام (مع حواشی)

نام مجموعہ مقالات: ارمغان امام ربانی (جلد ششم)

ترتیب وتدوین: پروفیسر ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس

تاریخ انعقاد ومقام: 26 نومبر 2017ء بروز ہفتہ بمقام ایوان اقبال ایجرٹن روڈ لاہور

1۔	کیا شیخ احمد سرہندیؒ کو ان کی زندگی میں مجدد الف ثانی کہا جاتا تھا؟	پروفیسر محمد اقبال مجددی
2۔	فقہی اجتہاد میں حضرت مجدد الف ثانیؒ کا مرتبہ	ڈاکٹر محمد اسحاق قریشی
3۔	العرف الندی لنصرۃ الشیخ احمد سرہندی	ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس
4۔	فکر مجدد پر مولانا رومی کے اثرات	ڈاکٹر محمد درمش بُلگر (ترکی)
5۔	حضرت مجدد الف ثانی کا نظریہ وحدۃ الشہود: پس منظر اور اثرات	ڈاکٹر محمد اکرم ورک

Marfat.com

6۔	عصر حاضر میں علماء کی ذمہ داریاں حضرت مجدد الف ثانیؒ کے افکار کی روشنی میں	محمد افضل سعید
7۔	حضرت مجدد الف ثانیؒ اور حقیقت نماز	مولانا جاوید اقبال مظہری
8۔	معارف امام ربانی ے احیاء میں پاکستان کا حصہ	محمد ناظم بشیر

گوشۂ تحقیقات محمد اقبال مجددی

9	حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ
10۔	حضرت امام ربانی کے خلاف لکھے جانے والے رسائل
11۔	حضرت مجدد الف ثانیؒ کے دفاع مین لکھی جانے والی کتابیں
12۔	جامعین مکتوبات
13۔	مکتوبات امام ربانی کے خطی نسخے
14۔	مکتوبات حضرت مجدد الف ثانیؒ کے مکتوب الیھم کے تراجم (ضمیمہ مکتوبات امام ربانی)
15۔	ترکی میں منعقدہ حضرت مجدد الف ثانیؒ پر پہلا بین الاقومی سیمپوزیم
16۔	میر محمد نعمان بدخشیؒ اولین خلیفہ حضرت مجدد الف ثانیؒ
17۔	شیخ اسماعیل رشدی: کلیات خواجہ باقی باللہ کے جامع و مدون

روئدادیں

Marfat.com

18۔	روٗدار 36ویں سالانہ امام ربّانی مجدد الف ثانی کانفرنس
19۔	روٗدار تقریب افتتاح ذخیرہ کتب پروفیسر محمد اقبال مجددی
20۔	پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں ایک اہم لیکچر
21۔	رپورٹ (سیمینار 2015)
22۔	تعارف مجدد الف ثانی سوسائٹی لاہور
23۔	سابقہ کانفرنسز میں پیش کئے جانے والے مقالات کے عنوانات

برائے رابطہ:

دفتر مجدد الف ثانی سوسائٹی، لاہور، پاکستان

واقع

35-C کمرشل ایریا این ایف سی ہاؤسنگ سوسائٹی، فیز 1، لاہور

0300-4299321.....0323-9990970

nazim_bashir72@Yahoo.com

www.mujaddidway.com

Marfat.com

ALL RIGHTS RESERVED WITH PUBLISHER

Title: Armagan-e-Imam-e-Rabbani(Vol-8)

Editor: Dr.Muhammad Humayun Abbas Shams

Ph.D (B.Z.University Multan, Pakistan)
Post Doc. (University of Glasgow, U.K.)

Published by: Muhammad Nazim

Prof Reading: Shahid Hussain

Calligraphy: Ahmad Ali Bhutta

First Edition: November,2017

Publisher: Imam-e-Rabbani Publications,
Lahore,Pakistan

Pages: 520

Contact:

- 35-C(1st Floor) NFC Housing Society Phase-1 Lahore Pakistan
- Office: Daily Juraat, Tijarat and The Business 14-Davis Road, Lahore

Cell:0092300-4299321 0300-6659771
www.mujaddidway.com

297-4 Armagan-e-Imam-e-Rabbani edited by
Humayun Abbas

ARM
Lahore, Sher-e-Rabbani Publications, 2012
P 520

1.Sufiism

Marfat.com

proceeding of

Imam-e-Rabbani

International Conference

held on 26th November 2017

at Awain-e-Iqbal , Lahore

Armaghan-e-Imam-e-Rabbani



EDITOR:

Dr.Muhammad Humayun Abbas Shams

Vol-VIII

Published by

Muhammad Nazim

Publisher

Imam-e-Rabbani Publications

Lahore - Pakistan

Marfat.com

ارمغانِ امامِ ربّانی

جلد ہشتم

ترتیب و تدوین

ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس

باھتمام:

محمد ناظم بشیر

امام ربانی پبلیکیشنز لاہور پاکستان

Marfat.com